DAILY POWER OF PAKISTAN

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد نمبر 02 | بدھ 12 نومبر 2025ء 18 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 91

ترقی اور امن کا راز سائنس و ٹیکنالوجی میں پنہاں ہے

عوام کی خوشحالی امن وسکون اور پائیدار مستقبل کیلئے سائنس ہی راستہ بناتی ہے، یہ دن روزمرہ زندگی اور امن وسکون کے لئے سائنس کی اہمیت کا عوامی شعور بیدار کرنے کیلئے منایا جاتا ہے

نوجوان نسل کو امن اور ترقی کے لئے سائنس میں پیش قدمی اور ریسرچ سے آگاہ رہنا ہوگا، حکومت پنجاب نوجوان نسل خاص طور پر طلبہ کو سائنسی ریسرچ سے استفادہ کرنے کی ترغیب پر عمل پیرا ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ترقی اور امن کا راز سائنس اور ٹیکنالوجی میں پنہاں ہے، نوجوان ٹیکنالوجی اور سائنسی علوم میں اپنی بھرپور (بقیہ نمبر 1)

لاہور صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں۔

سینیٹ، صدر مملکت کو تاحیات گرفتار نہ کرنے کی شق کثرت رائے سے منظور

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے صدر مملکت کو 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے تاحیات استثنیٰ (بقیہ نمبر 2)

پارٹی پالیسی کیخلاف ووٹ کرنے والے کیخلاف کارروائی ہوگی، مولانا غفور حیدری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنما مولانا غفور حیدری نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کیش لیس معیشت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ کی برازیل کے شہر بیلم میں عالمی کوپ 30 کانفرس میں شرکت

کوپ 30 کانفرنس میں پاکستان پویلین کا افتتاح، پنجاب میں ماحولیاتی بہتری کے اقدامات پر کلیدی خطاب شیڈول میں شامل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف برازیل کے شہر بیلم میں عالمی کوپ 30 کانفرس میں باقاعدہ طور پر شرکت کریں گی۔ پاکستان پویلین کا افتتاح اور اس موقع پر خطاب بھی کریں گی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر تعلیم رانا سکندر اور وزیر لوکل (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا پروفیسر ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پروفیسر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 20 دہشتگرد ہلاک

اپنی انسدادِ دہشت گردی مہم پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے، آئی ایس پی آر کا اعلامیہ

راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز نے 2 مختلف کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے 20 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 8 اور 9 نومبر کو خیبر پختونخوا میں دو الگ الگ آپریشنز کیے گئے، اس دوران بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنہ الخوارج کے 20 دہشت گرد مارے گئے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ شمالی وزیرستان (بقیہ نمبر 6)

صدر کا خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر خراجِ تحسین

''عزمِ استحکام'' کے تحت دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، آصف علی زرداری کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''عزمِ استحکام'' کے تحت دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شوال، ضلع شمالی وزیرستان اور درہ آدم خیل میں فتنہ الخوارج کے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی قطر کی شوریٰ کونسل کے سپیکر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان تحریک انصاف اور اپوزیشن اتحاد کا 27ویں آئینی ترمیم پر گہری تشویش کا اظہار

آئین پاکستان، سپریم کورٹ، جمہوریت اور دیگر آئینی اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف اور اپوزیشن اتحاد نے 27ویں آئینی ترمیم پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے آئین پاکستان، سپریم کورٹ، جمہوریت اور دیگر آئینی اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی (بقیہ نمبر 9)

کیش لیس معیشت سے کرپشن میں کمی آئیگی



وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کیش لیس معیشت کے اقدامات پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، شرکا کو وزیرِ اعظم کے کیش لیس معیشت کے ویژن کے تحت حکومتی اقدامات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا

پوری دنیا ڈیجیٹل معیشت کی جانب تیزی سے گامزن ہے، پاکستان کو دنیا کے ساتھ قدم ملا کر چلنا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ روز اول سے پاکستان کو ڈیجیٹل نیشن بنانے کے لیے اقدامات کو ترجیح دی جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کیش لیس معیشت کے ذریعے گورننس کی بہتری اور کرپشن میں خاطر خواہ کمی آئے گی، کیش لیس معیشت کے وضع کردہ اہداف کا معینہ مدت میں حصول یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کیش لیس معیشت کے اقدامات پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، شرکا کو وزیرِ اعظم کے کیش لیس معیشت کے ویژن کے تحت حکومتی اقدامات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ معیشت کو کیش لیس کرنے کے لیے جاری اقدامات کا ملکی معیشت کی پائیدار ترقی میں کلیدی (بقیہ نمبر 10)

وعدے کے مطابق ترمیمی بل پہلے سینیٹ میں لائے، اسحاق ڈار

آئینی ترامیم عدالتی نظام میں بہتری کیلئے کی گئی ہیں، موجودہ چیف جسٹس سمیت تمام ججز کی سینیارٹی برقرار رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے قائد ایوان اور نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وعدے کے مطابق بل پہلے سینیٹ میں لے کر آئے، تاریخی بل سینیٹ سے منظور ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ جلاس سے خطاب میں اسحاق ڈار نے کہا کہ (بقیہ نمبر 14)

سینیٹر عرفان صدیقی شدید علیل، آئی سی یو میں زیر علاج

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی شدید علالت کے باعث اسپتال (بقیہ نمبر 13)

مولانا فضل الرحمان بنگلہ دیش کے دورے پر چلے گئے



لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان بنگلہ دیش کے (بقیہ نمبر 12)

اے ٹی سی راولپنڈی، عدم پیشی پر علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی نے 8ویں مرتبہ علیمہ خان کے ناقابل (بقیہ نمبر 11)

کمانڈر آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ آرمی کے پاس ہی رہے گا، وزیر دفاع

ہوسکتا ہے کوئی مزید ترمیم ہوجائے، ججز کے ٹرانسفر سے حکومت کا کوئی تعلق نہیں، یہ جوڈیشری کا اپنا معاملہ ہوگا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ میری رائے کے مطابق کمانڈر آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) کا عہدہ آرمی کے پاس ہی رہے گا، ترمیم ابھی منظور ہونی ہے، ہوسکتا ہے کوئی مزید ترمیم ہوجائے، ججز کے ٹرانسفر سے حکومت کا کوئی تعلق نہیں، یہ جوڈیشری کا اپنا معاملہ ہوگا۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ سپریم کورٹ میں 55 ہزار کیسز زیر التوا ہیں، 15 فیصد سے (بقیہ نمبر 28)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن، اسلام آباد بار ایسوسی ایشن میں وکلاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

73 کے آئین کی رو کے منافی آئین میں کوئی ترمیم نہیں ہونے دیں گے' گورنر پنجاب

صوبائی خودمختاری ہر صورت میں قائم رہنی چاہیے، 27ویں ترمیم کے ذریعے پاکستان کا دفاع مزید مضبوط ہوگا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین میں ایسی کوئی ترمیم نہیں ہونے دے گی جو 1973ء کے آئین کی رو کے منافی ہو، 27ویں ترمیم کے ذریعے پاکستان کا دفاع مزید مضبوط ہوگا، حضرو میں پاسپورٹ آفس کے قیام سے علاقے کے عوام کو سہولت میسر آئیں گی، علاقے کے لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوششیں کرتا رہوں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع اٹک کی تحصیل حضرو میں پاسپورٹ دفتر (بقیہ نمبر 31)

فیلڈ مارشل کو استثنیٰ دینے سے آرٹیکل 6 ختم نہیں ہوتا، رانا ثناء اللہ

ایک شخص کو قومی ہیرو کا درجہ دے کر واپس لینے والا مذاق نہیں ہونا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل کو استثنیٰ دینے سے آرٹیکل 6 ختم نہیں ہوتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس ترمیم لانے کے لیے نمبر گیم پورے ہیں، حکومت کو ترامیم لانے کے لیے 65 اراکین کی حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 248 میں ترمیم قومی ہیروز اور آئینی عہدہ رکھنے والوں کی تعظیم ہے، ایک شخص کو قومی (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد تحریک انصاف اور اپوزیشن اتحاد کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہو رہا ہے

آئی جی پنجاب نے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے، نوٹیفکیشن جاری

طارق ولایت کو ایس ایس پی ریسرچ اینڈ اینیلیسز سی ٹی ڈی پنجاب تعینات

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور نے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لیہ علی وسیم کو ڈی پی او ڈیرہ غازی خان، یہاں پر تعینات کیپٹن (ر) طارق ولایت کو ایس ایس پی ریسرچ اینڈ اینیلیسز سی ٹی ڈی پنجاب، اے آئی جی ویلفیئر سید عبدالرحیم شیرازی کو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (بقیہ نمبر 33)

لاہور میں پولیو ٹیم پر حملہ کرنے والی خواتین کو گرفتار کرلیا گیا

ملزمہ ثمینہ بی بی نے اپنی بیٹیوں کے ہمراہ پولیو ٹیم پر حملہ کیا' ایس پی ماڈل ٹاؤن

لاہور (این این آئی) پولیو ٹیم پر کرنے والی خاتون کو دو بیٹیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا۔ کوٹ لکھپت میں پولیو ٹیم پر حملے میں خاتون ورکر کے زخمی ہونے کے واقعہ پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون کو دو بیٹیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق واقعہ (بقیہ نمبر 36)

عالمی تبلیغی اجتماع کا دوسرا مرحلہ 13 نومبر سے شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) عالمی تبلیغی اجتماع کا دوسرا مرحلہ 13 نومبر بروز جمعرات سے شروع ہوگا جو 16 نومبر بروز اتوار دعا پر اختتام پذیر ہوگا، دوسرے مرحلے میں گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، نارووال، منڈی بہاؤالدین، شیخوپورہ، حافظ آباد، گلگت بلتستان کے (بقیہ نمبر 34)

سول سیکرٹریٹ میں الیکٹرک گاڑیوں کے لئے چارجرز لگا دیئے گئے

لاہور (این این آئی) سول سیکرٹریٹ میں الیکٹرک گاڑیوں کے لئے محکمہ آرکائیو کی عمارت کے پاس چارجرز لگا دیئے گئے۔ (بقیہ نمبر 35)

ترک صدر کا پاک افغان تنازع کے حل کیلئے وفد بھیجنے کا اعلان

ترک وزیر خارجہ، وزیر دفاع اور انٹیلی جنس چیف کا دورہ پاکستان متوقع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور افغان طالبان حکومت کے درمیان مذاکرات سے متعلق ترک وزیرِ خارجہ، وزیرِ دفاع اور انٹیلی جنس چیف کا دورہ پاکستان متوقع ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان اور ترک حکام دورے کی تاریخ طے کر رہے ہیں، ترک وفد کے دورے کی تاریخ کا ایک دو روز میں طے ہونے کا امکان ہے۔ ترک صدر نے کہا کہ ترکیہ حکام کا دورہ پاک افغان کشیدگی پر بات چیت کے لیے ہے۔ ترکیہ، پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کا کردار (بقیہ نمبر 17)

کے پی میں سرکاری ملازمین کے تقرر و تبادلوں اور بھرتیوں پر عائد پابندی ختم

مذکورہ پابندی وزیراعلیٰ نے کابینہ کی عدم تشکیل کے باعث عائد کی تھی، رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کے تقرر و تبادلوں اور بھرتیوں پر عائد پابندی اٹھالی گئی۔ مذکورہ پابندی وزیراعلیٰ نے کابینہ کی عدم تشکیل کے باعث عائد کی تھی، کابینہ کی تشکیل کے بعد اب پابندی اٹھالی گئی ہے۔ گریڈ 17 اور اس سے اوپر کی آسامیوں پر تبادلے متعلقہ انتظامی سیکرٹری، وزیر، مشیر یا معاون خصوصی کی اجازت سے ہوں گے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ بھرتیوں پر بھی عائد پابندی ختم کر دی گئی۔ بھرتی کا عمل میرٹ پر کیا جائے، گریڈ 20 کے (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی موجودگی میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راجہ منصور احمد، اسپیشل سیکرٹری ہیلتھ عون عباس پی ایچ اے ملازمین کو کلینک آن وہیل کی سہولت فراہمی کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ کا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی غیر معیاری دودھ کی تلفی کی کارروائیوں پر اظہار برہمی

اگر غیر معیاری دودھ یا گوشت مالِ مقدمہ ہی تلف کر دیا جائے تو پھر ملزمان کو سزا کیسے دی جاسکتی ہے؟' ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مضر صحت اور غیر معیاری دودھ تلف کرنے کی کارروائیوں پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اگر غیر معیاری دودھ یا گوشت مالِ مقدمہ ہی تلف کر دیا جائے تو پھر ملزمان کو سزا کیسے دی جاسکتی ہے؟، عدالت نے معاملے کی حساسیت اور قانونی تشریح کی ضرورت کے پیش نظر لارجر بینچ بنانے کی سفارش کردی۔ جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس محمد طارق ندیم پر مشتمل دو رکنی بینچ نے (بقیہ نمبر 20)

لاہور ہائیکورٹ کا سموگ تدارک پر حکومتی اقدامات پر عدم اطمینان کا اظہار

اگر موثر اقدامات تین ماہ پہلے شروع کر دیے جاتے تو آج حالات بہت بہتر ہوتے' ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ کے تدارک کے لیے حکومتی وانتظامی اداروں کی کارکردگی پر شدید عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ اگر موثر اقدامات تین ماہ پہلے شروع کر دیے جاتے تو آج حالات بہت بہتر ہوتے۔ جسٹس شاہد کریم نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ حکومت اور متعلقہ محکمے ہر سال اکتوبر میں جاگتے ہیں (بقیہ نمبر 22)

لاہور ہائیکورٹ کا منشیات مجرمان کی عمر قید کی سزا میں معافی پر اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) عدالت عالیہ لاہور نے کورٹ سے منشیات کے مجرمان کی عمر قید کی سزا میں معافی دینے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے آئی جی جیل اور سپرنٹنڈنٹ کوٹ لکھپت جیل کو 24 نومبر کو (بقیہ نمبر 21)

لاہور: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فاروق افضل شعبہ ریڈیالوجی میں ایک کاشر ہے ہیں۔

سابق ججز اور وکلا کا چیف جسٹس سے 27ویں آئینی ترمیم پر فل کورٹ اجلاس بلانے کا مطالبہ

سپریم کورٹ کے بنیادی ڈھانچے، اس کی آئینی حیثیت اور انصاف فراہم کرنے کی ذمہ داری میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہے، خط کا متن

اسلام آباد (این این آئی) سابق ججز اور نامور وکلا نے پیر کے روز چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ 27ویں آئینی ترمیم پر غور کیلئے فل کورٹ اجلاس طلب کریں۔ تفصیلات کے مطابق سینئر وکیل فیصل صدیقی کی جانب سے تحریر کردہ خط 9 نومبر کو لکھا گیا ہے جس کی کاپی منظر عام پر آگئی۔ سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس (ریٹائرڈ) مشیر عالم، سابق سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس (ریٹائرڈ) ندیم اختر، اور دیگر 9 نامور وکلا نے اس پر دستخط کیے اور (بقیہ نمبر 15)

سپریم کورٹ میں دوران سماعت آئینی عدالت پر جسٹس منصور کے دلچسپ ریمارکس پر قہقہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں محکمہ لائیو اسٹاک پنجاب کے ڈاکٹر اعظم علی کی ترقی سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس منصور علی شاہ نے آئینی عدالت کے قیام سے متعلق دلچسپ ریمارکس دیے، جس پر قہقہے گونج اٹھے۔ سپریم کورٹ میں جسٹس منصور علی شاہ (بقیہ نمبر 16)

لاہور: الیکشن کمشنر پنجاب شریف اللہ صوبے میں ضمنی انتخابات کے شفاف منظم اور پرامن انعقاد کے لیے تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لینے کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا گندم کی جتنی ضرورت ہے فوری فراہم کرینگے، رانا تنویر حسین

ربیع میں کسان کا نقصان پورا کرنے کے لئے انہیں بیج، کھاد مفت دے رہے ہیں، 100 ارب روپے بلاسود قرض بھی کاشتکاروں کو دیا جارہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ سیلاب سے مختلف فصلوں کا نقصان ہوا ہے، چاول 12 فیصد، گنا 3 فیصد کم ہوا ہے تاہم باقی جو اجناس حاصل ہوئی ہیں وہ مکمل طور پر قابل استعمال ہیں، صوبہ خیبر پختونخوا کو گندم کی جتنی ضرورت ہے فوری فراہم کریں گے۔ انہوں نے قومی اسمبلی میں خطاب کے دوران ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ اجناس کی کمی کے حوالے (بقیہ نمبر 19)

گورنر ہاؤس میں پاکستان افریقہ اکنامک کونسل کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت واقعی اپنی اڑان اڑ رہا ہے، بہت اچھے معاملات چل رہے ہیں یہ معاملات ایسے ہیں جو آئندہ چند ماہ میں آپ سبھی لوگوں کو نظر آئیں گے پہلی بار میں نے خود دیکھا ہماری ایس آئی ایف سی کے لوگ پاکستان کے لیے

ڈرگ فری پنجاب، صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے انسدادِ منشیات آپریشنز جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل کے لیے صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کے انسدادِ منشیات آپریشنز جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے دوران منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 86 ہزار 441 چھاپے (بقیہ نمبر 24)

پنجاب پولیس میں پروموشنز کا سلسلہ بلاتعطل جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس میں سب انسپکٹرز سے انسپکٹرز کے عہدے پر ترقی کے لیے دو روزہ پروموشن بورڈ کا اجلاس سنٹرل پولیس آفس لاہور میں شروع ہو گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب سلطان احمد چوہدری کر رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 26)

آزاد کشمیر کے عوام کے ساتھ وفاقی حکومت نے جو معاہدہ کیا ہے اس کا حکومت کی تبدیلی سے کوئی تعلق نہیں، امیر مقام

صوبہ کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے پلان بنانا چاہئے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان و صدر مسلم لیگ (ن) انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کے ساتھ وفاقی حکومت نے جو معاہدہ کیا ہے اس کا حکومت کی تبدیلی سے کوئی تعلق نہیں، اس پر عملدرآمد ہوگا، کشمیر کیلئے جتنا بھی ممکن ہوا ہم کریں گے۔ وہ پیر کو وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر مرتضیٰ جاوید عباسی اور دیگر کے ہمراہ

اٹک: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان تحصیل حضرو میں پاسپورٹ آفس کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

دھوئیں کے معائنے کی فیسوں کا نیا شیڈول، محکمہ ماحولیات کا سخت کریک ڈاؤن کا اعلان

15 نومبر کے بعد گرین سٹیکر کے بغیر کوئی گاڑی موٹروے یا شہر کے داخلی راستوں پر داخل نہیں ہوسکے گی

لاہور (این این آئی) محکمہ ماحولیات کی جانب سے پنجاب میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا اعلان کر دیا گیا۔ گاڑیوں کے دھوئیں کے معائنے کی فیسوں کا نیا اور حتمی شیڈول جاری کر دیا گیا۔ 15 نومبر کے بعد گرین سٹیکر کے بغیر کوئی گاڑی موٹروے یا شہر کے داخلی راستوں پر داخل نہیں ہوسکے گی۔ ای پی اے پنجاب نے پیڈ وہیکل ایمیشن ٹیسٹنگ کا آغاز کر دیا۔ گاڑیوں کے اخراج ٹیسٹ کی فیس لازمی طور پر (بقیہ نمبر 25)

27ویں ترمیم مکمل مسترد، کسی بھی شخص کو عدالتی استثنیٰ غیر شرعی ہے، حافظ نعیم

پاکستان کو قائم ہوئے 78 سال گزر چکے ہیں لیکن ریاستی نظام وہ سمت اختیار نہیں کر سکا جس کا خواب قائداعظم اور بانیانِ پاکستان نے دیکھا تھا

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان کا قیام اللہ کی حاکمیت کے اصول پر ہوا، نظام کو اصل رخ پر لانا ہوگا، ہم 27ویں ترمیم کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں، کسی بھی شخص کو عدالتی استثنیٰ غیر شرعی ہے۔ اپنے ایک بیان میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ہمارا باہمی تبادلہ خیال ملک وقوم کے لیے مفید اور بامقصد ثابت ہوگا، پاکستان کو قائم ہوئے 78 سال گزر (بقیہ نمبر 27)

پنجاب حکومت کا دور دراز علاقوں میں نواز شریف سکول آف ایمینس بنانے کا اعلان

جدید لیبر رکھنے والے پرائیویٹ تعلیمی ادارے اپلائی کرسکیں گے، طلباء کو مفت پڑھایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے دور دراز علاقوں میں نواز شریف سکول آف ایمینس بنانے کا اعلان کیا ہے۔ اس ضمن میں پنجاب بھر کی 165 تحصیلوں میں سکول بنائے جائیں گے جس کے لئے درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں، سکول کیلئے درخواستیں دینے کی آخری تاریخ 14 نومبر رکھی گئی۔ جدید لیبر رکھنے والے پرائیویٹ تعلیمی ادارے اپلائی کرسکیں گے۔ نواز شریف سکول آف ایمینس میں طلباء کو مفت پڑھایا جائے گا۔

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی اسمبلی آغا سراج درانی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہی ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی، ہر سال ایک کھرب ڈالر سرمایہ کاری کی ضرورت ہوگی، ایشیائی ترقیاتی بینک

ماحولیاتی و موسمیاتی نظاموں کے تحفظ سے روزگار، پیداواری صلاحیت اور مالی استحکام میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ ایشیا و بحرالکاہل کے خطے میں حیاتیاتی تنوع اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے درکار مالی خلا پر کرنے کیلئے ہر سال ایک کھرب ڈالر سے زائد سرمایہ کاری کی ضرورت ہوگی، ماحولیاتی و موسمیاتی نظاموں کے تحفظ سے روزگار، پیداواری صلاحیت اور مالی استحکام میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔ اس بات کا انکشاف ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے ایشیا پیسیفک کلائمٹ رپورٹ 2025 میں کیا گیا ہے۔

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن، گھروں اور دکانوں کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے تھانہ مارگلہ کے مختلف علاقوں میں پولیس کا گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن، 75 افراد، 15 گھروں اور 5 دکانوں کو چیک کیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق ایس پی سٹی زون کی سپر وژن میں آپریشن کیا گیا، سرچ آپریشن میں لیڈیز پولیس نے بھی حصہ لیا۔ سرچ آپریشن کے دوران گھروں اور دکانوں کے ساتھ ساتھ 40 موٹر سائیکلوں اور 30 گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا۔

پاکستان ذیابیطس کے ساڑھے تین کروڑ مریضوں کیساتھ دنیا بھر میں پہلے نمبر پر پہنچ چکا

پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تیزی سے بڑھتی تعداد انتہائی تشویشناک ہے، ماہرین

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان ذیابیطس کے ساڑھے تین کروڑ مریضوں کے ساتھ دنیا بھر میں پہلے نمبر پر پہنچ گیا ہے۔ ذیابیطس سے بچاؤ اور علاج کے سلسلے میں آگاہی دینے کے لیے فیصل آباد میں تیسری ذیابیطس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان سوسائٹی آف میڈیسن کے زیرِ اہتمام ہونے والی کانفرنس کے موقع پر طبی ماہرین نے کہا کہ پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تیزی سے بڑھتی تعداد انتہائی تشویشناک ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان تقریباً دنیا میں آبادی کے حساب سے اس وقت پہلے نمبر پر آچکا ہے، اس سلسلے میں ہمیں آگاہی فراہم کرنی ہے اور اپنے عوام اور ڈاکٹرز کو ایجوکیٹ کرنا ہے۔ کانفرنس سے خطاب کے دوران ڈاکٹرز نے کہا کہ ہسپتالوں کا رخ کرنے والے 50 فیصد مریضوں میں ذیابیطس کا مرض سامنے آرہا ہے، اس وقت اگر ہم اپنے ہسپتالوں میں دیکھیں چاہے

لاہور: ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری سب انسپکٹر سے انسپکٹر رینک پر ترقی کے لئے پروموشن بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نیب نے لیسکو میں عارضی کنکشنز پر یونٹس چارج کرنے، میٹریل خریداری میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا آغاز کر دیا

میٹریل خریداری، 10 لاکھ روپے سے زائد کی خریداری کی دستاویزات، عارضی کنکشنز کی منظوری دینے والی مجاز اتھارٹیز کا ریکارڈ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں عارضی کنکشنز پر یونٹس چارج کرنے اور میٹریل کی خریداری میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد نیب نے کمپنی سے متعلقہ ریکارڈ طلب کر کے معاملات کی جانچ شروع کر دی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق نیب نے لیسکو میں عارضی کنکشنز پر یونٹس چارج کرنے اور میٹریل خریداری میں ممکنہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو کی جانب سے منظور عارضی کنکشنز کا ریکارڈ طلب کیا گیا ہے، لیسکو سے مجموعی طور پر چارج یونٹس کا ریکارڈ مانگا گیا۔ ذرائع کے مطابق نیب نے لیسکو سے 2021ء سے 2024ء تک کے میٹریل خریداری کے ریکارڈ، 10 لاکھ روپے سے زائد کی خریداری کی دستاویزات، عارضی کنکشنز کی منظوری دینے والی مجاز اتھارٹیز کا ریکارڈ، بڑے صارفین کو یونٹس چارج کرنے کا ریکارڈ اور منظور شدہ لوڈ کی دستاویزات طلب کی ہیں۔ جانچ کا مقصد لیسکو کے عارضی کنکشنز پر چارج یونٹس اور میٹریل خریداری میں ہونے والی بے ضابطگیوں کا مکمل جائزہ لینا ہے۔

اسلام آباد میں جلد بلدیاتی الیکشن کروانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

نہ کوئی پراپرٹی ٹیکس لگ سکتا ہے نہ کوئی کام سیدھا ہو رہا ہے، عدالت کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اسلام آباد میں جلد بلدیاتی الیکشن کروانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ پیر کو جسٹس محسن اختر کیانی نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے اسسٹنٹ اٹارنی جنرل اور الیکشن کمیشن کے ڈی جی لاء سے مکالمے میں کہا کہ لوکل گورنمنٹ الیکشن نہ ہونے سے نظام کا بیڑا غرق ہو گیا ہے، نہ کوئی پراپرٹی ٹیکس لگ سکتا ہے نہ کوئی کام سیدھا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن سے متعلق عدالتی فیصلوں کی مسلسل خلاف ورزی ہو رہی ہے، حیرت اس بات پر ہے کہ جنہوں نے خود ایک دن میں الیکشن کرانے کا فیصلہ دیا، ڈویژن بینچ میں بیٹھ کر معطل کر دیا، 2021 سے آپ مسلسل قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عثمان گھمن نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن سے متعلق قانون سازی کی گئی تھی جس کی وجہ سے الیکشن تاخیر کا شکار ہوا، پارلیمنٹ کا کام ترمیم اور قانون سازی کرنا ہے۔

حلیم عادل شیخ انصاف ہاؤس کراچی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

پاکستان سے 224 زرعی گریجویٹس کا تیسرا بیچ تربیت کیلئے چین پہنچ گیا

زرعی گریجویٹس کو 9 ترجیحی شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے، بلوچستان کیلئے کوٹہ سے 10 فیصد زائد نشستیں مختص

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مزید 224 زرعی گریجویٹس تربیت کے لئے چین پہنچ گئے، چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت زراعت کی ترقی کے پروگرام کے تسلسل میں یہ تیسرا بیچ ہے جو چین پہنچا ہے۔ پہلے مرحلے میں 292 زرعی گریجویٹس تربیت مکمل کر کے وطن واپس پہنچ چکے ہیں جبکہ دوسرے بیچ کے 376 زرعی گریجویٹس اس وقت چین میں تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ پاکستان کے زرعی گریجویٹس کو 9 ترجیحی شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے جس میں بیجوں کی پیداوار اور پروسیسنگ، جدید زرعی ٹیکنالوجیز، فصلوں کی افزائش اور جینیاتی تحقیق، زرعی میکانائزیشن، پھلوں اور سبزیوں کی پروسیسنگ، جدید آبپاشی نظام، ماہی پروری، مویشیوں کی جینیاتی افزائش اور مویشیوں کی صحت سے متعلق تربیت شامل ہے۔

برائلر گوشت کی اونچی اڑان، مزید 22 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 22 روپے اضافے سے 504 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 15 روپے اضافے سے 348 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 344 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ چھ روز میں برائلر گوشت کی قیمت میں مجموعی طور پر 87 روپے اضافہ ہوا ہے۔ اوپن مارکیٹوں میں کئی مقامات پر دکاندار پرچون میں فی انڈا 30 روپے کے تناسب سے 360 روپے درجن۔

لاہور: وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل گیمز میں شرکت اور دیگر امور بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

حکومت کا صنعتی شعبے کیلئے تین سالہ بجلی انکریمنٹل پیکیج تفریق پیدا کریگا، مدثر مسعود چوہدری

تجربات کی بجائے صنعتوں کیلئے بنیادی ٹیرف میں کمی کی جائے، سینئر وائس چیئرمین پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کا صنعتی شعبے کیلئے تین سالہ بجلی انکریمنٹل پیکیج تفریق پیدا کرے گا اس لئے تمام صنعتوں کے لئے بنیادی ٹیرف میں کمی کی جائے، حکومتی پیکیج کے ساتھ منسلک شرائط بھی غیر حقیقی اور منفی اثرات کی حامل ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی انکریمنٹل پیکیج سے کچھ صنعتوں کو بجلی 30 روپے جبکہ بعض کو 38 روپے فی یونٹ ملے گی جس سے شدید بیگاؤ پیدا ہوگا، تجویز ہے کہ بیوروکریسی نت نئے تجربات کی بجائے بنیادی ٹیرف میں کمی کرے تاکہ صنعتوں کو سہارا مل سکے۔ مدثر مسعود چوہدری نے کہا کہ مہنگی توانائی کی وجہ سے پاکستان دنیا میں مسابقت کی دوڑ سے باہر ہے۔

خواجہ سلمان رفیق کی اربن پریمئر لیگ کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی ریس کورس کرکٹ گراؤنڈ میں اربن پریمئر لیگ کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ یہ ایونٹ دی اربن یونٹ اور بنک آف پنجاب کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا۔ اس ٹورنامنٹ میں مختلف سرکاری محکمہ جات کی 14 ٹیموں نے حصہ لیا۔ ٹورنامنٹ 6 سے 9 نومبر تک جاری رہا۔ صوبائی وزیر نے ہر ایک کھلاڑی کو میچ میں حصہ لینے پر شاباش دی۔

جماعت اسلامی کے اجتماع عام کے انتظامات کو منظم اور جدید انداز میں مکمل کیا جا رہا ہے، جاوید قصوری

اجتماع عام نوجوانوں کی فکری، سیاسی اور نظریاتی تربیت کے لیے سنگِ میل ہوگا، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کا اجتماعِ عام 21 سے 23 نومبر تک لاہور کے تاریخی مقام مینارِ پاکستان پر منعقد ہوگا، یہ ملک کی موجودہ سیاسی صورتِ حال میں ایک بڑی اور مثبت تبدیلی کا آغاز ثابت ہوگا، اس میں پورے پاکستان سے لاکھوں افراد شریک ہونگے، یہ اجتماع نہ صرف جماعت اسلامی کی عوامی رابطہ مہم کو نئی قوت دے گا بلکہ نوجوانوں کی فکری، سیاسی اور نظریاتی تربیت کے لیے سنگِ میل ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے ہر سطح کی قیادت، کارکنان، ارکان و ذمہ داران اس کی تیاری میں مکمل یکسوئی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ رجسٹریشن، سیکورٹی، رہائش، ٹرانسپورٹ، میڈیا کوریج اور تربیتی سیشنز کے لیے خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جو اپنے اپنے دائرہ کار میں کام کر رہی ہیں۔

لڑکی کیساتھ دکان کے اندر زیادتی، ریپ کے ملزم کو 14 سال قید، دس لاکھ جرمانے کی سزا

لاہور (این این آئی) سیشن کورٹ لاہور نے ریپ کے ملزم سیف اللہ کو 14 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنا دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج ظفریاب چدھڑ نے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالتی حکم کے مطابق ملزم کے خلاف تمام تر شواہد اور گواہوں کی روشنی میں ملزم کو سزا کا حکم سنایا۔ ملزم کے خلاف تھانہ سٹی رائیونڈ میں 2024ء میں مقدمہ اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت درج ہوا تھا۔

ہم پہلے بھی 27 ویں ترمیم کو نہیں مانتے تھے اور آج بھی نہیں مانتے، جنید اکبر

وارنٹ گرفتاری معاملہ، عدالت نے 5 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض جنید اکبر کی 22 دسمبر تک عبوری ضمانت منظور کر لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما جنید اکبر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی آج بھی وہاں کھڑی ہے جہاں 8 فروری کو کھڑی تھی، ہم پہلے بھی 27 ویں ترمیم کو نہیں مانتے تھے اور آج بھی نہیں مانتے۔ جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو کے دوران جنید اکبر نے کہا کہ جس ہفتے ہم پر مقدمہ نہ ہو ہمیں اپنی وفاداری پہ شک پڑتا ہے، یہ ان کی غلط فہمی ہے، ہم ان چیزوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں۔

ٹریفک پولیس پنجاب کی جانب سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 1 ماہ کے دوران 12 کروڑ 67 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے، ایس ایس پی ٹریفک

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس پنجاب کی جانب سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 1 ماہ کے دوران 12 کروڑ 67 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے۔ اس حوالے سے ایس ایس پی ٹریفک پنجاب سید ندیم عباس نے بتایا کہ 63 ہزار 300 سے زائد دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کیے گئے، دھواں چھوڑنے پر 68 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ معطل کیے گئے، ماحول دشمن 87 سے زائد گاڑیوں کے روٹ پرمٹ معطل کیے گئے۔ اس کے ساتھ دھواں چھوڑنے والی 26 گاڑیوں کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج کیا گیا، 11 ہزار 600 سے زائد گاڑیوں کو دھواں چھوڑنے پر بند کیا گیا۔ جبکہ 2500 سے زائد ریت مٹی والی آن کورڈ ٹرالیوں کو بھاری جرمانے کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 2000 کا جرمانہ اور سخت قانونی کاروائی بھی کی جا رہی ہے۔

رائے ونڈ تبلیغی اجتماع کے شرکاء کی واپسی کا عمل جاری، ٹرانسپورٹرز نے منہ مانگے کرائے وصول کئے

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع کے شرکاء کی واپسی کا عمل جاری، ٹرانسپورٹرز نے منہ مانگے کرائے وصول کئے، ضلعی انتظامیہ اور آرٹی سیکرٹری کی ناقص کارکردگی پر تبلیغی مندوبین نے احتجاج کیا۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ عالمی اجتماع کے شرکاء کی واپسی کا عمل دوسرے روز بھی جاری رہا، رائے ونڈ سے دیگر شہروں میں سفر کرنیوالے تبلیغی مندوبین سے ٹرانسپورٹرز نے منہ مانگے کرائے وصول کئے، رائے ونڈ تا لاہور ویگن مالکان نے 500 روپے فی کس وصول کیا

معروف صنعتکار محمد حنیف شیخ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک

رائے ونڈ (این این آئی) صدر رائے ونڈ پریس کلب آصف نعیم شیخ کی چچا معروف صنعتکار محمد حنیف شیخ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، مرحوم کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد فیصل آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر صحافی، صدر رائے ونڈ پریس کلب آصف نعیم شیخ کے چچا اور معروف صنعتکار محمد حنیف شیخ طویل علالت کے بعد فیصل آباد میں انتقال کر گئے۔

علم و ادب کا چراغ بجھ گیا، پروفیسر ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا انتقال کر گئیں

مرحومہ نے تعلیم، اخلاقیات اور سماجی اصلاح کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف ماہر تعلیم، دانشور، محقق، سماجی رہنما اور خواتین کے حقوق کی علمبردار پروفیسر ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ 83 برس کی عمر میں لاہور میں انتقال کر گئیں، ان کا شمار پاکستان کی ان ممتاز علمی و فکری شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے تعلیم، اخلاقیات اور سماجی اصلاح کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ کے انتقال کی خبر معروف اداکار، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر عدیل ہاشمی نے اپنے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ پر شیئر کی۔ مصنفہ کی بھانجی امینہ کمال نے تصدیق کی کہ ڈاکٹر عارفہ 83 برس کی عمر میں لاہور میں وفات پا گئی ہیں۔ امینہ کمال نے کہا کہ انہیں آج منگل کے روز ان کے خاندانی قبرستان کیولری گراؤنڈ لاہور میں سپردِ خاک کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عارفہ زہرا اردو ادب و زبان پر اپنی گہری علمیت کے باعث معروف تھیں اور 50 سال سے زائد عرصے تک تدریس کے شعبے سے وابستہ رہیں۔ وہ نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی رکن بھی رہیں

کراچی: متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی معروف اماراتی بزنس مین اور گینز ورلڈ ریکارڈ ہولڈر سہیل محمد الزرونی کو پاکستانی کمیونٹی کے لیے بے لوث خدمات پر تعریفی اسناد پیش کر رہے ہیں۔

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں کی فضاء انتہائی مضر صحت

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں فضائی آلودگی کی شدت پیر کے روز بھی انتہائی مضر صحت رہی۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق 517 ایئر کوالٹی انڈیکس کے ساتھ گوجرانوالہ پہلے نمبر پر رہا، آلودگی کے اعتبار سے لاہور پاکستان میں تیسرے نمبر پر رہا، شہر میں سموگ کی اوسط شرح 394 تک ریکارڈ ہوئی۔ لاہور میں ڈی ایچ اے کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 759 ریکارڈ کیا گیا۔

ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کریک ڈاؤن، 8 کروڑ کی منشیات برآمد، ملزمان گرفتار

7 مختلف آپریشنز کے دوران 7 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے گئے

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کریک ڈاؤن کے دوران 8 کروڑ کی منشیات برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے 7 کارروائیوں کے دوران 5 خواتین سمیت 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف کے مختلف آپریشنز کے دوران 8 کروڑ 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 97.165 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے 2 مسافروں کے سامان سے کپڑوں میں جذب 19 کلوگرام آئس برآمد ہوئی جب کہ ایک اور کارروائی میں جدہ جانے والے 3 مسافروں کے جوتوں سے 1.6 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی، جن میں 2 خواتین اور ایک مرد شامل ہیں۔

سرگودھا، فوتگی پر جانے والی گاڑی کو حادثہ، 23 سالہ نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سے فوتگی پر جھنگ جانے والوں کی گاڑی کو تیز رفتاری کے باعث حادثہ میں 23 سالہ نوجوان جاں بحق اور دوسرا زخمی ہو گیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے قصبہ سرگودھا سے فوتگی پر جھنگ والے والوں کی تیز رفتار کار 16 والی جھال سٹاپ کے قریب تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر کھیتوں میں جا گری۔

سکھ یاتریوں کی آمد کے پیش نظر لاہور پولیس کے فول پروف سکیورٹی انتظامات

تمام مذہبی اقلیتوں کو بھرپور تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے، سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کی فول پروف سکیورٹی کے لیے مکمل طور پر الرٹ ہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ گوردواروں اور سکھ یاتریوں کی رہائش گاہوں کے گرد سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے تمام سپروائزری افسران کو ہدایت کی کہ سکھ یاتریوں سے متعلق سکیورٹی ایس او پیز پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی عبادت گاہوں کی چار دیواری، سکیورٹی کیمروں، خاردار تاروں اور دیگر حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس افسران متعلقہ فوکل پرسنز کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں اور مہمان سکھ یاتریوں کی حفاظت کے لیے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی پر تعینات افسران و اہلکار مکمل طور پر الرٹ رہیں

پشاور: چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ گورنس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دیہی خواتین میں جانوروں کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستوں کی وصولی کی تاریخ میں توسیع

درخواستوں کی 25 نومبر تک وصولی، جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع کی غریب خواتین میں جانور تقسیم کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جنوبی پنجاب کی دیہی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے تحت جانوروں کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستوں کی وصولی کی تاریخ میں 25 نومبر تک توسیع کر دی گئی۔ پہلے مرحلے میں 2 ارب کی خطیر رقم سے جنوبی پنجاب کی 1100 غریب (مطلقہ، بیوہ) خواتین میں 4870 بھینسیں (جھوٹی) اور گائیں (وچھی) تقسیم کی گئیں

ملک بھر میں 3 افراد جاں بحق، 4 شدید زخمی

گاڑی کا ڈرائیور بھی زخمیوں میں شامل، پولیس نے حراست میں لے کر واقعے کی تفتیش شروع کر دی ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) نشے میں دھت ڈرائیور نے فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر گاڑی چڑھا دی، جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 4 شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کلفٹن کے علاقے میں عبداللہ شاہ غازی مزار کے قریب تیز رفتار گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہونے کے بعد ایک موٹر سائیکل سوار کو روندتی ہوئی فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھ گئی، جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 4 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں خود گاڑی کا ڈرائیور اور اس کا ساتھی بھی شامل ہے۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ گاڑی کا ڈرائیور نشے میں دھت تھا۔ پولیس نے زخمی ڈرائیور کو حراست میں لے کر حادثے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔ پیر کی صبح بوٹ بیسن تھانے کی حدود کلفٹن بلاک 4 عبداللہ شاہ غازی مزار آئی کون ٹاور کے قریب انتہائی تیز رفتار سفید رنگ کی ٹویوٹا کرولا گاڑی رجسٹریشن نمبر بی آر ٹی 926 ڈرائیور سے بے قابو ہونے کے بعد ایک موٹر سائیکل سوار کو روندتی ہوئی فٹ پاتھ پر سوئے افراد پر چڑھ گئی۔

لیگی علما و مشائخ ونگ کا پی پی 73 کے ضمنی الیکشن میں پارٹی امیدوار کی حمایت کا اعلان

وہ وقت دور نہیں جب پنجاب ملک کا مثالی صوبہ ہوگا، ڈویژنل جنرل سیکرٹری ملک ضیا الحق

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ نے صوبائی حلقہ پی پی 73 کے ضمنی الیکشن میں پارٹی امیدوار کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب پنجاب ملک کا مثالی صوبہ ہوگا اور مستقبل میں عوام صرف اور صرف مسلم لیگ ن کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں گے۔ زرائع کے مطابق مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری ملک ضیا الحق اور سیکرٹری اطلاعات نے مسلم لیگ ن کے ورکرز سے ملاقات میں کوٹ مومن کے حلقہ پی پی 73 میں پارٹی امیدوار میاں سلطان علی رانجھا کی کامیابی کے لئے ڈور ٹو ڈور انتخابی مہم پر زور دیا اور کہا کہ علما و مشائخ ونگ پارٹی امیدوار کی جیت کے لئے سرگرم عمل ہے۔

بونیر: خیبر پختونخوا کے وزیر آبپاشی ریاض خان کڑا کنٹرل پر جاری ترقیاتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

فخر ہے اس ملک کو ایسے وزیر اعظم ملے جو خود کو احتساب کیلئے پیش کرتے ہیں، ایمل ولی خان

ترمیم سے متعلق پارلیمان میں جائیں گے تو مکمل تفصیلات سامنے آئیں گی، عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ فخر ہے کہ اس ملک کو ایسے وزیر اعظم ملے جو خود کو احتساب کے لیے پیش کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ احتساب سے بالا کسی کو نہیں ہونا چاہیے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ ترمیم سے متعلق پارلیمان میں جائیں گے تو مکمل تفصیلات سامنے آئیں گی۔ واضح رہے کہ قانون و انصاف کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے گزشتہ روز بنیادی مسودے کی منظوری دی تھی۔

انتظامیہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان

مارکیٹوں اور بازاروں کی حالت سدھارنے کے لیے تاجروں کا تعاون انتہائی ضروری ہے

رحیم یار خان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیمہ کی تاجروں کے وفد سے ملاقات شہر میں صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک مسائل اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا انتظامیہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیمہ نے کہا ہے کہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی برقرار رکھنا صرف انتظامیہ کی نہیں بلکہ شہریوں کی بھی مشترکہ ذمہ داری ہے ضلعی انتظامیہ شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی مہم شروع کر رہی ہے مارکیٹوں اور بازاروں کی حالت سدھارنے کے لیے تاجروں کا تعاون انتہائی ضروری ہے بازاروں میں کوڑا پھینکنے کے لیے مخصوص مقامات مقرر جبکہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کو منظم اور شفاف انداز میں جاری رکھا جائے گا ایک صاف ستھرا اور پرامن شہر ہماری پہچان انتظامیہ، تاجر برادری اور عوام کے باہمی تعاون سے اپنے شہر کو مثالی بنائیں گے۔

اسلام آباد: امریکی سفیر نیلی اسے بیکر لوک میلہ 2025ء کے موقع پر لگائے گئے سٹال سے کھسہ خرید رہی ہیں

سرگودھا، گرین الیکٹرو بس میں چوری کرنے والی خاتون پکڑی گئی

سرگودھا (این این آئی) گرین الیکٹرو بس میں چوری کرنے والی خاتون کو پکڑ کر تین موبائل فون اور 40 ہزار روپے نقدی برآمد کر کے حوالہ پولیس کر دیا گیا۔ سرگودھا میں جنرل بس اسٹینڈ پر کھڑی گرین الیکٹرو بس میں موبائل فون و نقدی چوری کے انکشاف پر کیپٹن جمیل شاہ نے بس کے دروازے لاک کر کے مسافروں کی تلاشی شروع کی تو چور مسافر خاتون کو پکڑ کر تین موبائل فون اور 40 ہزار روپے نقدی برآمد کر لئے

معروف ماہر تعلیم، دانشور، محقق ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ انتقال کر گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف ماہر تعلیم، دانشور، محقق، سماجی رہنما اور خواتین کے حقوق کی علمبردار ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ انتقال کر گئیں۔ ان کا شمار پاکستان کی ان ممتاز علمی و فکری شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے تعلیم، اخلاقیات اور سماجی اصلاح کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ کے انتقال کی خبر معروف اداکار، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر عدیل ہاشمی نے اپنے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ پر شیئر کی۔

بابر علاؤالدین کی چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید سے ملاقات

ادارہ جاتی تعاون بڑھانے، ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے واپڈا ہاؤس لاہور میں چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (



میرا افسانہ

ہالہ ظفر

تمہیں پتہ ہے مجھے ایک بات، بہت الجھا کے رکھتی ہے۔ کہے ہوئے الفاظ کا مطلب وہ نہیں ہوتا جو کہا گیا ہے۔ اور جو کہا گیا ہے اسکا مطلب وہ نہیں ہوتا جو سمجھا گیا ہے۔

اگر بات آئے سمجھنے کی تو یہاں بھی ایک الجھن ہے۔ سب اپنے مطابق ہر بات کو سمجھتے ہیں۔ اپنے تجربات کے راستوں میں پڑے پتھروں کی ٹھوکریں کھا چکنے والے راستے میں آنے والے پھولوں پر بھی قدم رکھتے ہوئے ہزار بار سوچیں گے۔۔

اتنا پھونک پھونک کر قدم رکھنے والے سیدھی سادی باتوں کو بھی مشکل بنا کر سمجھیں گے۔

کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے۔۔ مطلب و معانی کی الجھن و سلجھن کے جھجھٹ میں تو بعد میں پڑتے ہیں ایسے لوگوں کی سمجھ میں پہلی اور ضروری بات یہ ہوتی ہے کہ بات کہی گئی ہے۔ بعض اوقات ہم اپنی سمجھ سے دوسروں کی سمجھی ہوئی بات کا بیڑہ غرق کر دیتے ہیں۔

یقین مانو میرے ساتھ اکثر ایسا ہی ہوتا ہے اور یہ اتنی بار ہو چکا ہے کہ اب میں ہر بات کی ہزاروں منطقیں نکالتی ہوں۔ سیدھی بات کو مشکل بنا کر اور نا سمجھ آنے والی بات کو نارمل لے کر ایک بات کے کئی اندازوں سے کئی مطلب نکالتی ہوں۔ اور جب تک بات سمجھ آتی ہے بات کا وقت گزر چکا ہوتا ہے۔ اور پھر میں وقت کے گزرنے کے ساتھ اسے گزرنے دیتی ہوں۔

حیران کن بات ہے۔

تاریخ، وقت تک یادداشت میں محفوظ کر لینے والی بندی گزرتے وقت کے ساتھ بات گزرنے دیتی ہے۔ رات گئی بات گئی کے محاورے پر ایسے عمل کرتی ہے جیسے بات لکھی اسکے لیے گئی ہو۔

اس پر بہت لمبی بحث ہے کیا یاد رکھنا چاہیئے کسکی فکر کرنی چاہیے؟

اس ساری بحث سے بالاتر ہو کر اس طرح جینے کی عادت ہو گئی ہے۔

اس سے فائدہ یہ ہوا کہ جینے کی پہچان ہونے لگی اور نقصان یہ ہوا کہ کہ سب کچھ عجیب نہج پہ چل نکلا۔

محسوس کرنے کی حس نے محدود حد تک محسوس کرنا شروع کر دینے کے ساتھ ساتھ لاپرواہ اور بے حس بنا دیا۔

جو ہے وہ ہے جو نہیں ہے اسکی چاہ ختم ہوتی جا رہی ہے، الفاظ کی اہمیت کھو رہی ہے۔ ایسا لگنے لگا ہے ایک ٹرانس ہے جسمیں بہتے جا رہے ہیں۔ شکایتیں کم ہو گئی ہیں۔ اور گلے ختم ہو گئے ہیں۔

درحقیقت توقعات نے دم توڑ دیا ہے۔

مریم نے اسے لکھ کر دوبارہ پڑھا۔۔ کاغذ تاڑ موڑ کر کوڑے دان میں پھینک دیا، اسنے آرام سے ٹیک لگائی اور نم ہوتی آنکھیں بند کیں میرے یہ چند الفاظ میرے الجھن سے بھرے احساسات کو بیان کر ہی نہیں سکتے۔

میرے اندر کی بے چینی لکھے بنا جینے نہیں دیتی اور لکھ لینے کے بعد بے معانی، ٹھنڈے جزبے مردہ بے کیف احساس سے عاری الفاظ اندر کے خالی پن کو نہ تو بھر سکتے ہیں نہ سکون دیتے ہیں

ایک اذیت سے نکلنے کے لیے دوسری اذیت کا سہارہ سکون دیتا ہے۔

اسکے پاس اسکے علاوہ کوئی چارہ بھی تو نہیں تھا۔ اسنے آنکھوں سے بہتا پانی بیدردی سے صاف کیا۔

ہاتھ میں پکڑا قلم ایسے پکڑا جیسے الفاظ تو اسنے نکال دیئے ہوں لیکن احساس اپنے اندر جذب کر لیے ہوں۔

اور وہ پھر سے اس احساس کو محسوس کرنے کی کوشش میں ناکام ہو رہی ہو۔۔

☆☆☆

یہ ہے ترقی کا بیج!!

امجد چودھری

دنیا بھر میں تحقیق سے منسلک سرگرمیوں کو سب سے اعلیٰ درجے کی سرگرمی گردانا جاتا ہے۔ جسے معاشیات کی زبان میں Quinary سرگرمی میں شمار کرتے ہوئے اسے گولڈ کالر کا درجہ دیا جاتا ہے۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یونیورسٹیوں کا اصل کام تحقیق کر کے جدت پیدا کرنا ہے۔ اس کو مثال سے یوں واضح کیا جا سکتا ہے کہ کسی بھی ملک کو درپیش مسائل جیسے بیماریوں کے ادراک کے لئے نت نئی ادویات اور علاج دریافت کرنا۔ ملک کی سب سے پرانی اور بڑی پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ مالیکیولر بیالوجی کے تحقیق دانوں کی ایک ٹیم نے پروفیسر ڈاکٹر ادریس کی سربراہی میں کپاس کا ایک ایسا بیج دریافت کیا ہے جو کسانوں اور ملکی معیشت کے لئے قومی سطح پر بے پناہ خوبیوں کا حامل ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظفر معین ناصر یونیورسٹی کی اس کامیابی پر اتنے خوش نظر آتے ہیں کہ گزشتہ روز ایک ورکشاپ کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کپاس کے اس بیج کو ترقی کا بیج قرار دیتے ہوئے اپنے عزم کو دھرایا کہ وہ اس طرز پر دیگر ایجادات و دریافتوں کو اولین ترجیحات میں شمار کریں گے۔ ڈاکٹر ظفر صاحب نے بتایا کہ کپاس کے اس بیج کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار کے لیے پندرہ ہزار روپے سے زائد کی بچت ہوگی۔

اُس کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ یہ بیج چار مختلف سُنڈیوں کے خلاف مکمل قوت مدافعت رکھتا ہے لہٰذا کسان کو سُنڈیاں مارنے والی ادویات کا سپرے نہیں کرنا پڑے گا۔ اسی طرح کپاس کا یہ بیج جڑی بوٹیوں کے خلاف مکمل قوت مدافعت رکھتا ہے اس لئے تین سے چار دفعہ کی جانے والی گوڈی کی محنت اور لاگت کی بچت بھی ہوگی۔ یہاں پر یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ کپاس کا یہ بیج "نرما" ٹائپ کا ہے جو پاکستان کی کل کپاس کا 90 فیصد سے زائد ہے۔ یعنی نوے سے 95 فیصد کاشتکار نرما قسم کا بیج ہی استعمال کرتے ہیں۔ ایک کسان ہر سال اڑھائی سے تین ہزار روپے فی کلو یہ بیج مغربی ممالک سے درآمد کرتا ہے جبکہ پنجاب یونیورسٹی کے دریافت کردہ بیج کی قیمت ایک ہزار روپے فی کلو تک ہونے کا امکان ہے۔ ان تمام عوامل کو شامل کیا جائے تو پیداواری لاگت میں فی ایکٹر پندرہ ہزار روپے سے زائد کی کمی کا امکان ہے۔ پاکستان میں پچھلے سال 72 لاکھ ایکٹر پر کپاس کاشت کی گئی تھی، جو ماضی کے مقابلے میں 8 لاکھ ایکٹر کم ہے جس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ مختلف قسم کی سُنڈیوں کے حملے کی وجہ سے فصل خراب اور بسا اوقات تباہ ہو جاتی تھی۔ اس لئے بہت سارے کسان کپاس کی بجائے کسی دوسری فصل کی کاشت کی طرف راغب ہو جاتے تھے۔ اگر 72 لاکھ ایکٹر کا حساب لگایا جائے اور فی ایکٹر پندرہ ہزار روپے کی بچت سے ضرب دی جائے تو تقریباً 140 ارب روپے یعنی 1.4 ارب ڈالر کی بچت کا امکان ہے۔ اس بیج کی دریافت بلاشبہ ایک قومی کارنامہ ہے۔ بات یہیں پر ختم نہیں ہوتی پنجاب یونیورسٹی کے دریافت کردہ اس بیج کی 40 اقسام بھی پیدا کی گئی ہیں۔ ملک بھر کی زراعت کچھ یوں ہے کہ تمام علاقے، موسم اور مٹی ایک جیسی نہیں۔ 40 سے زیادہ قسمیں بنانے کا مقصد یہ ہے کہ ملک کے مختلف علاقوں کے موسمی حالات اور مٹی کی مناسبت سے یہ بیج فراہم کیا جائے۔ پنجاب یونیورسٹی کے ایجاد کردہ بیج کی 40 مختلف اقسام کی وجہ سے یہ بیج بین الاقوامی اہمیت کا حامل ہوگا۔ یعنی اس بیج سے پوری دنیا کے ممالک، جو کپاس کاشت کرتے ہیں، مستفید ہو سکیں گے اور پاکستان زرمبادلہ کما سکے گا۔ پہلے ذکر ہوا ہے کہ مغرب سے کپاس کے بیج کی درآمد پر کثیر زرمبادلہ خرچ ہوتا تھا، لہٰذا اس بیج کی تیاری سے نہ صرف زرمبادلہ بچے گا بلکہ الٹا پاکستان زرمبادلہ کمانے کے قابل ہو جائے گا اور یہ زرمبادلہ اربوں روپے میں ہو گا۔ پاکستان دنیا کا کپاس پیدا کرنے والا چوتھا بڑا ملک ہے اور زیر کاشت رقبہ کے اعتبار سے کپاس گندم کے بعد پاکستان کی دوسری بڑی فصل ہے، پاکستان کی برآمدات میں کپاس اور اس سے منسلک مصنوعات پاکستان کی کل برآمدات میں سب سے نمایاں ہیں۔ اس بات کو آسانی سے یوں بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ Cotton ٹیکسٹائل پاکستان کی سب سے نمایاں انڈسٹری ہے۔ اسے واضح طور پر پاکستانی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے۔ کپاس کی کاشت کے بعد Ginning وہ پہلا مرحلہ ہے جس میں بنولے کا بیج کپاس سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ کپاس کا یہ بیج جسے عرف عام میں بنولہ کہتے ہیں، اس سے جانوروں کی مرغوب اور طاقت ور غذا "کھل" بنتی ہے۔ جننگ کے بعد دوسرا مرحلہ دھاگہ بنانے کا ہے۔ دھاگے کے بعد اس سے کپڑا بنایا جاتا ہے اور پھر اس کے بعد اسی کپڑے سے ملبوسات تیار کئے جاتے ہیں۔ ان تمام مراحل کو ذہن میں لائیں تو آپکو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ کاٹن ٹیکسٹائل انڈسٹری حقیت میں پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہی نہیں پورا جسم ہے۔ اس صنعت کے ساتھ کپاس کی بوائی سے لیکر کپڑوں کی سلائی تک کروڑوں لوگوں کا روزگار وابستہ ہوتا ہے۔ کپاس وہ جنس ہے جس کی کشش Colonialism کا باعث بنی تھی۔ دنیا کی سب سے پہلی Colonial پاور برطانیہ تھی۔ جہاں پر کاٹن ٹیکسٹائل انڈسٹری قائم کی گئی۔ مگر واضح رہے کہ برطانیہ نے کبھی ایک "پھٹی" بھی کاشت نہیں کی اور برصغیر اُس وقت کا کپاس کاشت کرنے والا سب سے بڑا علاقہ تھا اس لئے برطانوی سامراج کے جنوبی ایشیا کا رُخ کرنے کی ایک بڑی وجہ کپاس تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ مصنوعی دھاگہ ایجاد کر لیا گیا مگر کپاس کی اہمیت کو کم نہ کیا جا سکا چونکہ کپاس یورپ جیسے علاقے میں کاشت نہیں ہوتی اس لئے یہ ممالک کپاس سے تیار کردہ کپڑا اور ملبوسات بنانے سے قاصر ہیں۔ مگر ملبوسات میں کاٹن لازمی جُزو ہونے کی وجہ سے وہ کپاس سے تیار کردہ ملبوسات درآمد کرنے پر مجبور ہے۔

☆☆☆

سوچنا بھی ہنر ہے!

رفیق جعفر

تخلیقی صلاحیت کے بارے میں روایتی نظریہ یہ ہے کہ وہ کوئی پیدائشی یا خداداد صلاحیت ہے جو ورثے میں ملتی ہے۔ لیکن گھر کا ماحول، والدین کا رویہ، سکول کا ماحول اور ٹیچر کا رویہ سب تخلیقی صلاحیت کے فروغ یا اس کی نفی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ صحیح ماحول کے ذریعے تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ کچھ ماہرین نے تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھانے کے مختلف طریقے وضع کیے ہیں۔ ہم ان میں سے چند ایک طریقوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ برین سٹارمنگ بہت سے افراد کوئی نیا خیال، تجویز یا کسی مسئلے کا حل اس ڈر سے دوسروں کے سامنے پیش نہیں کرتے کہ کہیں ان کا مذاق نہ اڑایا جائے۔ اس وجہ سے کئی اچھے اور تخلیقی خیالات منظر عام پر نہیں آتے۔ اگر کوئی فرد بار بار دوسروں کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرتا تو اس کا ذہن اس قدر مفلوج ہو سکتا ہے کہ وہ اکیلے میں بھی اپنے خیالات یا رائے کا اظہار نہیں کر سکتا۔ چونکہ یہ مسئلہ بہت عام ہے اس لیے کچھ ماہرین نے اس کے حل کے لیے ایک طریقہ دریافت کیا جس کا نام "برین سٹارمنگ" رکھا گیا۔ اس طریقہ کار کے دو مرحلے ہیں۔ پہلے مرحلے میں ایک گروہ کے ارکان کو کسی مسئلے کے حل کے لیے تجاویز پیش کرنے کو کہا جاتا ہے۔ ارکان کو یہ ہدایات دی جاتی ہیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ حل تجویز کریں لیکن اس بات پر بالکل توجہ نہ دیں کہ یہ حل اچھا اور قابل عمل ہے یا نہیں۔ یعنی صرف خیالات پیش کریں اور ان کا جائزہ نہ لیں۔ اس طرح بہت سے ایسے خیالات سامنے آتے ہیں جنہیں عام حالات میں فرد عجیب یا بیکار سمجھ کر رد کر دیتا ہے، لیکن وہ ہوتے مفید ہیں۔ اگلے مرحلے میں ان تجاویز کا جائزہ لیا جاتا ہے اور اچھی اور قابل عمل تجاویز کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ یہی عمل انفرادی طور پر کیا جا سکتا ہے یعنی ایک فرد کسی مسئلے کے حل کے لیے پہلے تجاویز نوٹ کرے اور بعد میں ان کا جائزہ لے۔ لیکن اگر یہ طریقہ کسی گروہ پر آزمایا جائے تو بہت زیادہ اور مختلف تجاویز سامنے آتی ہیں اور فرد دوسروں کی سوچ سے متاثر ہو کر بھی تجاویز پیش کر دیتا ہے۔ برین سٹارمنگ کے طریقہ کار سے تخلیقی سوچ کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ دوسری طرف اس طریقہ میں یہ خطرہ موجود ہوتا ہے کہ فرد بالکل بے معنی اور بے سروپا خیالات کے اظہار کرنے کا عادی نہ ہو جائے۔ اس خطرے سے بچنے کے لیے کچھ ماہرین نے یہ طریقہ اپنایا کہ برین سٹارمنگ سے پہلے گروہ کے ارکان مسئلے کے مختلف پہلوؤں پر تحقیق کریں اور اس کے بارے میں مکمل جان کاری حاصل کریں۔ انہوں نے دیکھا کہ اس تیاری سے برین سٹارمنگ کا عمل زیادہ کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ برین سٹارمنگ کا یہ ترمیم شدہ طریقہ کار Synectics کہلاتا ہے۔ لیٹرل تھنکنگ برطانوی ماہر نفسیات، ماہر عضویات اور ماہر طب ڈاکٹر ایڈورڈ ڈی بونو نے سب سے پہلے سوچنے کی اس انداز میں تحقیق کی اور اس کی نشوونما کے طریقے دریافت کیے۔ انگریزی زبان میں Thinking Lateral کی اصطلاح بھی ڈی بونو نے متعارف کروائی تھی۔ ڈی بونو کے مطابق ہم مسائل حل کرنے کے لیے جو روایتی طریقے استعمال کرتے ہیں، وہ اکثر کارآمد ثابت نہیں ہوتے۔ مثال کے طور پر کئی مرتبہ ہم ایک مسئلے کے حل کے لیے منطقی طریقے اپناتے ہیں اور ایک ہی راہ پر گامزن رہتے ہیں چاہے وہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔ اس قسم کی سوچ کو بونو ورٹیکل تھنکنگ قرار دیتا ہے۔

☆...☆...☆

انوکھی مکڑیاں

جنوب مغربی افریقہ کے ملک نمیبیا کے ریگستان میں کئی قسم کی ایسی مکڑیاں پائی جاتی ہیں جو سیدھے کے بجائے دائیں بائیں دوڑنے کے علاوہ اپنی آٹھ ٹانگوں کی مدد سے گیند جیسی گول ہو کر، ریت کے ٹیلوں میں گھس کر اپنا شکار کرنے والی بھڑوں سے محفوظ ہو جاتی ہیں۔

سائنس کی دنیا میں یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے کہ ارتقا کے عمل میں بہت سی چیزیں بنیں، پہیا کیوں نہیں بنا، اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ اس وقت سڑک نہیں تھی، اس لے پہیے کی ضرورت بھی نہیں تھی۔

نمیبیا کے سرکاری عجائب گھر کے ماہر حیوانات جونیز ہین شل کہتے ہیں کہ مکڑی حیوانی دنیا میں گیند بن کر تیز رفتاری سے دوڑنے والی پہلی جان دار مخلوق ہے۔

اس سلسلے میں انہوں نے اپنے ملک کے ریگستان میں پائی جانے والی سنہری پہیا مکڑی Golden wheelspider کا بڑا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ اس کا سائنسی نام Carpra LavaChneauref ہے۔ اس کے زرد بال ریگستان کی دھوپ میں سونے کی طرح چمکتے ہیں۔ دوسری مکڑیوں کی طرح اس کے بھی آٹھ پاؤں ہوتے ہیں، جن کی مدد سے وہ چلتی ہے اور ضرورت پڑنے پر ان کی مدد سے گیند کی طرح گول بھی ہو جاتی ہے۔

ریگستانی ٹیلوں کی ڈھلان پر اس کی رفتار پانچ فٹ فی سیکنڈ ہوتی ہے۔ محقق ہین شل کے مطابق اس کے پیر ایک سیکنڈ میں 44 بار گھومتے ہیں۔ 400 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑنے والی گاڑی کے پہیے اسی رفتار سے گھومتے ہیں۔

سنہری مکڑی دوڑ کے مقابلے یا شکار کے لیے اس رفتار سے نہیں دوڑتی، بلکہ وہ اپنا شکار کرنے والی بھڑوں سے بچنے کے لیے اتنی تیز دوڑ لگاتی ہے۔ یہ بھڑ مکڑی کے بل سے اسے کھود نکالتی ہے۔ یہ بل ٹیلے کی چوٹی پر ہو تو سنہری مکڑی وہاں سے نکل کر چند قدم دوڑنے کے بعد ادھر ادھر ہو کر اپنے پانچ جوڑ والے پیر موڑ کر تیسرے جوڑوں کی مدد سے گول ہو کر نکل بھاگتی ہے۔

اگر بل ٹیلے کے نشیبی یا نچلے حصے میں ہو تو اس کے ڈھلوان نہ ہونے کی وجہ سے اسے لڑھکنے کا موقع نہیں ملتا، وہاں یہ مکڑی گیند کی طرح گول ہو کر بھی خود کو بھڑ سے نہیں بچا پاتی۔ بھڑ اسے پکڑ کر ڈس لیتی ہے اور ریت میں اپنے انڈوں کے ساتھ دفن کر دیتی ہے، جہاں ان انڈوں سے نکلنے والے بھڑ کے بچے اسے کھا جاتے ہیں۔

ہین شل کہتے ہیں کہ یہی وجہ ہے کہ یہ مکڑیاں ریگستانی ٹیلوں پر اپنے بل بنانے کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑتی رہتی ہیں، کیوں کہ خطرے کی صورت میں ٹیلوں کی ڈھلانیں بھاگنے میں ان کی بڑی مدد کرتی ہیں۔

سنہری مکڑی اس تیز دوڑ میں ہر چھے فٹ کے بعد رک کر آرام کرتی ہے۔ بعض اوقات یہ پیر پھیلا کر رکتی اور کئی قلابازیاں کھاتی ہے۔ نمیبیا کے ریگستان کے ٹیلے بہت ڈھلوان ہوتے ہیں اس لیے یہاں یہاں یہ سنہری ریگستانی مکڑی بھی تیز رفتاری کے ریکارڈ قائم کرتی ہے۔

☆.....☆.....☆

وادی کیلاش میں موت کی دلچسپ رسمیں

سلمیٰ اعوان

"مرکز میں کوئی مر گیا ہے، موت بھی کسی امیر آدمی کی ہے۔" ڈرائیور نے مجھے مطلع کیا۔ موت کیسا خوفناک دہشت بھرا اور وجود کی رگ رگ میں کپکپی دوڑانے والا لفظ ہے۔ پر یہاں گاڑی میں اسے سُن کر میرے اندر جیسے مہتابیاں سی چھٹنے لگی تھیں اس لیے کہ نسلی تخلیق کے لیے ملاپ کے بندھن موت خوشی وغمی جیسے فطری عناصر کسی بھی قوم قبیلے کے وضع کردہ رسم ورواج اور طور طریقے اسکے مزاج اور خصوصیات کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ وہاں گردم گاؤں کے ایک معزز آدمی کا گیارہ بجے انتقال ہو گیا تھا۔" چلو، دیکھتے ہیں۔" مرکزی وادی گردم میں جب داخلہ ہوا تو سچی بات ہے یوں محسوس ہوا تھا جیسے طبل جنگ بجا ہو۔

ہوائی فائرنگ اور لوگوں کا جم غفیر اوپر پہاڑوں کی طرف رواں دواں تھا۔ کیلاش ہوٹل کے سامنے ڈرائیور نے مجھے اُتار دیا۔ ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ "موت کی رسومات دو تین دن چلیں گی۔ اطمینان سے رہیے۔" دریا پر بنے چوبی پُل پر پار سے آتے ایک نوجوان لڑکے کو میں نے روک لیا۔ وادی کی اس ہنگامی حالت پر بات چیت سے معلوم ہوا کہ کیلاش قبیلہ مُردے کو اس کی موت کے فوراً بعد چارپائی پر ڈال کر ڈانس ہال لے جاتا ہے۔ کیا عجیب منظر تھا، دائیں بائیں، آگے پیچھے، ڈھول بجاتے ڈانس کرتے ہا ہو کی آوازیں نکالتے، زینہ درزینہ چڑھائیوں پر سیاہی سے اٹے پڑے دومنزلہ گھروں کے ساتھ ساتھ تنگ راہوں پر چلتے لوگوں کا ایک ہجوم ندی کے سبک خرام پانیوں کی طرح بہتا چلا جاتا تھا۔ یقیناً یہ دو سو فٹ کی بلندی تھی۔ فطرت کی گود میں رنگوں کی روشنی میں ہنستا مسکراتا یہ یک میلہ تھا۔ ذرا آگے ایک حیرت انگیز منظر بھی تھا۔ چارپائی پر ایک میت ستونوں پر مشتمل بے در و دیوار چھت والی ایک کشادہ اور ہموار جگہ کے بیچوں بیچ پڑی تھی جسے دیکھنے میں یہاں آئی تھی۔ تین چار عورتیں سرہانے بیٹھیں سر کے کھلے بالوں سے چہرہ ڈھانپے اپنی زبان میں اونچا اونچا کچھ گا رہی تھیں۔ مرنے والے کی بیوی اور بہوئیں اسکی قصیدہ خوانی میں مصروف تھیں۔ اب سورج کی نارنجی کرنوں نے ایک اور منظر کا راستہ کھولا، دو کیلاشی بزرگ ہاتھوں میں چھوٹی چھوٹی کلہاڑیوں کے ساتھ مجمعے میں سے نکلے، آگے بڑھے، میت کے قریب آئے اور بلند آواز میں کچھ پڑھنا شروع کیا۔ ہزاروں کا ہجوم دم سادھے کھڑا تھا۔ اُس سے مجھے اپنا آپ ماضی کی کسی ایسی ٹنل میں محسوس ہوا تھا جہاں وہ رزمیہ شاعری کرنے والا ہومر ایسے ہی ماحول میں کھڑا ٹروجن وار کے بعد یولیس کے کارناموں اور اسکی دس سالہ طویل مسافتوں کی داستان گا رہا ہو۔ اس سین کا کلائمکس اس وقت ہوا جب انہوں نے اپنی کلہاڑیاں میت کے وسط میں لا کر ٹکرائیں۔ اس زوردار ٹکراؤ کی "ٹک" نے فطرتی نظاروں میں گھرے اس کشادہ قطعہ پر کھڑے لوگوں کو یوں مہمیز کیا کہ ان کی خاموش زبانیں اور اجسام متحرک ہوئے، سیٹیوں کے ساتھ ایک زوردار ڈانس شروع ہوا۔ اس جگہ کے ساتھ ایک خستہ حال عمارت تھی۔ سردیوں کا ڈائننگ ہال جس کے ستونوں پر بکرے کے نقش ونگار تھے۔ جب ڈھول کی ڈھم ڈھم کانوں کے پردے پھاڑتی تھی، جب گولیوں کی تڑتڑاہٹ اور سنسناہٹ رگوں میں خون کو منجمد کرتی تھی اور جب رقص بسمل جاری تھا۔ میرا گائیڈ مجھے مہاندیو کی زیارت کی دعوت دے رہا تھا۔ سامنے والی پہاڑی پر بڑے سے پتھر کے سائے تلے چار دیواری میں مہاندیو رہتا ہے۔

میں نے دیکھا راستہ تنگ بھی تھا اور دشوار گزار بھی وقت کی کمی بھی پیش نظر تھی۔ یہاں گھوڑوں کے چوبی سروں والے مجسمے ہوں گے جا بجا دیودار کی ٹہنیاں خون کے چھینٹے جلتی آگ یا شاید راکھ ہو۔ قربان گاہ میں یہی سب کچھ ہوتا ہے نا!۔ میں نے پوچھا۔ گائیڈ لڑکے نے بتایا کہ اب یہ میلہ تین دن چلے گا۔ پنیر گوشت چاول منوں کے حساب سے اُڑے گا۔ کیلاش موج میلے والا مذہب ہے۔ کھاؤ پیو موج اُڑاؤ اس کا سلوگن ہے۔ لڑکا ہنستا جاتا اور میری معلومات میں اضافہ بھی کرتا جاتا تھا۔" یہ امیر آدمی ہے اب اسکی اولاد اسکا چوبی مجسمہ بنا کر کسی جگہ گاڑ دے گی۔

بچے کی تربیت کے رہنما اصول

گلشن لطیف

بچے کی نظر میں وہی چیز اہم ٹھہرتی ہے جس کی تعلیم اسے فراہم کی جاتی ہے ایک بچے کی طرح باپ کے لئے بھی بچے کی چھوٹی چھوٹی باتیں بے حد اہم ہوتی ہیں بالخصوص اس کے معصوم سوالات کے جواب وہ پوری توجہ اور ذہانت سے دینے کی کوشش کرتا ہے تاکہ پریشانی کا شکار ہونے کی بجائے اس کا ذہن مثبت خطوط پر سوچنے کی طرف گامزن ہو اس عمر میں ایک والد کے لئے بعض سوال بہت اہم ہوتے ہیں جو اس کے لئے سرمایہ افتخار کی حیثیت رکھتے ہیں مثلاً ایک والد کے لئے بہترین لمحہ وہ ہوتا ہے۔

☆..... جب اس کا بچہ (بیٹی یا بیٹا) پہلی مرتبہ انہیں کہتا..... /کہتی ہے کہ وہ اسے بے پناہ محبت کرتی /کرتا ہے۔

☆..... جب بچہ آخری بار ان سے پیسے کا تقاضا کرتا ہے۔

☆..... جب بچے کی تعریف ان کے سامنے کی جاتی ہے اور وہ کسی بڑی کامیابی سے ہمکنار ہوتے ہیں۔

☆..... جب وہ کسی معاملے میں اپنی غلطی کو تسلیم کرتے ہیں۔

☆..... جب وہ اپنے ہر کام پر بچے کو اہمیت دیتے ہیں۔

☆..... جب چھوٹے چھوٹے تحائف سے ان کی خوشیوں میں حصہ بٹاتے ہیں۔

☆..... جب ان کی بات کو اہمیت دیتے ہیں۔

والد ہمیشہ فکر مند ہوتے ہیں کیونکہ:

☆..... کہیں ان کے بچے غلط صحبت کا شکار نہ ہو جائیں۔

☆..... یہ نا سمجھیں کہ انہیں نصیحت آمیز انداز میں ایک سمت میں تربیت دی جا رہی ہے۔

☆..... وہ اپنے والد کی کم توجہ کو محسوس نہ کریں۔

☆..... وہ تعلیمی لحاظ سے کمزور نہ رہ جائیں۔

ایک والد کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش ہوتی ہے کہ:

☆..... اس کے بچے ہر موڑ پر کامیابی حاصل کریں اور رکاوٹوں اور پریشانیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔

☆..... ایک خوشگوار ازدواجی زندگی گزاریں۔

ایک والد کے لئے بہترین خوشی

☆..... ان کے بچے ہمیشہ فیصلوں میں ان کی رائے کو اہمیت دیں۔

☆..... اپنی معاشی خودمختاری کے باوجود انہیں پہلے ہی جیسی محبت اور احترام سے نوازیں۔

☆..... اپنے بچوں کے بچوں کو اپنے ہاتھوں سے تربیت دیں ماہرین کی رائے میں بچے کی ابتدائی زندگی میں باپ کا کردار اس کی شخصیت بنانے اور بگاڑنے دونوں میں اہم حیثیت رکھتا ہے اس حقیقت کو جانتے ہوئے بھی ہمارے یہاں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ ہر طرح کی تربیت کا ذمہ صرف ماں ہی کے سر ہے اس لئے ہر کامیابی کے پیچھے زیادہ سہرا ماں کو ہی دیا جاتا ہے حالانکہ اس فریضے کی بجا آوری میں باپ بھی برابر کے شریک ہیں ایک سمجھدار اور ذہین والد نفسیاتی ذہنی الجھاؤ یا سیت اور خراب رویوں سے متعلق مسائل میں ماں سے زیادہ سرگرم ہوتے ہیں تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ بنیادی نوعیت کے ان مسائل کو سنبھالنے میں والد کا کردار زیادہ ہوتا ہے۔

جس کا واضح اثر ان کی صحت پر بھی ہوتا ہے شاید یہی وجہ ہے کہ لڑکوں اور لڑکیوں دونوں پر پروالد سے تعلقات کے اثرات مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں لڑکیاں بھی اس بات کا بغور جائزہ لیتی ہیں کہ ان کے والد کے تعلقات ان کی والدہ سے کیسے ہیں؟ اور خواتین سے متعلق ان کے خیالات کیا ہیں؟ وہ اپنے خیالات کا عملی اظہار کس طرح کرتے ہیں؟ یہی چیز مستقبل میں اس کے دیگر مردوں بشمول اپنے شوہر سے تعلقات کی بنیاد بنتی ہے والد اپنے بچوں کو اس کی زندگی کی کامیابی کے لئے وہ سنہری ستون فراہم کرنے کا ذمہ دار ہوتے ہیں جو اس کے لئے انمول خزانہ ہوتا ہے اگر کسی وجہ سے یہ سرمایہ کسی بچے کو نہ ملے تو اس کی زندگی میں کبھی نہ ختم ہونے والا خلا آ جاتا ہے جو اس کی شخصیت کو بھی الجھاؤ اور پیچیدگیوں کا شکار کر دیتا ہے ماہرین کی رائے میں اکثر مجرم اپنے والد کے کردار کی رہنمائی کی عدم موجودگی کے باعث ہی لاقانونیت اور جرم کی جانب مائل ہوتے ہیں اس سے والد کے کردار کی اہمیت کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے ایک باپ کی بچے سے جذباتی وابستگی اس کے اندر موجود صلاحیتوں کو پنپنے میں مدد دیتی ہے اس طرح وہ معاشرے میں موجود دیگر لوگوں سے متوازن انداز میں رابطہ رکھتا ہے اور کسی رجحان کا شکار نہیں ہوتا اگر اعتدال کے ساتھ اسے رویوں کے اظہار کا طریقہ سمجھا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ متوازن رویوں کا اظہار نہ کرے اس کے لئے وہ کیا طریقے اختیار کر سکتے ہیں ذیل میں اس سلسلے میں چند رہنما اصول بیان کئے جا رہے ہیں جو بچوں کی نفسیات کو سمجھنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

رہنما اصول

☆..... بچوں کو کم عمری سے خود فیصلے کرنے کی عادت ڈالیں ان کی رائے کو اہمیت دیں اس طرح ان کی کرداری نشوونما میں مدد ملے گی۔

☆..... کبھی کسی دوسرے کے سامنے کو ڈانٹیں نہیں اس طرح ان کے جذبات مجروح نہیں ہوتے اور وہ آپ کی سخت بات کو بھی اچھے انداز میں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔



ہم مایوس کیوں ہو جاتے ہیں؟

حمیرا ہاشمی

مایوسی یا خیبت (frustration) ہم اس احساس کو کہتے ہیں جو ایک شخص اپنی کسی خواہش کی تسکین نہ ہونے پر محسوس کرتا ہے۔ مثلاً ایک طالب علم امتحان میں پاس ہونا چاہتا ہے لیکن فیل ہو جائے تو وہ مایوسی سے دوچار ہوگا یا اگر کوئی کھلاڑی کھیل میں مقابلہ جیتنا چاہے، لیکن ہار جائے تو وہ مایوسی میں مبتلا ہوگا۔ کچھ نفسیات کے لکھنے والے اس احساس یا ردعمل کی مختلف انداز میں تعریف کرتے ہیں تاہم اس کی سیدھی سادی اور بامعنی تعریف یہی ہے کہ یہ کسی خواہش کی تسکین نہ ہونے کا ردعمل ہے۔ اب اگر ہم اس تعریف میں اپنے آپ کا اور اپنے اردگرد کا جائزہ لیں تو ہم جان لیں گے کہ دنیا کا ہر شخص اپنی زندگی میں مایوسی یا خیبت کا شکار رہا ہے اور جب تک کسی شخص کی سانس میں سانس ہے، وہ اس سے دوچار ہوتا رہے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی بھی شخص کی تمام خواہشات کی تسکین اس کی مرضی کے عین مطابق ممکن ہی نہیں ہوتیں، اس لیے وہ کسی نہ کسی حد تک مایوسی کا شکار رہے گا۔ تاہم کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن میں یہ احساس زیادہ شدید نہیں ہوتا اور کچھ لوگ ایسے ہیں جن میں یہ احساس شدید حد تک پایا جا

پاک۔افغان مذاکرات میں ڈیڈ لاک

پاکستان اور افغانستان کے درمیان استنبول میں چھ نومبر کو شروع ہونے والے مذاکرات ڈیڈ لاک کا شکار ہو گئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے دو روز قبل سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے، افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر قابو پانے کی ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ افغان طالبان دوحہ اَمن معاہدے کے مطابق اپنے بین الاقوامی، علاقائی اور دوطرفہ وعدوں کی تکمیل میں اب تک ناکام رہے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان افغان عوام کے لئے خیرسگالی کا جذبہ رکھتا ہے اور ان کے لئے ایک پُراَمن مستقبل کا خواہشمند ہے تاہم وہ طالبان حکومت کے ایسے اقدامات کی حمایت نہیں کرے گا جو افغان عوام یا پڑوسی ممالک کے مفاد میں نہ ہوں، وہ اپنے عوام اور خودمختاری کے تحفظ کے لئے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔ دوسری جانب وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا تھا کہ اِس وقت پاک افغان مذاکرات میں مکمل ڈیڈ لاک ہے، مذاکرات ختم ہو چکے ہیں، اگلے دور کا کوئی پروگرام نہیں، پاکستانی وفد کا خالی ہاتھ واپس آنا اِس بات کی دلیل ہے کہ ثالثوں کو بھی اب افغانستان سے اُمید نہیں، اُنہیں ذرا بھی اُمید ہوتی تو وہ کہتے کہ آپ ٹھہر جائیں، ثالث کہتے تو پاکستانی وفد رُک جاتا، مذاکرات میں افغان وفد پاکستانی موقف سے متفق تھا تاہم لکھ کر دینے پر راضی نہ تھا، کہہ رہا تھا کہ اُن کی بات کا زبانی اعتبار کیا جائے جس کی کوئی گنجائش نہیں ہے، بین الاقوامی مذاکرات کے دوران کی گئی حتمی بات تحریری طور پر کی جاتی ہے۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ افغان سرزمین سے پاکستان پر حملہ ہوا تو اُس کے حساب سے ردِعمل دیں گے تاہم اگر ایسا نہیں ہوتا تو پاکستانی کی طرف سے سیز فائر قائم ہے۔ خواجہ آصف نے یہ بھی کہا کہ اگر کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) افغان طالبان کے قابو میں نہیں ہیں تو پھر پاکستان کو اُنہیں قابو کرنے دیں۔ اِس کے لئے اگر پاکستان افغان سرزمین پر کارروائی کرتا ہے تو پھر اُسے اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار بریفنگ میں واضح کیا تھا کہ حالات بہتر ہونے تک افغانستان سے ملحقہ سرحدیں نہیں کھولی جائیں گی، اس کی سرزمین مسلسل پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے جن میں معصوم شہری نشانہ بنتے ہیں۔ واضح رہے کہ استنبول میں ہونے والے پاک۔افغان مذاکرات کے اِس حالیہ دور سے قبل 25 اکتوبر کو شروع ہونے والے مذاکرات بھی نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوئے تھے، پاکستانی وفد واپسی کے لئے روانہ ہو رہا تھا تو ثالثوں نے اِسے روک لیا تھا۔ اِس کے بعد جنگ بندی برقرار رکھتے ہوئے ترکیہ کی طرف سے چھ نومبر کو دوبارہ بات چیت کے آغاز کا اعلامیہ جاری کیا گیا تاہم اِس میں بھی ڈیڈ لاک برقرار رہا اور اِس بار ثالثوں نے پاکستانی وفد کو واپسی سے روکا بھی نہیں۔ یاد رہے کہ گذشتہ ماہ پاکستان اور افغانستان کے مابین شدید سرحدی جھڑپوں کے بعد دونوں ممالک نے عارضی طور جنگ بندی پر اتفاق کیا تھا، مذاکرات کا پہلا دور قطر میں ہوا تھا جس میں دونوں ممالک نے جنگ بندی میں توسیع اور دیرپا اَمن کے قیام کے لئے استنبول میں دوسرے مرحلے کے مذاکرات کا اعلان کیا تھا۔

افغانستان مسلسل حقیقت سے نظریں چُرانے کی کوشش کر رہا ہے، وہ ٹی ٹی پی کو پاکستان کا داخلی مسئلہ قرار دیتا ہے باوجود اِس کے کہ ٹی ٹی پی نے افغان طالبان کے سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخونزادہ کی بیعت کر رکھی ہے اور پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں افغانیوں کا خاصہ ہاتھ ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق رواں سال اپریل سے ستمبر کے دوران کارروائیوں میں مارے جانے والے 267 دہشت گرد افغان تھے جبکہ افغانستان سے پاکستان میں ہونے والی حالیہ دراندازیوں میں 70 سے 80 فیصد دہشت گردوں کی شناخت افغان شہری کی حیثیت سے ہوئی تھی۔ اِن اعداد و شمار کے ثبوت بھی حالیہ استنبول مذاکرات میں افغان وفد اور ثالثوں کے سامنے رکھے گئے جس کے بعد انہوں نے پاکستانی موقف سے اتفاق تو کیا لیکن کسی تحریری معاہدے کے بجائے زبانی کلامی اعتماد کرنے پر مُصر رہے۔ معاملہ یہی ختم نہیں ہوتا بلکہ افغان طالبان کی مختلف دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی اِس وقت دنیا میں زیر بحث ہے، رواں سال اگست میں منظر عام پر آنے والی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی 36ویں مانیٹرنگ رپورٹ نے بھی تصدیق کی کہ افغان طالبان متعدد پاکستان مخالف دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی کر رہے ہیں جن میں تحریکِ طالبان، داعش خراسان، القاعدہ، مشرقی ترکستان اسلامی تحریک اور ترکستان اسلامی پارٹی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹی ٹی پی کے قریباً چھ ہزار دہشت گرد افغانستان میں موجود ہیں جنہیں افغان حکام سے مالی اور عسکری مدد حاصل ہے اور وہ سرحد پار پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ ٹی ٹی پی اور بلوچستان لبریشن آرمی کے درمیان رابطے ہیں جو جنوبی افغانستان کے تربیتی مراکز میں مشترکہ طور پر سرگرم ہیں۔ اقوامِ متحدہ کی مانیٹرنگ رپورٹ کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے اپنی سرزمین کو دہشت گرد گروہوں کے استعمال سے روکنے میں ناکامی دوحہ میں ہونے والے پاک۔افغان معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہے کیونکہ اُس میں بھی افغان طالبان نے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنی زمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا اِس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ صرف افغان سرزمین ہی پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال نہیں ہو رہی ہے بلکہ بڑی تعداد میں افغان شہری بھی اِس میں شریک ہیں۔ اِن سطور کی تحریر کے وقت سامنے آنے والی ایک خبر کے مطابق 30 ستمبر کو فرنٹیئر کور ہیڈ کوارٹر کوئٹہ پر ہونے والے خودکش حملے میں ملوث دوسرے حملہ آور کی شناخت بھی افغان شہری کے طور پر ہوئی جو افغانستان کے صوبے وردک کے ضلع میدان شہر کا رہائشی تھا۔

اِس حملے میں آٹھ شہری شہید اور 40 زخمی ہوئے تھے۔ یہی وہ وجہ ہے کہ پاکستان اب افغانستان سے تحریری طور پر یہ ضمانت لینا چاہتا ہے کہ اُس کی سرزمین کسی صورت پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہو گی لیکن افغانستان اِس پر راضی نہیں ہے۔ افغان حکومت نے اپنا رویہ نہ بدلا تو معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں اور پھر دونوں اطراف کو ہی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اِس معاملے کو بات چیت کے ذریعے ہی حل کرنا چاہئے، افغان طالبان اپنا رویہ بدلیں، حقیقت کا سامنا کرتے ہوئے درست راستہ اختیار کریں۔ اگر افغان حکومت کو کسی بھی قسم کے مسئلے کا سامنا ہے تو پاکستان اُس کی مدد کر سکتا ہے۔ پاکستان کا ایک ہی مطالبہ ہے جو ہر طرح سے جائز ہے، اِس حوالے سے اُن تمام ممالک کو بھی مدد کرنی چاہئے جو افغان طالبان پر اپنا اثر و رسوخ استعمال کر سکتے ہیں، بلاشبہ مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل ہی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔

زندہ رہنا سیکھئے!

راؤ منظر حیات

گزشتہ کالم کے اہم نکات' توجہ کے لیے پیش کر کے آگے بڑھتا ہوں۔ معمولی سی ورزش' معتدل غذا اور وقت کے بہتر استعمال کو ذہن میں رکھیئے۔ تھوڑی دیر کے لیے مکمل اکیلے خاموشی سے بیٹھ جایئے۔ سوچیے کہ کون سی ایسی چیزیں ہیں جو آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار لاتی ہیں۔

اس کے بالکل متضاد' وہ کون سے عناصر ہیں جن سے رنج پہنچتا ہے۔ اب ان تمام کی فہرست بنایئے۔ یہ لسٹ صرف اور صرف آپ کی ذات کے لیے ہے۔ اسے کسی کو بھی نہ دکھایئے۔ جو معمولات آزار کا باعث بنتے ہیں، ان پر لکیر لگایئے اور ساتھ ہی انھیں زندگی سے نکال دیجیے۔ مت سوچیے کہ یہ کتنے قربت کے واسطے ہیں۔ ان میں رنج انسان اور مشکل رشتے دونوں شامل ہیں۔ بالکل گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ جیسے ہی ترش عناصر' راستے سے ہٹ جائیں گے پچاس فیصد مسائل ویسے ہی حل ہو جائیں گے۔

ہاں رشتوں کو ترک کرتے وقت' حد درجہ عزت و احترام کا دامن پکڑیے۔ آخری ملاقات' مسکراہٹ پر ختم ہونی چاہیے۔ نوٹ فرمایئے گا کہ فوراً ذہن نہیں بلکہ روح ہلکی ہو جائے گی۔ اب ذرا سکے کے دوسرے رخ پر غور کیجیے۔ خوشی فراہم کرنے والے معمولات کو توانا فرمایئے۔ اگر ایک دوست سے مل کر بے ساختہ قہقہے لگاتے تھے اور وہ آپ سے فاصلے یا کسی بھی اور وجہ سے ذرا سا دور ہو گیا ہے تو اسے خود جا کر ملیے۔ خوب ہنسیے۔ اس سے کہیں کہ آؤ' کہیں باہر جا کر کسی کیفے میں کافی پیتے ہیں۔ یا کسی تھڑے پر براجمان ہو کر' چوکڑی بھر کر' عام سی پیالیوں میں شوشو کر کے چائے پیتے ہیں۔ دو چار گھنٹے' اپنے دوست کے ساتھ گزار کر گھر واپس آئیں گے۔ تو اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کریں گے۔ مگر یہ تو صرف اور صرف ابتداء ہے۔

یاد رکھیے! کہ زندگی' آپ کی سب سے بڑی جائیداد ہے۔ اسے ضایع مت ہونے دیں۔ اکثر لوگ جوانی یا عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ قنوطیت پسند ہو جاتے ہیں۔ بہترین معاملے میں بھی منفی رنگ نکالنا ان کے لیے معمولی سا کام ہے۔ ان سے تو خیر اجتناب ہی فرمایئے۔ یاد رکھیے زندگی کا ریموٹ کنٹرول آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ اگر کسی اور کو دے رکھا ہے تو فوراً واپس لیجیے۔ دن اور رات' اپنی سوچ کے مطابق صرف کریں۔ کوئی بڑی بات نہیں کر رہا۔ بالکل سادہ سی باتیں ہیں جو آپ کو مکمل طور پر تبدیل کر کے رکھ دیں گی۔ گھر کے نزدیک کسی میدان میں وقت گزاریے۔ درختوں' پودوں' پتوں اور پرندوں کے رنگوں پر غور فرمایئے۔ ہوا کے جھونکوں کی سرسراہٹ کو اپنے اندر سمو لیجیے۔ خود کو اس کیفیت کے حوالے کر دیجیے۔ پندرہ بیس منٹ کے قلیل وقت میں روح ہری ہو جائے گی۔

اب ذرا بیرونی معاملات پر بھی نظر دوڑایئے۔ ہر گلی' محلہ یا پوش علاقے میں ایسے کئی ضعیف افراد مل جائیں گے جو شدید تنہائی کا شکار ہیں۔ ان سے گفتگو کرنی شروع کر دیجیے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ شروع میں قدرے حیران ہوں۔ پر پیچھے مت ہٹیے۔ میل جول جاری رکھیں۔ اگر بازار جا رہے ہیں تو ان سے پوچھ لیں کہ کیا کوئی چیز تو نہیں منگوانی؟ دیکھیے گا کہ تھوڑے سے عرصے میں وہ آپ کو دن میں تلاش کر کے ملنا شروع کر دیں گے۔ یہ تو میں ذرا پختہ عمر کے مرد اور خواتین کی بات کر رہا ہوں۔ اگر اوائل عمری میں ہیں تو ایک نیا کام کریں۔ اکثر گھروں میں مائیں کھانا بناتی ہیں۔ ویسے ماں سے بہتر کوئی کھانا بنا ہی نہیں سکتا۔ اس لیے کہ ان کی بنائی ہوئی اشیاء میں محبت اور خلوص کی آمیزش ہوتی ہے جو بازار سے کبھی حاصل نہیں ہو سکتی۔

ایک دن اسکول یا کالج یا دفتر سے واپس آ کر' باورچی خانے میں کھانا بنانے میں والدہ کی مدد کرنی شروع کر دیں۔ سبزی کاٹنے کی کوشش کریں۔ اگر پوری زندگی کچن میں نہیں گئے تو پھر بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ مصالحوں کے ڈبوں سے مصالحہ جات نکالنے میں ماں کی مدد کریں۔ پھر ڈبے ترتیب سے واپس رکھیں۔ ہفتے میں کم از کم دو چار بار یہ کرنے کی ضرور ہمت کریں، گھر کا ماحول بدل جائے گا۔ دعائیں ملنی تو خیر لازم ہیں۔ چہروں پر خوشی کا رنگ بکھر جائے گا۔ اور جناب' شخصیت میں مسرت کا وہ نور بکھرے گا کہ اندر سے خوشبودار ہو جائیں گے۔

والدین' اپنے بچوں سے محبت تو کرتے ہیں مگر ان کو ہر دم ٹوکتے بھی رہتے ہیں۔ اکثر اوقات' والد یا والدہ کو علم نہیں ہوتا کہ اس سے بچوں کے ذہن پر کتنا برا اثر پڑتا ہے۔ ان میں سے متعدد بچے تو احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کہ پتہ نہیں ان کی شخصیت میں کیا کمی ہے کہ عزیز ترین رشتے بھی بس خامیاں ہی نکالتے رہتے ہیں۔ اپنے بچوں پر نکتہ چینی کرنا چھوڑ دیں۔ ان کو ہر بات پر بار بار نہ ٹوکیں۔ اگر کسی بچے یا بچی کے امتحان کا نتیجہ' توقع پر پورا نہیں اترا۔ تو اپنے غصے کو باہر نہ نکلنے دیں۔

صرف یہ کہیں کہ آپ کو ان سے ہر حال میں محبت ہے۔ بس آنے والے امتحان میں تھوڑی اور محنت کر لوں۔ حیران رہ جائیں گے۔ جب آپ کی اولاد' اگلے امتحان کے لیے خود بخود اتنی شدید محنت شروع کر دے گی جس کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی۔ بچوں کا حوصلہ بڑھایئے۔ باقی خدا پر چھوڑ دیجیے۔ اس عمل سے آپ کی اپنی شخصیت پر جتنے مثبت اثرات پڑیں گے۔ اس کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ ہر ذی روح کو حوصلہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کو اپنا طیرہ بنا لیجیے کہ دوسروں کا حوصلہ بن جائیں۔ مثبت جملے کہنے

پر امید ہونے کی امید

کچی مٹی

: Arslan Saif

: Thearslansaif

: Fikrastan

: saifarslan753@gmail.com

ارسلان سیف

انسان کا سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ انسان سوچتا ہے، یادداشت اور اس سے جڑے بالکل بنیادی قسم کے دیگر افعال تو کئی جانداروں میں بھی پاۓ جاتے ہیں تاہم انسان کو جو وصف ان تمام جانداروں سے ممتاز کرتا ہے وہ اس کے سوچنے اور فکر کرنے کی صلاحیت ہے، سوچ اور تفکر کی اس صلاحیت کے بطن سے ایک پورا فکری و نفسیاتی ڈھانچہ برآمد ہوتا ہے، جس کی جڑیں کہاں سے شروع ہوتی ہیں اور شاخیں کہاں تک پھیلی ہیں اس کا اندازہ لگانا ممکن نہیں، جو سائنسی وضاحت سے سامنے آئیں ان کا ہمیں پتا ہے جو کسی اور وسیلے سے آشکار ہوئیں ان کا بس اسے پتا ہے جس پر ان کے بندِ قبا وا ہوۓ، اس وقت سگمنڈ فرائڈ، کارل ینگ اور ایڈلر کے نفسیاتی تجزیے میرے ذہن میں گردش کر رہے ہیں، لیکن میں قطعاً تھیٹیکل سائنسی گفتگو کرنے کے حق میں نہیں اور نا ہی اسے مکمل اور کافی جانتا ہوں، تو میں کہہ رہا تھا کہ اس بنیادی نظامِ تفکر Basic Cognitive function میں بڑی پیچیدگی ہے، اس نظامِ تفکر کی عمیق ترین تہوں سے تمنا / خواہش کی کونپلیں پھوٹتی ہیں، فکر کو خواہش نے گلیمرائز کیا تو دنیا میں ساری حرکت پیدا ہوئی، فکر کی تہہ سے پھوٹنے والی خواہش کی کونپلیں ہی فکر کے دست و بازو ہیں، یہ تسخیرِ کائنات کا سارا قصہ خواہش کا قصہ ہے، خواہش نہیں تو فکر اور نظامِ فکر بانجھ اور مردہ ہے، فکر کا بہت ابتدائی فعل فکر کرنے یا سوچنے کی چاہت یا تمنا ہے، اس طرح تمنا / خواہش کا یہ سارا سفر امید کے روشنی میں ہوتا ہے اور ہوتا رہا ہے، امید کی روشنی کے بغیر بھی شاید تمنا کا کوئی نہ کوئی وجود بچ جاتا ہے، نیم مردہ حالت ہی میں سہی.. تاہم تمنا کی ترقی اور فلاح کے لیے امید بہت لازم ہے، ورنہ تمنا کا سفر رک جاتا ہے تمنا کا وجود گہنا جاتا ہے بعض دفعہ تو کل سڑ بھی جاتا ہے.. ہمارے ساتھ عظیم سانحہ ہو گیا ہمارے خارجی ماحول میں کچھ ایسے واقعات اور سانحے وقوع پذیر ہونے لگے ہیں کہ ہم سے امید کی روشنی رخصت ہو گئی ہے ناامیدی کا ایک دائمی اندھیرا دکھائی دیتا ہے جس میں تمنا کا بچا کھچا وجود بھی گلنے سڑنے لگا ہے، تمنا کا یہ سفر رک گیا ہے، یعنی ہم رک گئے ہیں.. امید تو رخصت ہو ہی گئی تھی لیکن ایک پر امید ہونے کی امید بھی ہوتی ہے صد افسوس کہ وہ بھی دم توڑ رہی ہے.. خدا ہمارے وجود، سماج اور وطن کو امید سے بار آور کرے.. نظامِ فکر معطل ہونے کو ہے، تمنا گلنے سڑنے لگی ہے، امید کی روشنی کہیں کھو گئی ہے

اسلامی جمہوریہ.. مگر کس کتاب کا اسلام؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلمِ حق

یہ ملک صدیوں کی کہانیوں کا وارث ہے۔ یہاں پہاڑ اپنے سینوں میں تاریخیں دبا کر کھڑے ہیں، دریا زمانوں کی گردش کو اپنی لہروں میں دہراتے ہیں، اور زمین کی مٹی میں محبت، وفاداری اور غیرت کی خوشبو رچی ہوتی ہے۔ مگر اسی دھرتی پر انسانوں کے قدم کچھ ایسے بھٹکے ہوئے ہیں کہ منزل سامنے ہونے کے باوجود راستہ دھندلا سا محسوس ہوتا ہے۔ خواہشیں بلند ہیں، دعائیں بھی سنجیدہ ہیں، مگر عمل تھکا ہوا اور بکھرا ہوا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے ہم مسلسل بھاگ رہے ہیں مگر یہ بھاگ دوڑ ہمیں اپنی جگہ پر ہی گھما رہی ہے۔ ہماری شادیوں میں مہندی، ڈھول، گانا، رقص، لباس سب کچھ ہندوستانی رنگ میں ڈوبا ہوتا ہے۔ آخر مدہ رخصتی کے وقت قرآن کا سایہ، جیسے ایک لمبا ڈرامہ ایک آدھ لمحے کی روحانیت سے پاک ہو جائے۔ مذہب اور روایت دونوں کی اپنی جگہ ہے، مگر دکھاوے کی تہیں کبھی بھی دل کی روشنی نہیں جگا سکتیں۔ ہم مذہبی ایام چاند دیکھ کر مناتے ہیں، عید کے دن گھروں میں نور اترتا ہے۔ مگر سال نو کی رات چمکتی روشنیوں اور شور میں ایسا لگتا ہے کہ ہم اپنی شناخت کے توازن میں کہیں الجھ گئے ہیں۔ یہ الجھن فہم کی نہیں، خود اعتمادی کی ہے کہ ہم اپنے ہونے پر فخر کرنا بھول گئے ہیں۔ مساجد کے بلوں میں ٹی وی لائسنس فیس شامل ہوتی ہے۔ عبادت کی جگہ، اللہ کے گھر میں دنیا کی وہ قیمت بھی جو وہاں بھی استعمال نہیں ہوتی۔ یہ صرف ایک رقم نہیں، یہ احساس کے زخمی ہونے کی صورت ہے۔ اور اسی کے ساتھ ہم اپنے آپ کو اسلامی ریاست کہتے ہیں۔ اسلامی ہونا صرف نام نہیں، طرزِ عدل اور طرزِ رحم کا نام ہے۔ بنکوں کی فولادی تجوریوں میں نوٹوں کے انبار محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ اربوں روپے کی حفاظت کا نظام بنایا جاتا ہے۔ کیمرے، سنسر، الارم، فولادی دروازے سب موجود ہوتے ہیں۔ مگر باہر کھڑا محافظ، وہ جو اپنی جان کی قیمت پر اس دولت کی حفاظت کرتا ہے، اسے پندرہ ہزار تنخواہ دی جاتی ہے۔ یہ صرف ناانصافی نہیں، یہ وہ آئینہ ہے جس میں ہماری سوچ کا چہرہ نظر آتا ہے۔ یہاں دولت کی قیمت بہت ہے، مگر انسان کی قیمت خطرناک حد تک کم۔ ہماری سڑکیں بنائی جاتی ہیں نہایت دعووں کے ساتھ، افتتاحی تصاویر لگائی جاتی ہیں، ربن کٹتا ہے، تالیاں بجتی ہیں۔ پھر کچھ ہی دن بعد وہی سڑک دوبارہ کھود دی جاتی ہے تاکہ گیس یا پانی کی لائنیں ڈالی جا سکیں۔ یہ بار بار مرمتی عمل سڑکوں کو نہیں، نظام کی عقل کو بے نقاب کرتا ہے۔ اگر منصوبہ بندی مکمل ہو تو زمین ایک ہی بار کاٹتی ہے۔ مگر یہاں لگتا ہے جیسے ہر کام آدھا سوچ کر، آدھا بنا کر اور باقی مقدر پر چھوڑ کر کیا جاتا ہے۔ ہمارے کارخانوں، دکانوں، گھروں اور گلیوں میں سلنڈروں اور تاروں پر ہنگامی ہدایات انگریزی میں لکھی جاتی ہیں، جبکہ انہیں استعمال کرنے والا عام مزدور ان الفاظ کی صورت تک نہیں پہچانتا۔ یہ رسم نہیں، یہ سوچ کی شکست ہے۔ یہ اس اجتماعی غفلت کا نقشہ ہے جس میں ہم سمجھتے ہیں کہ مسئلہ تعلیم کا نہیں بلکہ صرف تحریر کا ہے، حالانکہ اصل مسئلہ فاصلہ ہے: فیصلہ کرنے والوں اور کام کرنے والوں کے درمیان۔ حادثے ہوتے ہیں، جانیں جاتی ہیں، گھروں کی روشنی بجھ جاتی ہے۔ پھر ریاست معاوضہ دیتی ہے جیسے جان کی قیمت مقرر ہو۔ مگر حادثات کے اسباب پر توجہ نہیں دی جاتی۔ سڑکیں بہتر نہیں ہوتیں، احتیاطی اصول لاگو نہیں ہوتے، ذمہ داروں سے سوال نہیں ہوتا۔ یہ ایسا نظام ہے جو مرنے کے بعد روتا ہے، مگر مرنے سے پہلے بچانے کے لیے کچھ نہیں کرتا۔ ریاست قرضوں کے سہارے کھڑی ہے، اور عوام کو خطاب کیا جاتا ہے کہ بچت کرو، قناعت کرو، سادگی اپناؤ۔ مگر اشرافیہ کی محفلیں، پروٹوکول، وفود، گاڑیاں، نہ ختم ہونے والے خرچے کچھ اور ہی کہانی بیان کرتے ہیں۔ اس تضاد میں قوم کا اعتماد ختم ہوتا ہے، اور اعتماد ہی وہ لکیر ہے جسے مٹا دیا جائے تو قوم مٹی میں ڈھل جاتی ہے۔ کھلاڑیوں اور کرسیوں پر بیٹھے افراد کو لاکھوں روپے ملتے ہیں، بغیر کارکردگی، بغیر ثمر کے، اور دوسری طرف ایک طالب علم اپنی کتابوں اور فیسوں کے درمیان زندگی کا سانس بچانے کی جنگ لڑتا ہے۔ قومیں اُس وقت گرتی ہیں جب ان کے اصل سرمایہ دار یعنی نوجوان بے وقعت ہو جائیں۔ ہم ووٹ ان لوگوں کو دیتے ہیں جن کے ماضی، کردار اور نیت سب بے نقاب ہوتی ہیں۔ پھر زبان سے خواہش نکلتی ہے کہ کاش حکمرانی عمر بن خطاب جیسی ہو۔ یہ آرزو نہیں، تضاد ہے۔ ایک ایسا تضاد جس نے ہمیں اندر سے توڑ دیا ہے۔ عوام تھوڑی آمدنی میں بجلی اور ٹیکس ادا کرتے ہیں، جبکہ اشرافیہ ہزاروں یونٹ بجلی مفت حاصل کرتی ہے۔ عدل کا یہ زخم محض معاشی نہیں، اخلاقی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریض بستر کی تلاش میں دم توڑ دیتے ہیں، اور حکمران معمولی علاج کے لئے لندن جاتے ہیں۔ یہ وہ مقام ہے جہاں دل خود ہی سوال پوچھتا ہے کہ کیا یہ وطن محض رہنے کی جگہ ہے، جینے کی نہیں؟ ہم سب دوسروں پر انگلی اٹھاتے ہیں مگر اندر دیکھنے سے گھبراتے ہیں۔ اپنی ذات کو بدلنا سب سے مشکل کام ہے۔ مگر وہی اصل بنیاد ہے۔ تعلیمی اداروں میں ڈگریاں ملتی ہیں، مگر شعور کی کرنیں کمزور ہوتی جا رہی ہیں۔ مسجدیں عدل اور اخلاق کا پیغام دیتی ہیں، مگر دلوں میں اس پیغام کا گزر کم دکھائی دیتا ہے۔ عدالتیں فیصلے سناتی ہیں، مگر انصاف کی تصویر دھندلی رہتی ہے۔ یہ قصہ صرف حکمرانوں کا نہیں، یہ ہم سب کا ہے۔ قومیں لیڈروں کے ہاتھوں نہیں، اپنی اجتماعی عادات کے ہاتھوں بنتی اور بگڑتی ہیں۔ یہ ملک اپنی مٹی میں طاقت رکھتا ہے۔ یہاں محنت ہے، جذبہ ہے، غیرت ہے۔ صرف سمت کی کمی ہے۔ اور سمت تب ملتی ہے جب قوم خود کو آئینے میں دیکھنے کی ہمت کرے۔ تبدیلی کسی نعرے سے نہیں، دل کے اندر سے اٹھنے والے عزم سے شروع ہوتی ہے۔ انقلاب خاموش ہوتا ہے، مگر اس کی گونج پوری تاریخ کو بدل دیتی ہے۔ یہ ملک ٹوٹا ہوا نہیں، تھکا ہوا ہے۔ تھکاوٹ آرام، امید اور سچے قدموں سے دور ہو جاتی ہے۔ یہ سوال کبھی ٹلتا نہیں، صرف انتظار کرتا ہے۔ کہانی ابھی ختم نہیں۔ پاکستان ابھی بھی ہم سے ہے، اور ہم سے ہی بدلے گا۔ اگر ہم بدلنے کا فیصلہ کر لیں۔

وضو کے فرائض اور واجبات کیا ہیں

رپورٹ محمد خالق اورکزئی (دینے اہم معلومت) (مفتی سراج الحق سراج) 1۔سوال وضو کے فرائض اور واجبات کیا ہیں جواب وضو میں چار فرض ہیں: 1۔منہ (چہرہ) ایک بار دھونا۔ 2۔دونوں ہاتھوں کا ایک بار کہنیوں تک (کہنیوں سمیت) دھونا۔ 3۔چوتھائی حصہ سر کا مسح کرنا۔ 4۔دونوں پاؤں کا (ٹخنوں سمیت) ایک بار دھونا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:: اے ایمان والو! جب تم نماز کا ارادہ کرو تو اپنے منہ کو اپنے دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھولو اور اپنے سر کا مسح کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولو! سورہ المائدہ، سوال۔2۔ مجھے اللہ سے دعا نہیں مانگنا آتی درست طریقہ کیا ہے؟ نیز وتر میں کون سی دعا مسنون ہے۔ جواب 1۔ دعا مانگنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ سینہ کے برابر ہاتھ اُٹھائیں اور ہتھیلیاں آسمان کی طرف رہیں کیوں کہ دعا کا قبلہ آسمان ہے، دونوں ہاتھوں میں تھوڑا سا فاصلہ ہو۔ اور دعا کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر مَل لیں۔ دعا کی ابتدا اپنے نفس سے کریں، پھر والدین کو، پھر تمام مسلمانوں کو شامل کریں۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے دعا جلد قبول ہوتی ہے۔ دو رکعت صلوٰۃِ حاجت پڑھ کر صلوٰۃِ حاجت کی دعا پڑھنا بھی جلد حاجت روائی کا ذریعہ ہے۔ دعا کا آہستہ مانگنا اور تضرع سے یعنی گڑ گڑا کر مانگنا زیادہ اولی ہے) سوا مجھے اللہ سے دعا نہیں مانگنا آتی درست طریقہ کیا ہے؟ نیز وتر میں کون سی دعا مسنون ہے/ جواب 1۔ دعا مانگنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ سینہ کے برابر ہاتھ اُٹھائیں اور ہتھیلیاں آسمان کی طرف رہیں کیوں کہ دعا کا قبلہ آسمان ہے، دونوں ہاتھوں کو چہرے پر مَل لیں۔ دعا کی ابتدا اپنے نفس سے کریں، پھر والدین کو، پھر تمام مسلمانوں کو شامل کریں۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے دعا جلد قبول ہوتی ہے۔ دو رکعت صلوٰۃِ حاجت پڑھ کر صلوٰۃِ حاجت کی دعا پڑھنا بھی جلد حاجت روائی کا ذریعہ ہے۔ دعا کا آہستہ مانگنا اور تضرع سے یعنی گڑ گڑا کر مانگنا زیادہ اولی ہے) سوا مجھے اللہ سے دعا نہیں مانگنا آتی درست طریقہ کیا ہے؟ نیز وتر میں کون سی دعا مسنون ہے۔ جواب 1۔ دعا مانگنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ سینہ کے برابر ہاتھ اُٹھائیں اور ہتھیلیاں آسمان کی طرف رہیں کیوں کہ دعا کا قبلہ آسمان ہے، دونوں ہاتھوں میں تھوڑا سا فاصلہ ہو۔ اور دعا کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر مَل لیں۔ دعا کی ابتدا اپنے نفس سے کریں، پھر والدین کو، پھر تمام مسلمانوں کو شامل کریں۔ اوّل و آخر درود شریف پڑھنے سے دعا جلد قبول ہوتی ہے۔ دو رکعت صلوٰۃِ حاجت پڑھ کر صلوٰۃِ حاجت کی دعا پڑھنا بھی جلد حاجت روائی کا ذریعہ ہے۔ دعا کا آہستہ مانگنا اور تضرع سے یعنی گڑ گڑا کر مانگنا زیادہ اولی ہے) کیا تقدیر بدل سکتی ہے

لیاقت علی گڈ گور پنجابی ادب کا درخشندہ ستارہ

آپ کی بات

رزاق احمد غفاری

ghaffari786@gmail.com

تحریر: رزاق احمد غفاری

پنجابی زبان کے معتبر شاعر، "سدھراں اور "سفینے" کے خالق لیاقت علی گڈ گور نے پنجابی ادب کو روحانیت، محبت اور عقیدت کے رنگوں سے بھر دیا۔ ان کی شاعری میں جذبہ※ انسانیت، احساسِ ایمان، اور محبت رسول ﷺ کی خوشبو نمایاں ہے۔ لیاقت علی گڈ گور کا تعلق موضع جھمیو رانو والی (کنجاہ)، ضلع گجرات سے ہے۔ وہ ایک علمی و ادبی ماحول میں پروان چڑھے، جہاں زبان و ثقافت کا چرچا عام تھا۔ بچپن ہی سے انہیں شاعری اور ادب سے گہری وابستگی تھی۔ محکمہ تعلیم میں تدریسی خدمات انجام دیتے ہوئے بھی ان کا دل ہمیشہ ادب سے جڑا رہا۔ لیاقت علی گڈ گور پنجابی زبان کے ان عاشقوں میں سے ہیں جنہوں نے لفظوں کو دعا اور محبت کو پیغام بنا دیا۔ ان کے قریبی اور سحاقت سے بیں بلدہ اُس ملک ے ھریالی منظر نامے سے بھی ہے۔

سرد جنگ نے اس ملک پر کئی کرم فرمائیاں کی ہیں۔ ان میں ایک کا تعلق سرمایہ دارانہ اندازِ فکر سے تھا اور دوسری کا اشتراکیت سے۔ اس زمانے میں ہمارے ملک پر ان دو نظریاتی دھاروں کے درمیان گھمسان کا ایسا رن پڑا کہ کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ یوں گویا پاکستان، اس کے مقاصد اور نظریات طوطی کی آواز بن گئے، نقار خانے می

امن جرگہ کا قیام خوش آئند اقدام ہے، سراج الحق

تمام جماعتوں کو اس میں شامل ہونا چاہیے، خیبر پختونخوا امن وامان کے لحاظ سے سینڈوچ کی مانند بن چکا ہے، سراج الحق

چارسدہ، جماعت اسلامی پاکستان سابق امیر سراج چارسدہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چارسدہ (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے سابق مرکزی امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ 27ویں ترمیم کے ذریعے صوبوں کے اختیارات محدود اور وفاق کے اختیارات بڑھائے جا رہے ہیں یہ اقدامات جمہوریت کے نام پر سول مارشل لا نافذ کرنے کی کوشش ہیں، 18ویں ترمیم کی طرح 27ویں ترمیم پر بھی عوامی مشاورت ہونی چاہیے چارسدہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سابق امیر جماعت نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ دونوں ممالک کے لیے تباہی کا باعث ہوگی کیونکہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں امن جرگہ سسٹم اور مذاکرات سے ممکن ہے انہوں نے کہا کہ بیرونی قوتیں پاکستان اور افغانستان کو تصادم کی آگ میں دھکیلنا چاہتی ہیں اسلئے تمام سیاسی جماعتیں اور علمائے کرام جرگہ سسٹم کے ذریعے امن کے لیے کردار ادا کریں، انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا جنگ کی صورت میں سب سے زیادہ متاثر ہوگا اور امن جرگہ کا قیام خوش آئند اقدام ہے، تمام جماعتوں کو اس میں شامل ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا امن وامان کے لحاظ سے سینڈوچ کی مانند بن چکا ہے، وفاق اور صوبہ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر رہے، عوام خمیازہ بھگت رہی ہے سراج الحق نے کہا کہ 27ویں آئینی ترمیم راتوں رات منظور کرنا جمہوری اصولوں کے منافی ہے ملک میں کوئی ایمرجنسی نہیں تھی کہ ترمیم عجلت میں منظور کی جائے، انہوں نے کہا کہ سیاسی پارٹیوں کو بیکچر دے کر ترمیم منظور کرانا عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں قانون کی بالادستی اور شفاف انتخابات کے بغیر ترقی ممکن نہیں، جماعت اسلامی آئین و قانون کی حکمرانی اور صوبائی خودمختاری کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی،

سول ڈیفنس کے زیر اہتمام یوم اقبال کے موقع پر تربیتی پروگرام و کیک کٹنگ کی تقریب میں مہمان خاص ایڈووکیٹ آجر خان گبول جنرل سیکریٹری ہائیکورٹ بار سکھر کی شرکت

سول ڈیفنس سکھر کا یوم اقبال کے موقع پر رضا کاروں کے لئے تربیتی پروگرام کا انعقاد

ڈپٹی چیف وارڈن ڈاکٹر سعید اعوان نے رضا کاروں کو بہترین انداز میں تربیت اور سول ڈیفنس کے رولز کے حوالے سے مکمل آگاہی دی

سکھر (بیورو رپورٹ) سول ڈیفنس سکھر نے یوم اقبال کے موقع پر رضا کاروں کے لئے تربیتی پروگرام کا انعقاد سول ڈیفنس آفیس میں کیا۔ جس کی صدارت امیر الدین عباسی ایڈیشنل کنٹرولر نے کی۔ ڈپٹی چیف وارڈن ڈاکٹر سعید اعوان نے رضا کاروں کو بہترین انداز میں تربیت اور سول ڈیفنس کے رولز کے حوالے سے مکمل آگاہی دی۔ اس موقع پر مہمان خاص سندھ ہائیکورٹ بار سکھر کے جنرل سیکریٹری سینئر ایڈووکیٹ آجر خان گبول نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یومِ اقبال، 9 نومبر، ہم سب کے لیے ایک یادگار دن ہے، جو ہمیں پاکستان کے عظیم شاعر، فلسفی، اور رہنما ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی پیدائش کی خوشی منانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ علامہ اقبال ایک ایسی شخصیت ہیں جنہوں نے اپنی شاعری، فلسفے، اور فکر انگیز خیالات کے ذریعے مسلمانوں کی فکری اور عملی زندگی میں انقلاب برپا کیا۔ ان کا پیغام آج بھی ہر دور کے انسان کے لیے روشنی کی مانند ہے۔ سول ڈیفنس کا کردار زمانہ جنگ اور زمانہ امن قابلِ ستائش ہے آج کے دور میں ذاتی مفادات کو چھوڑ اللہ تعالی کی رضا کے لئے رضا کاروں کی خدمات قابل قدر ہیں۔ پنجاب کی طرح سندھ میں سول ڈیفنس کو جدید طرز پر بنایا جائے اور مراعات دی جائیں تمام رضا کار اپنی محنت، لگن، اور عزم کے ساتھ معاشرے میں تبدیلیاں لائیں گے۔ اس موقع پر تربیت حاصل کرنے والے رضا کاروں میں مہمان خاص نے تربیتی سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ یوم اقبال کے حوالے سے کیک کاٹا گیا۔ اس موقع گروپ وارڈن محمد احمد شیخ، حاجی محمد ریاض کھوکھر، شیخ محمد عدنان، اصف شیخ، لالا عمران میرانی، محمد یوسف ودیگر موجود تھے

☆☆☆☆☆☆☆

کوہاٹ، پولیس کی کارروائی

دہرے قتل میں 8 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کردی

کوہاٹ (بیو رو رپورٹ) قبائلی ضلع کرم کی لوئر تحصیل کے علاقہ مینگک میں دہرے قتل کے واقعہ میں پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 8 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کردی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کرم ملک حبیب خان نے ناخوشگوار واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو خصوصی ہدایات جاری کیں جس پر مقامی پولیس نے دو دیہاڑی دار مزدوروں کے دہرے قتل کے الزام میں آٹھ مشکوک افراد کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق زیر حراست افراد میں زاہد حسین، علی خان، ایران علی اور سلمان علی، ساجد حسین، مہدی حسن، تحسین علی اور عامر عباس شامل ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز لوئر تحصیل ہیڈکوارٹر صدہ کے نواحی علاقہ مینگک میں دریائے کرم کے کنارے سے ٹریکٹر میں بجری اور ریت لانے والوں مزدوروں پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کی تھی جس کے نتیجے میں 2 مزدور موقع پر جاں بحق اور ایک زخمی ہوا تھا۔ اس واقعہ پر صدہ شہر میں سینکڑوں افراد نے پرامن احتجاج کرتے ہوئے ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

نوتعینات ڈی پی او مانسہرہ کا پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ

یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے

مانسہرہ (بیو رو رپورٹ) نوتعینات ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ محمد اظہر خان نے ضلع مانسہرہ کا چارج سنبھالنے کے بعد پولیس ہیڈکوارٹرز مانسہرہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے یادگار شہدائے پولیس پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور پولیس کے بہادر شہدا کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعاء کی۔ ڈی پی او مانسہرہ نے بعد ازاں پولیس لائنز کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور سیکیورٹی آڈٹ بھی مکمل کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور ڈیوٹی کے دوران پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او محمد اظہر خان نے کہا کہ پولیس شہدا ہمارا فخر ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مانسہرہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں رہے گی اور سیکیورٹی کے تمام اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ کینٹ کو خوبصورت و سرسبز بنانے کیلئے اقدامات شروع کردیئے گئے

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) سٹیشن کمانڈر نوشہرہ کینٹ کی خصوصی ہدایت پر ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ نوشہرہ نے کینٹ بورڈ نوشہرہ کے منتخب ممبران کی تعاون سے نوشہرہ کینٹ کو خوبصورت اور گرین و کلین شہر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات شروع کردیئے اس سلسلے میں ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ بورڈ نے سٹیشن کمانڈر نوشہرہ کینٹ کی خصوصی ہدایت پر اور نوشہرہ کینٹ بورڈ کے منتخب ممبران کی تعاون سے نوشہرہ کینٹ بھر میں انسداد تجاوزات مہم سمیت نوشہرہ کینٹ کو گرین و کلین بنانے کے لیے شہر بھر کے مختلف علاقوں کے دورے کیئے جس میں کیولری روڈ، موتی بازار، مین بازار، صرافہ بازار، رحمان بابا کالونی، آر اے بازار، جنجال پورہ، ہسپتال روڈ سمیت رحمان روڈ، لمبا ویڑہ شامل ہیں ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ نوشہرہ نے بازاروں سے تجاوزات کے خاتمے کیلئے موثر اور جامعہ پالیسی مرتب کر کے جلد از جلد بازاروں سے تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنانے کا ٹاسک انسداد تجاوزات ٹیم کے حوالے کر دی جبکہ کینٹ بورڈ نوشہرہ کی تمام گلی کوچوں کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے سینٹری سٹاف کو ہدایات جاری کئے تاکہ نوشہرہ کینٹ کی خوبصورتی واضح اور نمایاں ہو ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ بورڈ نے شہر بھر میں سٹریٹ لائٹس کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے بھی کینٹ بورڈ نوشہرہ کے الیکٹریشن سٹاف کو ہدایات جاری کئے اس موقعہ پر ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ نوشہرہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوشہرہ کینٹ کی تاجر برادری اور مکینوں کو پینے کے صاف پانی سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کینٹ بورڈ نوشہرہ کی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور یہی ہمارا نصب العین بھی ہے۔

سوات کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے، ڈاکٹر خالد محمود خالد

تاجروں کو فوری ریلیف دیا جائے، سابق ناظم سیدو شریف ڈاکٹر خالد محمود خالد

سوات (بیورو رپورٹ) سوات ٹریڈرز فیڈریشن کے ترجمان اور سابق ناظم سیدو شریف ڈاکٹر خالد محمود خالد نے کہا ہے کہ حالیہ تباہ کن سیلاب نے مینگورہ اور گرد و نواح کے علاقوں میں شدید تباہی مچائی ہے۔ درجنوں دکانیں، کاروباری مراکز، مکانات اور سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں جبکہ تاجروں اور عوام کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدرتی آفت نے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا بلکہ ہزاروں خاندان بے گھر، بے روزگار اور شدید مالی و ذہنی دباؤ کا شکار ہو گئے ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں نے اس سنگین صورتحال کے باوجود متاثرین کے ساتھ کوئی ہمدردی یا عملی اقدام نہیں کیا۔ نہ مالی امداد دی گئی، نہ بحالی کا کوئی پروگرام شروع کیا گیا۔ ڈاکٹر خالد محمود خالد نے مطالبہ کیا کہ سوات جیسے حساس اور سیاحتی اہمیت کے حامل علاقے کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے تاکہ متاثرہ تاجروں، مزدوروں اور عام شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی آئینی، اخلاقی اور انتظامی ذمہ داری ہے کہ وہ نقصانات کا ازالہ کرے، متاثرین کے لیے خصوصی پیکج جاری کرے اور ان کی مشکلات کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو مقامی معیشت مزید تباہ ہوگی اور عوام کا حکومت پر اعتماد ختم ہو جائے گا۔ ڈاکٹر خالد محمود خالد نے کہا کہ ملاکنڈ ڈویژن ٹریڈرز فیڈریشن حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ خواب غفلت سے بیدار ہو، متاثرین کی آواز سنے، ان کے ساتھ عملی ہمدردی کا مظاہرہ کرے اور سوات کی بحالی و تعمیر نو کے لیے جامع منصوبہ بندی کرے۔ انہوں نے کہا کہ سوات کے عوام اور تاجر برادری آج بھی حکومتی امداد، توجہ اور انصاف کے منتظر ہیں، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر متاثرہ طبقے کی دادرسی کرے اور ان کے نقصانات کا ازالہ یقینی بنائے۔ سوات کے عوام اور تاجر برادری آج بھی حکومتی امداد، توجہ اور انصاف کے منتظر ہیں، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر متاثرہ طبقے کی دادرسی کرے اور ان کے نقصانات کا ازالہ یقینی بنائے۔

☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ، لکڑیاں جمع کرتی دادی، نواسی جاں بحق

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جلانے کے لئے لکڑیاں جمع کرنے والی دادی نواسی جاں بحق ہوگئیں، یہی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی اس سلسلے میں نوشہرہ کے تھانہ یہی میں عبدالرحمٰن ولد اطلس خان ساکن باڑہ حال تانی گڑھی نوشہرہ نے پولیس کو یوں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ میری 60 سالہ ضعیف العمر والدہ مسماۃ جان بی بی اور 8 سالہ مناہل علاقے کے ویران جگہ پر گھر میں جلانے کے لئے لکڑیاں جمع کر رہی تھیں

پاکستان کی منشیات کے خلاف کارروائیوں کا عالمی سطح پر اعتراف

پاکستان کو منشیات کے خلاف جنگ میں اکیلا نہیں چھوڑا جا سکتا، اقوام متحدہ

افغانستان میں پوست اور ہیروئن کی جگہ مصنوعی منشیات کی لیبارٹریاں قائم ہو رہی ہیں، ٹرولز ویسٹر کی گفتگو

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم نے پاکستان کی منشیات کے خلاف کارروائیوں کا عالمی سطح پر اعتراف کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اقوام متحدہ ادارہ برائے منشیات و جرائم کے نمائندہ ٹرولز ویسٹر نے انسداد منشیات میں پاکستان کو فرنٹ لائن ملک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اینٹی نارکوٹکس فورس کی بڑی کامیابیاں ظاہر کرتی ہیں کہ پاکستان منشیات کے خلاف فرنٹ لائن ملک ہے۔ ٹرولز ویسٹر نے کہا کہ افغانستان میں پوست اور ہیروئن کی جگہ مصنوعی منشیات کی لیبارٹریاں قائم ہو رہی ہیں، اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم نے انسداد منشیات سے متعلق اہم روڈ میپ بھی جاری کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے نمائندہ خصوصی نے کہا کہ پاکستان کو منشیات کے خلاف جنگ میں اکیلا نہیں چھوڑا جا سکتا، منشیات کی سمگلنگ روکنے کیلئے عالمی برادری کا پاکستان کے ساتھ اشتراک ناگزیر ہے۔ ٹرولز ویسٹر نے کہا کہ پاکستان نے ایک سال میں 365 میٹرک ٹن منشیات اور کیمیکل ضبط کیے، منظم جرائم کی بدلتی حکمتِ عملی کے تحت پاکستان کا کردار اس لڑائی میں کلیدی ہے۔

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی ملاکنڈ کیمپس میں نئے تعلیمی سال کا آغاز علم، فکر، اخلاق اور روشن مستقبل کی نئی سمتیں

لوئر دیر رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی ملاکنڈ کیمپس میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ایک پرعزم، پروقار اور یادگار تقریب کے ساتھ ہوا، جس میں نئے داخل ہونے والے طلبا و طالبات کے اعزاز میں ایک شاندار تعارفی سیشن منعقد کیا گیا۔ تقریب میں شریک سینئر طلبا نے نئے آنے والوں کا پرجوش انداز میں استقبال کیا، پھولوں کی خوشبو، روشن چہرے، مسکراہٹیں اور خوش آمدیدی نعروں نے ہال کا ماحول جشن میں بدل دیا۔

یہ تقریب صرف رسمی تعارف نہیں بلکہ علم، تربیت، اخلاق، اور سوچ کی وہ کڑی تھی جو رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی ملاکنڈ کیمپس کے روشن نظریے اور فکری معیار کو اجاگر کرتی ہے۔ ہال کے اندر موجود ہر طالب علم کے چہرے پر جوش، ولولہ اور حوصلے کی جھلک نمایاں تھی، اور یہ ماحول مستقبل کے ان نوجوانوں کا تھا جو آنے والے دنوں میں ملک کی علمی، تحقیقی، سائنسی اور سماجی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

مہمانِ خصوصی کا خطاب

تقریب کے مہمانِ خصوصی، ہیڈ آف سٹوڈنٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ زبیر صفدر نے خطاب میں کہا کہ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کا مقصد صرف تعلیمی اسناد دینا نہیں بلکہ طلبا کی شخصیت کو مکمل طور پر نکھارنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رفاہ ایک ایسا ادارہ ہے جو علم کے ساتھ کردار، سوچ کے ساتھ احساس، اور تعلیم کے ساتھ تربیت فراہم کرتا ہے۔ زبیر صفدر نے کہا

رپورٹ: رحمت اللہ سواتی

کہ یہاں سے فارغ ہونے والا ہر طالب علم صرف ایک گریجویٹ نہیں بلکہ ایک ذمہ دار شہری بن کر نکلتا ہے، جو معاشرے میں مثبت کردار ادا کرتا ہے۔

شعبہ جات کی تعلیمی آگاہی

اس موقع پر یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے نئے طلبا کو اپنے شعبہ جات کے بارے میں مفصل آگاہی فراہم کی۔ ڈیپارٹمنٹ آف انگلش کے چیئرمین ڈاکٹر سقلین حسن، ایم ایل ٹی کے چیئرمین ڈاکٹر رفیع اللہ، ڈیپارٹمنٹ آف سائیکالوجی کے چیئرمین ڈاکٹر ارشاد علی، سافٹ ویئر انجینئرنگ کے چیئرمین ڈاکٹر مشتاق احمد، اور فزیکل تھراپی کے چیئرمین ڈاکٹر نواب خان نے اپنے مختصر مگر مؤثر خطاب میں رفاہ کی تحقیقاتی قابلیت، علمی معیار، طلبا کی تیاری، اور روشن مستقبل کے مواقع پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

انھوں نے کہا کہ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی نہ صرف تعلیمی ڈگریاں فراہم کرتی ہے بلکہ نوجوانوں کو عملی، تکنیکی، اور سائنسی صلاحیتوں سے بھی ہم آہنگ کرتی ہے، تاکہ وہ عالمی معیار کی تعلیم کے حامل بن سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی کے جدید کمپیوٹر و سائنسی لیبارٹریز، ڈیجیٹل لرننگ سسٹمز، اور ریسرچ مواقع طلبا کو صنعتی اور تحقیقی شعبہ جات میں آگے بڑھنے کی مکمل سہولت فراہم کرتے ہیں۔

انتظامی نمائندگان اور سہولیات

تقریب میں ایگزیکیٹیو، آپریشنز، کوآرڈینیشن، ڈیٹا سینٹر اور چیف پراکٹر کے دفاتر کے نمائندگان بھی موجود تھے جنہوں نے نئے طلبا کو یونیورسٹی کے انتظامی ڈھانچے، پالیسیز، قواعد و ضوابط اور سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ انتظامیہ نے بتایا کہ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی طلبا کے لیے میرٹ اور نیڈ بیسڈ اسکالرشپس، فارن ایکسچینج پروگرامز، جدید لیبارٹریز، اور بین الاقوامی ریسرچ مواقع فراہم کرتی ہے تاکہ طلبا عالمی معیار کی تعلیم حاصل کر سکیں اور پاکستان کے علمی منظرنامے میں اہم کردار ادا کریں۔

طلبا کے تاثرات

نئے داخل ہونے والے طلبا نے کہا کہ رفاہ کا ماحول انتہائی خوشگوار، حوصلہ افزا اور تعلیمی لحاظ سے معاون ہے۔ اساتذہ اور سینئر طلبا ہمیشہ رہنمائی اور مدد کے لیے دستیاب ہیں۔ ایک طالبہ نے کہا:

"رفاہ میں آ کر ایسا محسوس ہوا جیسے ہم کسی خاندان کا حصہ بن گئے ہوں، یہاں ہر فرد آپ کی کامیابی کے لیے مخلص ہے۔"

تربیتی مواد کی تقسیم

تقریب کے اختتام پر تربیہ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے طلبا و طالبات میں علمی، فکری اور اخلاقی تربیت پر مبنی کتب تقسیم کی گئیں۔ انتظامیہ نے یقین دلایا کہ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کا اصل مقصد نوجوان نسل کی فکری اور اخلاقی تربیت ہے تاکہ وہ علم و کردار میں نمایاں ہوں اور معاشرتی، سائنسی اور قومی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

نتیجہ اور وژن

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی ملاکنڈ کیمپس کا یہ تعارفی سیشن نہ صرف ایک رسمی تقریب بلکہ ایک جذباتی لمحہ تھا امید، عزم، اور خوابوں سے بھرپور۔ یہ وہ آغاز تھا جہاں نوجوانوں کے دلوں میں اعتماد کے چراغ روشن ہوئے، اور رفاہ نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ یہ صرف تعلیم کا ادارہ نہیں بلکہ ایک نظریہ، ایک فکر، اور ایک مشن ہے جو انسان کو بہتر بناتا ہے اور معاشرے میں روشنی پھیلاتا ہے۔

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی:	0937-9230125
تھانہ ہوتی:	0937-9230244
تھانہ پارہوتی:	0937-561245
تھانہ صدر:	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن:	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی:	0937-580172
تھانہ رستم:	0937-800124
تھانہ طورو:	0937-860320
تھانہ چورہ:	0937-775981
تھانہ جبر:	0937-542112
تھانہ تخت بھائی:	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ:	0937-575302
ساڑو شاہ:	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ:	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن:	1199
ریسکیو مردان:	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان:	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ:	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ:	0937-920151
ڈی ای او زنانہ:	0937-9230150
مردان کالج:	0937-9230033
کامرس کالج مردان:	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان:	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر:	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

Sports کھیل کھلاڑی

سنگا کپ 2025 میں تاریخی کامیابی کے بعد لیاری کی فٹبال ٹیم پاکستان پہنچ گئی

رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے ایئرپورٹ پر کھلاڑیوں کا استقبال کیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سنگا کپ 2025 میں تاریخی کامیابی کے بعد لیاری فٹبال اکیڈمی کی ٹیم واپس وطن پہنچ گئی۔ ایشیا کے سب سے بڑے یوتھ فٹبال ٹورنامنٹ میں سلور میڈل اپنے نام کرنے والے لیاری کے نوعمر فٹبالرز اور آفیشلز کا کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا گیا، مداحوں نے ان کو ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے ایئرپورٹ پر کھلاڑیوں کا استقبال کیا، انہوں نے کھلاڑیوں کی بین الاقوامی سطح پر شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کھلاڑی نہ صرف لیاری بلکہ پورے پاکستان کا فخر ہیں جنہوں نے انتہائی محدود وسائل اور مالی مشکلات کے باوجود ملک کا نام روشن کیا۔ لیاری فٹبال اکیڈمی کے صدر شیخ عبدالرحمن نے کہا کہ حکومت سندھ اور صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر سنگا کپ 2025 میں سلور میڈلز حاصل کرنے والے باصلاحیت کھلاڑیوں کے لیے مکمل سرپرستی، مالی معاونت فراہم کریں تاکہ یہ نوجوان آئندہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا پرچم مزید بلند کرسکیں۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کے رہنما سفیان دلاور، سید جواد شعیب، جان محمد بلوچ، زوہیب حسین بلوچ و دیگر بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ سنگاپور میں منعقدہ سنگا کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے بوائز انڈر 16 ایونٹ میں لیاری فٹبال اکیڈمی نے رنر اپ کی حیثیت سے پاکستان کے لیے سلور میڈل حاصل کیا تھا، ٹورنامنٹ میں انڈر 8، انڈر 10، انڈر 12، انڈر 14 اور انڈر 16 کے ایونٹس میں 13 ممالک کی 160 ٹیموں نے شرکت کی جبکہ 15 ویں ایڈیشن میں پہلی مرتبہ بیرا فٹبال مقابلے بھی شامل کیے گئے تھے۔

نوواک جوکووچ نے ٹینس میں تاریخ رقم کردی، لوریز و موسیقی کو شکست

ہیلینک چیمپئن شپ کے فائنل میں 38 سالہ جوکووچ نے اطالوی کھلاڑی 23 سالہ لوریز و موسیقی کو سخت مقابلے کے بعد شکست دے دی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سربیا کے ٹینس اسٹار نوواک جوکووچ نے یونان میں ہیلینک چیمپئن شپ کے فائنل میں اٹلی کے کھلاڑی لوریز و موسیقی کو اعصاب شکن مقابلے کے بعد شکست دے کر اے ٹی پی ٹور کے معمر ترین چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا اور 101 واں ٹائٹل جیت لیا یونان کے شہر ایتھنز میں کھیلے گئے ہیلینک چیمپئن شپ کے فائنل میں 38 سالہ جوکووچ نے اطالوی کھلاڑی لوریز و موسیقی کو سخت مقابلے کے بعد 4-6، 6-3، 7-5 سے شکست دے کر اے ٹی پی ٹور میں اپنا 101 واں ٹائٹل حاصل کیا۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان مقابلہ تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہا اور اس دوران پہلی بار جوکووچ نے موسیقی کے خلاف ہارڈ کورٹ پر ایک سیٹ کھویا تاہم جوکووچ نے دوسرے سیٹ میں واپسی کی اور نیٹ کے قریب ایک کراس کورٹ ڈراپ شاٹ کھیلتے ہوئے پوری طرح اسپلٹس کیے، جس پر تماشائیوں نے انہیں خوب داد دی۔ جوکووچ کو آخر تک سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا جب فیصلہ کن سیٹ میں اس وقت ڈرامائی صورت حال پیدا ہوئی جب تھکے ہوئے جوکووچ 5-4 پر ٹائٹل کے لیے سرو کرتے ہوئے اپنی سروس گنوا بیٹھے لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری اور پھر بھرپور انداز میں واپسی کرتے ہوئے موسیقی کو شکست دے دی۔ نوواک جوکووچ نے میچ جیت کر راجر فیڈرر کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ہارڈ کورٹ پر اپنا ریکارڈ 72 واں ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ سربیا کے اسٹار جیت کے بعد تھکے ہوئے نظر آئے اور بھرپور انداز میں جشن نہیں منا سکے لیکن 23 سالہ موسیقی کو گلے لگانے کے بعد خوشی کے عالم میں اپنا ٹی شرٹ پھاڑ کر جیت کا جشن منایا

سری لنکا کے خلاف ون ڈے اور 3 ملکی سیریز کیلئے قومی ٹیم کا اعلان، نوجوان کھلاڑی باہر

سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز 11 سے 15 نومبر جبکہ تین ملکی سیریز 17 سے 29 نومبر کے دوران کھیلی جائے گی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز اور 3 ملکی ٹی 20 سیریز کے لیے قومی ٹیم کا اعلان کردیا گیا ہے، جس میں نوجوان بیٹر حسن نواز کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ پی سی بی سے جاری اعلامیے کے مطابق حسن نواز کو سری لنکا کے خلاف ایک روزہ اور پاکستان، سری لنکا اور زمبابوے پر مشتمل تین ملکی ٹی 20 سیریز سے باہر کر دیا گیا ہے۔ سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز 11 سے 15 نومبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی جبکہ تین ملکی سیریز 17 سے 29 نومبر کے دوران راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی۔ ٹی 20 سیریز کے لیے حسن نواز کی جگہ تجربہ کار بیٹر فخر زمان کو شامل کیا گیا ہے جبکہ ایک روزہ سیریز کے لیے ان کا کوئی متبادل نہیں رکھا گیا ہے۔ پی سی بی نے بتایا ہے کہ حسن نواز کو اس وقت جاری ملک کے سرفہرست فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ قائداعظم ٹرافی میں شرکت کے لیے ریلیز کردیا گیا ہے اور قائداعظم ٹرافی کا ساتواں مرحلہ 11 نومبر کو شروع ہو رہا ہے۔ سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز کے لیے قومی ٹیم ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہوگی: شاہین شاہ آفریدی (کپتان)، بابر اعظم، ابرار احمد، فہیم اشرف، فخر زمان، حارث رؤف، حسیب اللہ، حسین طلعت، محمد نواز، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، محمد وسیم جونیئر، نسیم شاہ، صائم ایوب، سلمان علی آغا تین ملکی ٹی 20 سیریز کے لیے قومی ٹیم میں شامل کھلاڑی؛ سلمان علی آغا (کپتان)، بابر اعظم، ابرار احمد، شاہین شاہ آفریدی، صاحبزادہ فرحان (وکٹ کیپر)، عثمان خان (وکٹ کیپر)، فہیم اشرف، فخر زمان، محمد نواز، محمد رضوان (وکٹ کیپر)،

بھارت کی اکڑ نکل گئی، ایشیا کپ ٹرافی کیلیے منتیں کرنے لگا

برف پگھلنے لگی ہے، دونوں فریق جلد از جلد مسئلے کو حل کرنے کے لیے کچھ کریں گے، سیکریٹری بی سی سی آئی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی سے ٹرافی نہ لینے کی بھارتی اکڑ نکل گئی، ایشیا کپ ٹرافی کے لیے محسن نقوی اور آئی سی سی کی منتیں کرنے لگا۔ دبئی میں آئی سی سی کی حالیہ میٹنگز کی سائیڈ لائنز پر سکریٹری بی سی سی آئی دیواجیت سالکیا نے آئی سی سی کے سینئر آفیشل کے ہمراہ ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی سے ملاقات کی۔ دیواجیت سالکیا نے بتایا کہ ایشیا کپ ٹرافی کا تنازع آئی سی سی میٹنگز کے ایجنڈے میں شامل نہیں تھا لیکن آئی سی سی نے الگ سے میٹنگ کی سہولت فراہم کی۔ سیکریٹری بی سی سی آئی نے کہا کہ برف پگھلنے لگی ہے، مذاکرات کا عمل شروع کرنا واقعی اچھا ہے۔ دونوں فریق جلد از جلد مسئلے کو حل کرنے کے لیے کچھ کریں گے۔ دیواجیت سالکیا نے کہا کہ دوسری طرف سے بھی تجاویز ہوں گی اور ہم بھی تجاویز دیں گے کہ اس مسئلے کو کیسے خوش اسلوبی سے حل کیا جائے۔

ہانگ کانگ سکسز فائنل: پاکستان نے کویت کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ہانگ کانگ سکسز کے فائنل میں پاکستان نے کویت کو 43 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کویت نے ٹاس جیت کر پاکستان کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی تو پاکستان نے مقررہ 6 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 135 رنز بنائے۔ کپتان عباس آفریدی 52 رنز بنا کر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے۔ عبدالصمد 42، خواجہ نافع 22 اور شاہد عزیز بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ معاذ صداقت 10 اور محمد شہزاد 4 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ہدف کے تعاقب میں کویت کی ٹیم 92 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔

8 لگاتار چھکے، بھارتی کرکٹر نے روی شاستری اور گیری سوبرز کا ریکارڈ روند ڈالا، ویڈیو دیکھیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹر اَکاش کمار چودھری نے ناقابلِ یقین بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرسٹ کلاس کرکٹ کی تاریخ میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ رانجی ٹرافی کے میچ میں انہوں نے لگاتار آٹھ چھکے لگا کر نہ صرف دو عظیم کرکٹرز سر گارفیلڈ سوبرز اور روی شاستری کا برسوں پرانا ریکارڈ توڑ دیا بلکہ صرف 11 گیندوں پر فرسٹ کلاس کرکٹ کی تیز ترین نصف سنچری بھی مکمل کر لی۔ یہ شاندار کارکردگی بھارتی ریاست گجرات کے شہر سورت میں رانجی ٹرافی پلیٹ گروپ کے میچ میں میگھالیہ اور اروناچل پردیش کے درمیان دوسرے دن دیکھنے میں آئی میگھالیہ کی ٹیم جب 576 رنز پر 6 وکٹیں گنوا چکی تھی، تو 25 سالہ اَکاش نمبر آٹھ پر بیٹنگ کے لیے آئے۔ ابتدائی چند گیندوں پر دو سنگلز لینے کے بعد، انہوں نے بائیں ہاتھ کے اسپنر لیمار دابی کو ایک اوور میں لگاتار چھ چھکے رسید کیے۔ یہ کارنامہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں اس سے قبل صرف دو کھلاڑی سر گارفیلڈ سوبرز (1968) اور روی شاستری (1985) انجام دے چکے ہیں۔

قومی کرکٹر حسن نواز کے گھر بیٹے کی پیدائش

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹر حسن نواز کے گھر بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حسن نواز نے اپنے نومولود بیٹے کا نام محمد ابراہیم رکھا ہے۔ ادھر سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے قومی اسکواڈ کا اعلان کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ شارجہ کے تین ملکی ٹورنامنٹ، ایشیا کپ، اور جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی وون ڈے سیریز میں مسلسل ناقص کارکردگی کے بعد سلیکشن کمیٹی نے نوجوان مڈل آرڈر بیٹر حسن نواز کو ڈراپ کر کے فخر زمان کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ پی سی بی کے مطابق حسن نواز کو قائداعظم ٹرافی میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے، جس کا ساتواں مرحلہ 11 نومبر سے شروع ہوگا

پروہا کی لیگ؛ پاکستان اسپین کا دورہ کرے گی

بارسلونا میں پاکستان اور اسپین کے میچز 29 اور 30 نومبر کو ہوں گے ہاکی کا سامان

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ہاکی ٹیم پرو لیگ کی تیاریوں کے لیے اسپین کا دورہ کرے گی۔ ذرائع کے مطابق بارسلونا میں پاکستان اور اسپین کے میچز 29 اور 30 نومبر کو ہوں گے، دورہ بنگلا دیش کے بعد پاکستان ٹیم کی 26 نومبر کو بارسلونا روانگی کا پلان بنایا گیا ہے۔ پرو ہاکی لیگ کے پہلے مرحلے میں پاکستان ارجنٹائن کا دورہ کرے گی۔ ارجنٹائن اور ہالینڈ کے ساتھ میچز 10 سے 15 دسمبر تک شیڈول ہیں۔ پرو لیگ کا دوسرا مرحلہ آسٹریلیا کے شہر ہوبارٹ میں فروری میں رکھا گیا ہے جہاں پاکستانی ٹیم آسٹریلیا اور جرمنی کے ساتھ ہوبارٹ میں میچز کھیلے گی۔ جون کے دوسرے ہفتے میں بیلجیم اور اسپین کے ساتھ میچز بیلجیم میں طے ہیں جبکہ جون کے آخری ہفتے میں لندن میں انگلینڈ اور بھارت سے مقابلہ ہوگا۔ پاکستان اور بھارت کی ہاکی ٹیمیں 23 اور 25 جون کو آمنے سامنے ہوں گی۔ پاکستان پرو لیگ سے پہلے بنگلا دیش کا بھی دورہ کر رہی ہیں جہاں 13، 14 اور 16 اکتوبر کو ڈھاکا میں تین میچز ہوں گے۔ اس سیریز کی فاتح ٹیم ورلڈ کپ کوالیفائر کھیلنے کی حقدار ہوگی، جو فروری کے آخری ہفتے ہوگا۔ پاکستان اور بنگلا دیش سیریز کے بعد ورلڈ کپ کوالیفائر کا شیڈول اور مقام طے ہونا ہے۔

ٹی 20 ورلڈ کپ؛ کون سے بھارتی شہر افتتاحی میچ اور فائنل کی میزبانی کریں گے

ایونٹ آئندہ برس بھارت اور سری لنکا میں 7 فروری سے 8 مارچ تک شیڈول ہے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ٹوئنٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کا افتتاحی میچ اور سیمی فائنل کھیلنے کے حوالے سے بھارتی شہروں کے نام سامنے آگئے ہیں۔ ایونٹ آئندہ برس بھارت اور سری لنکا میں 7 فروری سے 8 مارچ تک شیڈول ہے، بھارتی ٹیم دفاعی چیمپئن ہے۔ بھارت نے 2024 میں امریکا اور کیریبین میں ٹرافی جیتی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق احمد آباد کا نریندرا مودی اسٹیڈیم افتتاحی میچ اور فائنل دونوں کی میزبانی کرے گا جبکہ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم کو ایک سیمی فائنل کے لیے شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ اگر بھارت اور پاکستان کا سیمی فائنل ممکن ہوا تو میزبانی کولمبو کو ملے گی، دوسرا سیمی فائنل ممبئی کے وانکھیڑے میں ہوگا۔ بھارت میں 5 مقامات ممبئی، دہلی، کولکتہ، احمد آباد اور چنئی جبکہ سری لنکا میں کولمبو، پالی کیلے اور دمبولا یا ہمبنٹوٹا میں سے ایک مقام چنا جاسکتا ہے۔

Showbiz رونق میلہ

ممتاز گلوکار اے نیئر کی وفات کو 9 برس بیت گئے

اے نیئر نے اپنے کیریئر میں چار ہزار سے زائد فلمی گیت گائے



لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستانی فلمی موسیقی کے سنہری دور کے معروف گلوکار اے نیئر کو ان کے چاہنے والوں سے جدا ہوئے آج 9 برس مکمل ہو گئے ہیں۔ اے نیئر نے اپنے کیریئر میں چار ہزار سے زائد فلمی گیت گائے اور اپنی سریلی آواز کے جادو سے لاکھوں دلوں کو مسحور کیا۔ انہیں بہترین گلوکاری پر صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سمیت پانچ بار نگار ایوارڈز سے بھی نوازا گیا۔

22 سال کی عمر میں گھر چھوڑنے کا فیصلہ کیا، ماں سے کہا میں آزاد زندگی گزاروں گی، انزیلہ عباسی

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستانی اداکارہ، ماڈل اور گلوکارہ انزیلہ عباسی کا کہنا ہے کہ میں نے 22 سال کی عمر میں گھر چھوڑنے کا فیصلہ کیا، میں نے ماں سے بات کی کہ میں خود کماؤں گی اور آزاد زندگی گزاروں گی۔ انزیلہ عباسی نے احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ابتدا میں یہ ایک مشکل بات تھی لیکن بعد میں ہمارے تعلقات مزید بہتر ہوگئے۔ امی مجھ پر اعتماد کرنے لگیں، میرے گھر آتیں، کھانا لاتی تھیں اور ہم اچھا وقت گزارتے تھے۔ بعد میں جب انہوں نے کہا کہ اب تم زندگی میں سیٹ ہو جاؤ تو میں واپس ان کے ساتھ رہنے آگئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ڈراموں میں تسلسل کے ساتھ صرف ساس بہو کے مسائل دکھائے جارہے ہیں جس کی وجہ سے عوام کا بھی وہی مائنڈ سیٹ بن گیا ہے۔

شادی شدہ پروڈیوسر نے کس کام کیلئے مجبور کیا اداکارہ نے شرمناک راز سے پردہ اٹھا دیا

ناجائز مطالبات ماننے سے انکار پر اداکاراؤں کو پروجیکٹ سے نکلوا دیا جاتا ہے، رینوکا شاہانے

لاہور (شوبز رپورٹر) بھارتی فلمی اداکارہ رینوکا شاہانے نے بھارتی فلم انڈسٹری میں اداکاروں کے جنسی استحصال کے ایک اور واقعے سے پردہ اٹھا دیا۔ زوم ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں رینوکا نے بتایا کہ ایک مرتبہ ایک ساڑھی بزنس مین ان کے گھر آیا اور ایک حیران کن پیشکش کی، جس میں انہیں نہ صرف برانڈ اینڈورس کرنے کے لیے کہا گیا بلکہ یہ بھی کہا گیا کہ معاوضے کے لیے پروڈیوسر کے ساتھ رہنا ہوگا۔ رینوکا اور ان کی والدہ اس بات پر حیران رہ گئیں اور رینوکا نے یہ پیشکش ٹھکرا دی۔ رینوکا نے بتایا کہ اس طرح کے حالات میں خود کو محفوظ رکھنا آسان نہیں ہوتا کیونکہ انکار کرنے پر منصوبوں سے نکالا جاسکتا ہے اور ادائیگی سے محروم بھی کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا یہ لوگ بدلہ لینے آتے ہیں اور دوسروں سے کہتے ہیں کہ آپ کو پروجیکٹ میں نہ لیں۔ رینوکا نے مزید بتایا کہ یہ معاملہ صرف ان کے ساتھ نہیں ہوا، بلکہ معروف اداکاراؤں جیسے روینا ٹنڈن کو بھی ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ روینا کو کبھی کبھار فلمی شوٹس کے دوران اپنا کمرہ بدلنا پڑتا تاکہ کوئی ان کی جگہ کا پتہ نہ لگا سکے اور پریشانی پیدا نہ ہو۔ رینوکا نے واضح کیا کہ اس واقعے کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی اور اب یہ معاملہ ماضی کا حصہ ہے، تاہم اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ بھارتی فلمی صنعت میں خواتین کو کام کے دوران غیر اخلاقی دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پشپا اسٹارز رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا کی شادی کی تاریخ سامنے آگئی

رشمیکا اور وجے نے گزشتہ ماہ 3 اکتوبر 2025 کو حیدرآباد میں ایک نجی تقریب کے دوران منگنی کی تھی

لاہور (شوبز رپورٹر) پشپا اسٹارز رشمیکا مندانا اور وجے دیوراکونڈا کی شادی سے متعلق نئی اطلاعات نے مداحوں کو خوشی میں مبتلا کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق رشمیکا اور وجے نے گزشتہ ماہ 3 اکتوبر 2025 کو حیدرآباد میں ایک نجی تقریب کے دوران منگنی کی تھی۔ تقریب وجے دیوراکونڈا کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی جس میں صرف قریبی رشتہ دار اور چند قریبی دوست شریک ہوئے۔ اگرچہ دونوں کی جانب سے اب تک کسی قسم کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا، تاہم ایک ویڈیو میں رشمیکا کی انگلی میں انگوٹھی دیکھنے کے بعد ان کی منگنی اور شادی سے متعلق خبریں زور پکڑ گئی۔

انوشکا شرما سات سال بعد اسکرین پر واپسی کیلئے تیار

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی وڈ اداکارہ انوشکا شرما تقریباً سات سال بعد ایک بار پھر اسکرین پر واپسی کرنے جارہی ہیں، تاہم اس بار ان کی نئی فلم سینما گھروں کے بجائے نیٹ فلیکس پر ریلیز ہوگی۔ شوبز ویب سائٹ کے مطابق انوشکا شرما کی اسپورٹس بائیوگرافیکل فلم "چکڑا ایکسپریس" جلد نیٹ فلیکس پر ریلیز کی جائے گی۔ فلم کی شوٹنگ کافی عرصہ قبل مکمل ہو چکی تھی، مگر پوسٹ پروڈکشن کے مرحلے میں نیٹ فلیکس اور پروڈکشن کمپنی کے درمیان کچھ اختلافات کے باعث اس کی ریلیز مؤخر ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق نیٹ فلیکس کو فلم کے اختتامی حصے پر کچھ اعتراضات تھے، تاہم اب دونوں فریقین کے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں اور فلم جلد ریلیز کیے جانے کا امکان ہے۔

پاکستانی مرد خوبصورت نظر آنے کیلیے کیا کر رہے ہیں؟ ایاز سموں کا بڑا انکشاف

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف پاکستانی کامیڈین اور میزبان ایاز سموں نے انکشاف کیا ہے کہ مرد اداکار بھی خوبصورتی کیلیے ہونٹوں کے بوٹوکس سمیت چہرے کیلیے دیگر کام کرواتے ہیں۔ ایاز سموں نے نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ انڈسٹری میں بہت سارے ایسے اداکار ہیں جو خوبصورت نظر آنے کیلیے ہونٹوں کا پروسیجر (بوٹوکس) کرواتے ہیں اور انہیں یہ عمل غلط نہیں لگتا۔ کامیڈین نے کہا کہ ہونٹوں کی سرجری اور خوبصورتی کیلیے دیگر پروسیجرز کروانے والوں سے کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔

ڈیڑھ کروڑ میں 35 کلو سونا کہاں ملتا ہے؟ مشی خان نے ڈاکٹر نبیہا کو آڑے ہاتھوں لے لیا

لاہور (شوبز رپورٹر) اداکارہ و میزبان مشی خان نے حال ہی میں دوسری بار رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والی ڈاکٹر نبیہا کو انکے متضاد دعوؤں پر آڑے ہاتھوں لے لیا۔ معروف سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر نبیہا علی خان کو اپنے زیورات اور عروسی لباس کی قیمت سے متعلق متنازع بیانات کے باعث شدید تنقید کا سامنا ہے۔ اداکارہ و میزبان مشی خان نے ڈاکٹر نبیہا کے دعوؤں پر طنزیہ ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پینتیس کلو کا سیٹ تو امبانی کی شادی میں بھی کسی نے نہیں پہنا ہوگا، آخر کون سی دکان ہے جہاں ڈیڑھ کروڑ روپے میں پینتیس کلو سونا مل رہا ہے؟۔ انہوں نے مزید کہا کہ سونے کی قیمت تو آسمان کو چھو رہی ہے، اگر واقعی ایسی کوئی دکان ہے جہاں اتنا سونا ڈیڑھ کروڑ میں ملتا ہے تو ہم سب بھی وہیں سے خریداری کرنے جائیں گے۔

گووندا اچھے بیٹے اور بھائی تو ہیں لیکن خاوند نہیں، اگلے جنم میں شوہر کے طور پر نہیں چاہتی؛ بیوی سنیتا

سنیتا آہوجا نے اپنی ازدواجی زندگی، ماضی کی غلطیوں اور ایک اسٹار کی بیوی ہونے کی مشکلات پر کھل کر بات کی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) معروف بالی وڈ اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے اپنی شادی کے حوالے سے حیران کن انکشافات کیے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ گووندا ایک اچھے بیٹے اور بھائی تو ہیں لیکن ایک اچھے شوہر بالکل بھی نہیں اور میں اگلے جنم میں ان کو شوہر کے طور پر دیکھنا نہیں چاہتی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سنیتا آہوجا نے اپنی ازدواجی زندگی، گووندا کی ماضی کی غلطیوں اور ایک اسٹار کی بیوی ہونے کی مشکلات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ انسان کو یہ جاننا چاہیے کہ خود پر قابو کیسے رکھنا ہے۔ جوانی میں سب غلطیاں کرتے ہیں، ہم دونوں نے بھی کیں لیکن ایک عمر کے بعد غلطیاں کرنا اچھا نہیں لگتا۔ اداکار کی اہلیہ نے مزید کہا کہ اختلافات کے باوجود ان کے بچوں سے محبت نے انہیں مضبوط رکھا، ان کا کہنا تھا کہ گووندا کی سوچ الگ ہے اور میری سوچ الگ ہے۔

عروب کو گھسیٹنا بند کردیں: ڈکی بھائی کے بھائی ضیاذوالفقار کا جذباتی ویڈیو پیغام

بھابھی اور والدہ پہلے ہی بہت اذیت کا سامنا کر چکے ہیں، ضیاذوالفقار

لاہور (شوبز رپورٹر) بیٹنگ ایپس کو پروموٹ کرنے پر مقدمات کا سامنا کرنے والے ڈکی بھائی کے بھائی ضیاذوالفقار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عروب کو اس معاملے میں گھسیٹنا بند کیا جائے، بھابھی اور والدہ پہلے ہی شدید ذہنی اذیت کا سامنا کر چکی ہیں۔ اپنے ویڈیو پیغام میں ضیاذوالفقار نے کہا کہ سوشل میڈیا پر غلط خبریں پھیلائی گئیں کہ سعد کو سات سال قید اور ڈیڑھ کروڑ روپے جرمانہ ہونے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ سعد سے جیل میں ملنے گئے تو وہ مسلسل دو دن سے رو رہا تھا اور کہنے لگا کہ یہ سب کیا چل رہا ہے، کیس اتنا بڑا تو نہیں۔ سعد کو گرفتار ہوئے تین ماہ ہو چکے ہیں، جن میں 22 دن وہ جسمانی ریمانڈ پر رہا، باقی مدت جیل میں گزر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کیس نے نہ صرف سعد بلکہ پوری فیملی خصوصاً خواتین پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ ضیاذوالفقار نے کہا کہ اس دوران کئی رپورٹرز اور سوشل میڈیا پیجز نے مختلف باتیں کہیں جس میں سچ اور جھوٹ دونوں شامل تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے این سی سی آئی کے خلاف جو قانونی کارروائی کی ہے وہ صرف ذاتی مفاد میں نہیں بلکہ ان تمام لوگوں کے لیے ہے جو بلیک میلنگ کا شکار ہو چکے ہیں۔

بیوی کی خاطر سب کچھ چھوڑ دیا، احسن خان نے شادی کے بعد کی قربانیاں پہلی بار بتادیں

معروف اداکار احسن خان نے اپنی ذاتی زندگی اور خاندانی سفر سے متعلق کھل کر گفتگو کی

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کے معروف اداکار احسن خان نے ایک شو میں اپنی ذاتی زندگی اور خاندانی سفر سے متعلق کھل کر گفتگو کرتے ہوئے اپنی ازدواجی زندگی کے اہم پہلو مداحوں کے ساتھ شیئر کیے۔ گفتگو کے دوران احسن خان نے بتایا کہ ان کے خاندان نے ہمیشہ کے لیے لاہور سے کراچی منتقل ہونے کا بڑا فیصلہ کیا جو ان کی اہلیہ کے لیے ایک مشکل اور ہمت طلب قدم تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میری بیوی کے کراچی میں نہ کوئی دوست تھے، نہ کزنز اور نہ ہی ان کا کوئی سماجی حلقہ تھا، ان کا کہنا تھا کہ میری بیوی نے لاہور میں اپنی سماجی زندگی پیچھے چھوڑ کر کراچی میں کسی قسم کی سماجی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لیا۔ احسن خان نے بتایا کہ اپنی بیوی کی سپورٹ کے لیے انہوں نے بھی اپنی سماجی زندگی محدود کردی تاکہ وہ زیادہ وقت اپنے بچوں کے ساتھ گزار سکیں اور ان کی بہتر تربیت کرسکیں۔ اداکار احسن خان نے بچوں کی تربیت سے متعلق ایک قیمتی اصول بھی بتایا، ان کا کہنا تھا کہ میں نے اپنے والد سے سیکھا کہ بچوں کو کبھی دوسروں کے سامنے ڈانٹنا یا سزا دینا درست نہیں۔ انہیں اکیلے میں سمجھانا چاہیے تاکہ ان کی ذہنی صحت متاثر نہ ہو۔

شادی کے لہنگے کی قیمت پر ڈاکٹر نبیہا کی وضاحت سامنے آگئی

معروف انفلوئنسر گزشتہ دنوں اپنے سے کئی سال چھوٹے دیرینہ دوست کیساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں

لاہور (شوبز رپورٹر) سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر نبیہ علی خان نے وضاحت دی ہے کہ شادی کے لہنگے کی قیمت کروڑوں میں نہیں تھی بلکہ خوشی کے باعث ان کی زبان پھسل گئی۔ نئی نویلی دلہن نبیہ علی خان گزشتہ دنوں اپنی شادی میں پہنے گئے زیورات اور لہنگے کی قیمت کے دعوؤں کی وجہ سے خبروں اور سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں رہیں جس کے بعد انہوں نے ایک ویڈیو بیان کے ذریعے وضاحت پیش کی۔ اپنے بیان میں نبیہ علی خان نے کہا کہ کبھی کبھار انسان خوشی میں ایسی بات کہہ دیتا ہے جو حقیقت سے بڑھا چڑھا کر لگتی ہے، میں نے بھی لاکھوں کی چیز کروڑوں کی بتادی۔ خود سے کئی سال کم عمر دیرینہ دوست سے شادی کرنے والی نبیہ علی خان نے کہا کہ لوگوں نے اس بات کو مذاق بنالیا، حالانکہ یہ محض ایک زبان پھسلنے کی بات تھی۔ انہوں نے ہنستے ہوئے کہا کہ اگر میں کروڑ، پچاس کروڑ یا ڈھائی سو کروڑ کا ڈریس بھی پہنوں تو آپ لوگوں کو اس سے کیا فرق پڑتا ہے آخر میں نبیہ علی خان نے مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ٹینشن لینے کے بجائے کبھی خوش بھی ہوجایا کریں۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر نبیہا نے اپنی شادی کے موقع پر دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے جو جیولری سیٹ پہنا ہے اس کا وزن کلو اور قیمت ڈیڑھ کروڑ روپے ہے جبکہ انکے لہنگے کی قیمت بھی ایک کروڑ روپے بتائی گئی تھی۔

بقیہ 1

صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔امن اور ترقی کیلئے سائنس کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ عوام کی خوشحالی امن وسکون اور پائیدار مستقبل کیلئے سائنس ہی راستہ بناتی ہے، یہ دن روزمرہ زندگی اور امن وسکون کے لئے سائنس کی اہمیت کا عوامی شعور بیدار کرنے کیلئے منایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو امن اور ترقی کے لئے سائنس میں پیش قدمی اور ریسرچ سے آگاہ رہنا ہوگا،حکومت پنجاب نوجوان نسل خاص طور پر طلبہ کو سائنسی ریسرچ سے استفادہ کرنے کی ترغیب پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور سائنسی علوم کے مواقع فراہم کرنا ترجیحات میں اولین ہے،نواز شریف آئی ٹی سٹی سائنس وٹیکنالوجی کی انقلاب آفریں نوید ہے، نواز شریف کینسر انسٹیٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر اور مریم نواز آٹزم سکول اینڈ ریسرچ سینٹر میں سائنٹیفک ریسرچ کو فروغ ملے گا۔مریم نواز نے کہا کہ نواز شریف میڈیکل سٹی میں میڈیکل سائنس ریسرچ پر خصوصی توجہ دی جائے گی، پنجاب میں پہلی مرتبہ سرکاری سکولوں میں منفرد سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شو منعقد کیا گیا،امن،ترقی اور نوجوانوں میں سائنٹیفک اپروچ کے فروغ کے لئے جشن STEAM میں طلبہ نے جدید ترین ماڈل پیش کئے۔ان کا کہنا تھا کہ راجن پور کے ایک طالبعلم نے جشن STEAM میں وائی فائی سے 100 گنا تیز لائی فائی کا ماڈل پیش کر کے حیران کیا،سائنس اور ٹیکنالوجی میں پیشرفت امن وسلامتی کی بحالی کیلئے ناگزیر ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ترقی اور امن کا راز سائنس اور ٹیکنالوجی میں پنہاں ہے،حکومت پنجاب تعلیم، صحت اور زراعت سمیت ہر شعبے کو جدید سائنسی خطوط اور ڈیجیٹل بنانے کی راہ پر گامزن ہے، نوجوانوں کو دعوت دیتی ہوں کہ ٹیکنالوجی اور سائنسی علوم میں اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں،حکومت بھرپور ساتھ دے گی، پنجاب آئی ٹی اور سلیکون کے انقلابی دور میں داخل ہو رہا ہے۔

بقیہ 2

دینے کی ترمیم کثرت رائے سے منظور کرلی۔سینیٹ کا اجلاس چیئرمین یوسف رضا گیلانی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں 27ویں آئینی ترمیم کے شقیں مرحلہ وار پیش کی گئیں اور انہیں کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے صدر مملکت کے تاحیات استثنیٰ سے متعلق آرٹیکل 248 میں ترمیم پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ترمیم کے مطابق صدر مملکت کو تاحیات استثنیٰ حاصل ہوگا،عہدے سے سبک دوشی کے باوجود صدر مملکت کے خلاف کسی بھی کیس میں تاحیات کوئی قانونی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاسکے گی۔ترمیم کہا گیا کہ عہدے سے سبک دوشی کے بعد اگر صدر نے کوئی عوامی عہدہ حاصل کیا تو استثنیٰ ختم ہوجائے گا۔واضح رہے کہ پیپلز پارٹی کے مطالبے پر اس شق کو 27ویں آئینی ترمیم کے مسودے میں شامل کیا گیا تھا۔

بقیہ 3

پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ کرنے والے کے خلاف کارروائی ہو گی۔پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا غفور حیدری نے کہا کہ جے یو آئی نے 27ویں ترمیم کے حق میں ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے، ہماری نظر میں آئین میں ترمیم قومی مفاد میں ہوتی ہے۔یاد رہے کہ مجوزہ 27ویں آئینی ترمیم کے مسودے کی منظوری کے لیے سینیٹ کے اجلاس میں پی ٹی آئی سینیٹر سیف اللہ ابڑو اور جمعیت علماء اسلام کے سینیٹر احمد خان نے ترمیم کے حق میں ووٹ دیا۔

بقیہ 4

گورنمنٹ ڈیشان رفیق بھی ہمراہ ہیں۔وزیراعلی مریم نواز شریف کوپ 30 کانفرس میں پنجاب میں ماحولیاتی بہتری کے ویژن اور اقدامات پر کلیدی خطاب کریں گی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف کلائمیٹ ریزی لینس، ستھرا پنجاب، الیکٹرک گاڑیوں، جنگلات اور جنگی حیات کے تحفظ وفروغ بارے ویژن اجاگر کریں گی۔کوپ 30 کانفرس 21 نومبر تک جاری رہے گی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف دورے کے دوران عالمی رہنماں، بین الاقوامی ماحولیاتی اداروں کی قیادت اور ماہرین سے ملاقاتیں کریں گی۔

بقیہ 5

عارفہ سیدہ زہرا کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈاکٹر عارفہ زہرا کی سماجی اور تعلیمی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 6

کے علاقے شوال میں دہشت گردوں کی کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق شوال میں کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا،جس کے نتیجے میں بھارت کی پشت پناہی رکھنے والے 8 خوارج جہنم واصلِ ہوگئے۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ اسی طرح ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن درہ آدم خیل کے علاقے میں کیا گیا، جہاں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد فتنہ الخوارج کے مزید 12 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری رہا تاکہ کسی بھی باقی ماندہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد کو ختم کیا جاسکے۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قومی ایکشن پلان کے تحت فیڈرل ایپکس کمیٹی کی منظوری سے چلنے والے وژن عزمِ استحکام کے تحت اپنی انسدادِ دہشت گردی مہم پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے تاکہ غیر ملکی سرپرستی یافتہ دہشت گردی کے اس ناسور کو مکمل طور پر جڑ سے اکھاڑ پھینکا جاسکے۔

بقیہ 7

ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر شمالی وزیرستان اور درہ آدم خیل میں کی گئی کارروائیوں میں کامیابی کو قوم کے عزم و استقلال کا مظہر قرار دیا۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور اس کے بھارت نواز سہولت کار پاکستان کے امن واستحکام کے دشمن ہیں،وطنِ عزیز سے بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ قومی اتفاقِ رائے سے کیا جارہا ہے۔صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے شہداء کو خراجِ عقیدت اور سیکیورٹی فورسز کے عزم وحوصلے کو خراجِ تحسین پیش کیا۔صدرِ مملکت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ”عزمِ استحکام“ کے تحت دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 8

دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان آپریشنز میں فتنہ الخوارج کے 20 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش دی ہے۔پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی حفاظت کیلئے سیکیورٹی فورسز سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتی ہے، وزیراعظم نے ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 9

ہے،جو کسی صورت قابل قبول نہیں،آئین کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے پارلیمان کے اندر اور باہر بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔پاکستان تحریک انصاف اور اپوزیشن اتحاد کا مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس قومی اسمبلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے کی۔اجلاس میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان، سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ، چیف وہپ ملک عامر ڈوگر، بیرسٹر علی ظفر،لطیف کھوسہ سمیت دیگر ارکانِ پارلیمان نے شرکت کی۔چیف وہپ ملک عامر ڈوگر نے اجلاس کی کارروائی چلائی، ایجنڈا پیش کیا اور اپوزیشن لیڈران کو خوش آمدید کہا۔ یہ اجلاس بانی چیئرمین عمران خان کی جانب سے اپوزیشن لیڈرز کی نامزدگی کے بعد مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا پہلا اجلاس تھا،جس میں اپوزیشن کے متحدہ لائحہ عمل اور آئندہ پارلیمانی حکمتِ عملی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔اجلاس میں بیرسٹر علی ظفر اور سلمان اکرم راجہ نے اراکین کو 27ویں آئینی ترمیم کے مجوزہ مسودے پر بریفنگ دی۔ ارکان نے ترمیم کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا اور اس پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔سینئر رہنما لطیف کھوسہ نے آئینی عدالت کے مجوزہ قیام پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس قسم کی ترامیم آئین کے بنیادی ڈھانچے اور عدلیہ کی آزادی کے منافی ہیں۔اجلاس کے شرکاء نے متفقہ طور پر اس مؤقف کا اظہار کیا کہ 27ویں آئینی ترمیم کے ذریعے آئین پاکستان، سپریم کورٹ، جمہوریت اور دیگر آئینی اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جو کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ارکانِ پارلیمان نے عزم کیا کہ وہ آئین کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے پارلیمان کے اندر اور باہر بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ مشترکہ اپوزیشن اجلاس میں اس مجوزہ ترمیم کے خلاف پارلیمانی اور عوامی سطح پر مزاحمتی حکمتِ عملی طے کی جائے گی۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے آئین کا جنازہ ان کے نواسے نے نکال دیا،ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین کا تحفہ قوم کو دیا،بلاول سے پوچھتا ہوں قوم کو کیا دیا،پیپلز پارٹی آخر کس منہ سے عوام کے پاس جائے گی،ان کے فیصلے عوام کی بجائے بنگلوں میں ہوتے ہیں،سندھ کے عوام پیپلز پارٹی کو مسترد کر دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ولی خان کے پوتے ایمل ولی خان نے ان کے کام کو ختم کردیا،کیا آئینی ترامیم اس طرح ہوتی ہیں،کیا آئین کو اس طرح عزت دی جاتی ہے؟۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ریوڑیوں کی طرح سیٹیں بانٹیں،میاں نواز شریف کو بڑا لیڈر سمجھتے تھے،ہم سمجھتے تھے کہ میاں نواز اپنی ہار تسلیم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف انکار کرتے تو عزت میں اصافہ ہوتا ۔ انہوں نے کہا کہ ستائیسویں آئینی ترمیم نے عدلیہ کی کمر توڑ دی،آئینی عدالت کا سربراہ وزیراعظم منتخب کریگا تو انصاف کیسے ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مجھے انصاف کی ضرورت ہوگی تو کہاں جاؤں گا،ہمارے پاس عالمی عدالت انصاف میں جانے کا راستہ رہ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام سے مل کر پیپلز پارٹی کا گھیراؤ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم حکومت کیخلاف پورے ملک میں احتجاج کریں گے

بقیہ 10

کردار ہوگا،مکمل طور پر کیش لیس معیشت اور غیر رسمی معیشت کے خاتمے کے لیے دیہی علاقوں میں آگاہی بڑھائی جائے۔انہوں نے کہا کہ پوری دنیا ڈیجیٹل معیشت کی جانب تیزی سے گامزن ہے، پاکستان کو دنیا کے ساتھ قدم ملا کر چلنا ہوگا۔وزیراعظم نے کہا کہ روز اول سے پاکستان کو ڈیجیٹل نیشن بنانے کے لیے اقدامات کو ترجیح دی جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، رمضان المبارک میں ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ مستحقین کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقوم ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے بھیجی گئیں۔انہوں نے کہا کہ کیش لیس معیشت کے ذریعے گورننس کی بہتری اور کرپشن میں خاطر خواہ کمی آئے گی، کیش لیس معیشت کے وضع کردہ اہداف کا معینہ مدت میں حصول یقینی بنایا جائے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ بجلی اور گیس کے بلز پر راست کیو آر کوڈز کے ذریعے ان کی ادائیگی کو کیش لیس کیا جارہا ہے جس کی بدولت اربوں روپے کے بلوں کی ادائیگی اب ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ممکن ہوئی ہے۔وزیر اعظم کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ایک کروڑ ڈیجیٹل والٹس پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ والٹس رواں ماہ کے اختتام تک مکمل طور پر فعال ہو جائیں گے اور مستحقین کو رقوم کی آئندہ قسط اسی کے ذریعے بھیجی جائے گی۔بتایا گیا کہ اسلام آباد میں سرکاری سروسز کے حصول کے لیے قائم موبائل ایپلی کیشن کو راست کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے اور ادائیگیاں اسکی کے ذریعے کی جارہی ہیں۔شرکا کو بتایا گیا کہ اسلام آباد میں نئے کاروبار کھولنے کے لیے لائسنس کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کے ساتھ مشروط کیا گیا ہے اور موجودہ تمام دکانوں پر راست ’کیو آر‘ کوڈز کے ذریعے ادائیگیوں کی سہولت فراہم کردی گئی ہے جب کہ ملک میں ڈیجیٹل بینکس کے قیام کیلئے لائسنس جاری کئے جارہے ہیں۔

بقیہ 11

ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔انسداد دہشت گردی عدالت میں علیمہ خان سمیت 11 ملزمان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر قائم مقدمہ کی سماعت ہوئی۔جج امجد علی شاہ نے مقدمہ کی سماعت کی۔علیمہ خان اور ان کے وکلاء بھی عدالت میں پیش نہ ہوئے،جس پر عدالت نے 8ویں مرتبہ علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔علیمہ خان کی جائیداد سے متعلق صوبائی اور وفاقی اداروں نے رپورٹ جمع نہیں کرائی، عدالت نے گزشتہ ساعت پر سی ڈی اے اور کمشنر اسلام آباد سے تفصیلات طلب کی تھیں۔ عدالت نے گزشتہ ساعت پر پنجاب ریونیو بورڈ اور دیگر اداروں سے تفصیلات طلب کی تھیں۔ عدالت نے علیمہ خان کی جائیداد سے متعلق تمام متعلقہ اداروں کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے علیمہ خان کے ضامن کے بھی وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔عدالت نے مقدمے کی سماعت 13 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 12

دورے پر چلے گئے۔ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کے مطابق مولانا فضل الرحمان مختلف مذہبی ،اصلاحی اور روحانی اجتماعات سے خطاب کریں گے جبکہ عالمی تحفظ ختم نبوت کانفرنس کے مہمان خصوصی بھی ہوں گے۔ترجمان کے مطابق مولانا فضل الرحمان مدارس کے سالانہ اجتماعات میں شرکت کریں گے،مولانا فضل الرحمان کے اعزاز میں ڈھاکہ اور سلہٹ سمیت دیگر شہروں میں بھی تقریبات ہوں گی ۔مولانا عبدالغفور حیدری ، مولانا اسعد محمود، مولانا سعید یوسف ،مفتی ابرار احمد اور دیگر بھی ہمراہ ہیں۔

بقیہ 13

کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں۔سینیٹر عرفان صدیقی کے اہلخانہ نے تصدیق کی ہے کہ عرفان صدیقی سانس کی تکلیف کے باعث انتہائی نگہداشت یونٹ میں زیر علاج ہیں۔عرفان صدیقی کے اہلخانہ کے مطابق سانس کی تکلیف کے باعث گزشتہ کچھ دن سے عرفان صدیقی اسلام آباد کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ سینیٹر عرفان صدیقی علالت کے باعث 27ویں آئینی ترمیم کے لیے ووٹ بھی کاسٹ نہیں کر سکیں گے۔گزشتہ روز سینیٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے 27ویں آئینی ترمیم کی تمام 49 شقوں کی منظوری دیدی تھی جس کے بعد اس بات کا امکان ہے کہ آج سینیٹ کے اجلاس میں آئینی ترمیم پیش کی جائے گی۔دوسری جانب متحدہ اپوزیشن نے 27ویں آئینی ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے اس کے خلاف تحریک چلانے اور پارلیمنٹ کو نہ چلنے دینے کا اعلان بھی کیا ہے۔

بقیہ 14

سابق وزرائے اعظم نواز شریف، بینظیر بھٹو سمیت تمام جماعتوں نے میثاق جمہوریت پر دستخط کیے۔انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت میں بھی آئینی عدالت پر اتفاق کیا گیا تھا، آئینی ترامیم عدالتی نظام میں بہتری کیلئے کی گئی ہیں، موجودہ چیف جسٹس سمیت تمام ججز کی سینیارٹی برقرار رہے گی۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ دوسری اہم ترمیم آرٹیکل 243 میں ترمیم ہے، بھارت سے حالیہ جنگ میں پاکستان نے تاریخی فتح حاصل کی۔انہوں نے کہا کہ قوم نے بھارت کے ساتھ جنگ میں آرمی چیف عاصم منیر کو ہیرو قرار دیا، فیلڈ مارشل کا عہدہ آئین میں نہیں تھا۔اسحاق ڈار نے کہا کہ وعدے کے مطابق بل پہلے سینیٹ میں لے کر آئے،تاریخی بل کے منظور ہونے پر ایوان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے وقت 2 تجاویز تھی کہ ہزارہ پختونخوا یا خیبر پختونخوا نام دیا جائے،دونوں تجاویز اے این پی کو دی گئیں، پھر صوبے کا نام خیبر پختونخوا تجویز ہوا۔

بقیہ 15

اس کی توثیق کی۔خط میں کہا گیا کہ یہ پیغام عام حالات میں نہیں بلکہ ان حالات میں لکھا جا رہا ہے جو 1956 میں سپریم کورٹ کے قیام کے بعد سے اب تک ادارے کے لیے سب سے بڑا خطرہ بنے ہوئے ہیں۔اس خط میں 27ویں آئینی ترمیمی ایکٹ کو وفاقی اپیلیٹ کورٹ کے ڈھانچے میں سب سے بڑی اور بنیادی تبدیلی قرار دیا گیا جو 1935 کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے نفاذ کے بعد پہلی بار سامنے آئی ہے۔وکلا اور جج صاحبان نے خط میں کہا کہ ہم یہ بات بغیر کسی ہچکچاہٹ کے کہتے ہیں کہ پاکستان کی تاریخ میں کسی سول یا فوجی حکومت نے کبھی یہ کوشش نہیں کی، یا کامیاب نہیں ہوئی کہ سپریم کورٹ کو ماتحت عدالت بنا دے اور اس سے مستقل طور پر اس کا آئینی دائرہ اختیار چھین لے جیسا کہ مجوزہ (27ویں آئینی ترمیمی ایکٹ 2025) کے ذریعے کیا جا رہا ہے۔خط میں کہا گیا کہ اگر آپ (چیف جسٹس)، اس بات سے اتفاق رکھتے ہیں کہ یہ مجوزہ ترمیم سپریم کورٹ کی تشکیل کے بعد سے سب سے بڑی اور انقلابی تبدیلی ہے تو ہم مؤدبانہ طور پر گزارش کرتے ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ آپ فل کورٹ میٹنگ طلب کریں تاکہ اس مجوزہ ترمیمی ایکٹ پر بحث کی جا سکے اور وفاقی حکومت کو مناسب تجاویز اور آراء دی جاسکیں۔قانونی ماہرین نے زور دیا کہ ہم مؤدبانہ طور پر عرض کرتے ہیں کہ سپریم کورٹ کو کسی بھی مجوزہ آئینی ترمیم پر وفاقی حکومت کو اپنی رائے دینے کا مکمل حق اور اختیار حاصل ہے، یہ مجوزہ قانون سازی سپریم کورٹ کے بنیادی ڈھانچے،اس کی آئینی حیثیت،اور انصاف فراہم کرنے کی ذمہ داری میں انقلابی تبدیلیاں لا رہی ہے۔خط میں فوری فل کورٹ اجلاس بلانے کا مطالبہ دہرایا گیا۔کہا گیا کہ اگر یہ درخواست اس جواز کے تحت مسترد کردی جاتی ہے کہ عدالت کو غیر جانبدار رہنا چاہیے یا قانون سازی میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے، جو وجوہات ہم غیر معقول سمجھتے ہیں،تو کم از کم ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ تحریری طور پر تسلیم کریں گے کہ آپ پاکستان کے آخری چیف جسٹس بننے پر رضامند ہیں اور یہ بھی کہ آپ سپریم کورٹ آف پاکستان کے بطور اعلیٰ ترین عدالتی ادارے کے خاتمے کو تسلیم کر چکے ہیں۔خط میں مزید کہا گیا کہ اگر آپ اس حقیقت کا اعتراف کرلیں،تو ہم آپ سے یہ توقع نہیں رکھیں گے کہ آپ سپریم کورٹ کے دفاع میں کوئی کردار ادا کریں گے۔چونکہ یہ معاملہ انتہائی عوامی اہمیت کا حامل ہے،اس لیے خط میں یہ بھی درخواست کی گئی کہ اس کی ایک نقل میڈیا کو فراہم کی جائے۔فیصل صدیقی اور ریٹائرڈ ججوں مشیر عالم اور ندیم اختر کے علاوہ، اس خط کی توثیق سابق اٹارنی جنرلز منیر اے ملک، انور منصور خان، سابق صدور سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن عابد ایس زبیری، علی احمد کرد، محمد اکرم شیخ، کنرانی بی امان اللہ، اور سپریم کورٹ کے وکلا خواجہ احمد حسین، صلاح الدین احمد، اور شبنم نواز اعوان نے بھی کی۔

بقیہ 16

اور جسٹس عقیل عباسی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے ڈاکٹر اعظم علی کی ترقی سے متعلق کیس کی سماعت کی۔درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ان کے موکل کو نظرانداز کرتے ہوئے جونیئر افسران کو ترقی دی گئی۔جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ ہمیں دستاویزات سے دکھائیں کہ واقعی جونیئرز کو ترقی دی گئی اور آپ کے مؤکل کو نظرانداز کیا گیا۔سماعت کے دوران جسٹس منصور علی شاہ نے دلچسپ انداز میں کہا کہ ’اگر کوئی بہت مشکل سوال ہے تو ہم وفاقی آئینی عدالت بھجوا دیتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم تو ویسے بھی بیچارے ایسے ہی ہیں یہاں‘، جس پر کمرہ عدالت میں قہقہے گونج اٹھے۔بعد ازاں عدالت نے درخواست مسترد کردی۔

بقیہ 17

ادا کر رہا ہے۔واضح رہے کہ ترکیہ اور قطر کی میزبانی میں اسلام آباد اور کابل کے درمیان مذاکرات کے کئی دور ہو چکے ہیں۔

بقیہ 18

سینئر پولیس آفیسر محمد علی گنڈاپور پورا ایڈیشنل آئی جی ایلیٹ فورس خیبر پختونخوا تعینات کر دیے گئے۔وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے جاری اعلامیہ کے مطابق محمد حسین کو ڈی آئی جی کرائم اینڈ انویسٹی گیشن خیبر پختونخوا تعینات کر دیا گیا۔وزیراعلیٰ کی جانب سے مذکورہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 19

سے سروے کرایا ہے، چاول کی فصل میں 11 فیصد تک کمی ہوئی ہے، ربیع میں کسان کا نقصان پورا کرنے کے لئے انہیں بیج، کھاد مفت دے رہے ہیں اور 100 ارب روپے بلاسود قرض بھی کاشتکاروں کو دیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ سیلاب سے غذائی اجناس کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ صوبوں کے پاس اپنی ضرورت کی گندم پڑی ہے،وفاق کے پاس سٹوریج اسی لئے ہوتی ہے کہ جس صوبے کے پاس کمی ہو اسے دیں۔انہوں نے کہا کہ کے پی نے 8 لاکھ ٹن گندم کی کمی کی بات کی جس پر ہم نے انہیں پیشکش کی کہ وہ اپنی ڈیمانڈ بتائیں اور گندم لے جائیں جس پر انہوں نے پہلے ایک لاکھ ٹن کی بات کی تاہم ابھی تک صوبہ کی طرف سے کوئی ڈیمانڈ موصول نہیں ہوئی۔وفاق صوبے کو جتنی گندم چاہیے فوری دینے پر تیار ہے۔

بقیہ 20

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اپیل پر سماعت کی۔ ایڈیشنل آئی جی انویسٹیگیشن پنجاب شہزادہ سلطان احمد بھی پنجاب حکومت کے لاء افسر کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔فوڈ اتھارٹی کے وکیل سے استفسار کیا کہ اتھارٹی جو سامان ضبط کرتی ہے، وہ پولیس کے حوالے کیوں نہیں کیا جاتا؟ کیا فوڈ اتھارٹی کے اپنے قواعد وضوابط (ریگولیشنز) بنائے گئے ہیں؟ ۔جسٹس فاروق حیدر نے ریمارکس دیئے کہ اگر مال مقدمہ تلف کر دیا جائے اور بعدازاں ملزم بری ہوجائے تو وہ اپنا مال کہاں سے واپس لے گا؟۔عدالت نے مشاہدہ کیا کہ فوڈ اتھارٹی والے بغیر عدالتی کارروائی کے ہی پکڑا گیا دودھ اور گوشت ضائع کر دیتے ہیں جبکہ اس دوران میڈیا پر فوٹیجز اور ٹکرز بھی چلا دیئے جاتے ہیں۔جسٹس محمد طارق ندیم نے ریمارکس دیئے کہ جب کیس پراپرٹی ہی ضائع ہوجائے تو عدالت کسی ملزم کو سزا کیسے سنا سکتی ہے۔جسٹس محمد طارق ندیم نے نارکوٹکس قوانین کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہاں ضبط شدہ مال کو ضائع کرنے سے پہلے عدالت کی اجازت ضروری ہوتی ہے،اسی طرح کا طریقہ کار فوڈ اتھارٹی کو بھی اپنانا چاہیے۔ایڈیشنل آئی جی انویسٹیگیشن شہزادہ سلطان احمد نے عدالت کی آبزرویشن سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ فوڈ اتھارٹی کو مالِ مقدمہ ضائع نہیں کرنا چاہیے، پولیس کو کیس پراپرٹی دیئے بغیر مکمل ریکوری ممکن نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عدالت کی نشاندہی درست ہے اور فوڈ اتھارٹی کو قانون کے دائرے میں رہ کر کارروائی کرنی چاہیے۔جسٹس فاروق حیدر نے ریمارکس دیئے کہ شک ہے کہ فوڈ اتھارٹی بعض کارروائیوں میں تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 201 کی زد میں نہ آجائے کیونکہ مالِ مقدمہ کو تلف کرنا قانونی طور پر سنگین معاملہ ہے۔عدالت نے مشاہدہ کیا کہ فوڈ اتھارٹی کے مقدمات میں سزائیں ناکافی ہیں،بعض جرائم پر صرف دو یا چھ ماہ کی سزا لکھی ہوئی ہے، جو مضر صحت دودھ اور گوشت فروخت کرنے جیسے سنگین جرم کے لیے ناکافی ہے۔عدالت نے فوڈ اتھارٹی کو ہدایت دی کہ آئندہ پکڑے گئے دودھ اور گوشت کو خودمختار لیبارٹری سے چیک کروایا جائے تاکہ شفافیت برقرار رہے۔جسٹس فاروق حیدر نے ریمارکس دیئے کہ یہ انتہائی اہم عوامی مفاد کا کیس ہے، اس پر بڑا بینچ تشکیل دینا ضروری ہے۔عدالت نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے دودھ اور گوشت ضائع کرنے سے متعلق اقدامات پر لارجر بینچ بنانے کی سفارش کرتے ہوئے کیس فائل چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوادی۔اس درخواست میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مجسٹریٹ کے اس حکم کے خلاف دائر کی گئی تھی جس میں ملزم کو ضبط شدہ سامان سپرداری پر دینے کا حکم دیا گیا تھا۔

بقیہ 21

پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔مجرمان محمد عمران اور جاوید اقبال نے عمر قید کی سزا کے خلاف عدالت عالیہ لاہور میں اپیل کی تھی، ان سے 9، 9 کلو ہیروئن برآمد ہوئی تھی، ٹرائل کورٹ نے دونوں مجرمان کو عمر قید کی سزائیں دیں۔عدالت نے حیرت کا اظہار کیا کہ ڈھائی سال میں معافی کی مد میں مجرمان کو 11 سال کی رعایت دی گئی، یہاں چھوٹے چھوٹے جرائم میں لوگ کئی کئی سال تک جیلوں میں پڑے رہتے ہیں۔عدالت عالیہ لاہور نے کہا کہ ڈھائی سال بعد 9، 9 سال کی سزا معافی دے کر 13 سال کی سزا مکمل کر دی اور استفسار کیا کہ چھوٹی سزا والوں کو ایسی معافیوں میں کوئی رعایت نہیں ملتی۔اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے وکیل نے کہا کہ جیل افسران کو طلب کر کے پوچھا جائے کہ انہوں نے مجرمان کو سزا میں معافی کیسے دی۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ جتنی زیادہ مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں، اسی اسپیڈ سے معافی دی گئی، تمام سزا یافتہ مجرمان جیلوں میں مشقت کرتے ہیں لیکن سب کو معافیوں کی سہولت نہیں ملتی۔وکیل صفائی نے کہا کہ مجرمان سزا کے بعد جیل کی فیکٹریوں میں کام کر رہے ہیں، ان کے موکل بریت نہیں چاہتے، صرف سزاوں میں کمی کی استدعا ہے۔لاہور ہائیکورٹ نے کیس کی سماعت 24 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 22

اور وہی پرانی باتیں دہرا کر خاموش ہو جاتے ہیں۔اگر کام فروری یا مارچ سے شروع کیا جاتا تو آج عوام سموگ سے اس قدر متاثر نہ ہوتے۔عدالت نے ڈیجیٹل بورڈز اور پارکوں میں تجارتی سرگرمیوں پر برہمی کیا۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ لاہور شہر میں لگائے گئے ڈیجیٹل ایڈورٹائزنگ بورڈز پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا یہ بورڈز نہ صرف ٹریفک میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں بلکہ شہر کی خوبصورتی کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔اسی دوران جسٹس شاہد کریم نے پی ایچ اے کی جانب سے پارکوں میں باربی کیو ریسٹورنٹس اور پیڈل کورٹس کے قیام پر بھی سخت برہمی کا اظہار کیا۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس کہ قانون سے ہٹ کر پارکس کو آمدنی کا ذریعہ نہیں بنایا جاسکتا۔ پارک عوام کے لیے تفریحی مقامات ہیں، تجارتی سرگرمیوں کے لیے نہیں۔عدالت نے یہ بھی استفسار کیا کہ پیڈل کورٹ کے لیے کتنی جگہ درکار ہوتی ہے؟۔پی ایچ اے کے وکیل نے جواب دیا کہ تقریباً دو کنال زمین درکار ہوتی ہے۔جسٹس شاہد کریم نے مزید ریمارکس کہ آٹھ کنال کے پارک میں سے دو کنال پر کورٹ بنانا پارک کے ماحول کو تباہ کرنے کے مترادف ہے۔عدالت نے محکمہ ماحولیات کی کارکردگی پر بھی شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ محکمہ ماحولیات بھی بیمار ہو گیا ہے، ابھی تک جاگے نہیں۔ دھواں چھوڑتی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کب شروع ہوگی؟۔سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پنجاب بھر میں 46 مقامات پر چیکنگ پوائنٹس قائم کیے جا چکے ہیں ا

اساتذہ کو جبری تبادلوں اور سرپلس پالیسی نے ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا، قاضی عمران

حکومت استاد دوست پالیسیاں اپنائے، پنجاب ٹیچرز یونین اساتذہ کے ساتھ کھڑی ہے

جب تک اساتذہ سکون سے تدریس نہیں کریں گے، تعلیمی معیار بہتر نہیں ہو سکتا: صدر پی ٹی یو

پنجاب بھر میں اساتذہ کو متحد کرنے کی کوششیں جاری ہیں، قاضی عمران کا تنظیمی دورہ مکمل

مفاد پرست عناصر تنظیم کو نقصان نہیں پہنچا سکتے، پنجاب ٹیچرز یونین پہلے سے زیادہ مضبوط ہے

اگیگا میں دھڑے بندی ختم کرنے کی کوششیں جاری، جلد سرکاری ملازمین متحد ہوں گے

راولپنڈی (انوار الحق مغل سے) پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر قاضی محمد عمران نے کہا ہے کہ حکومت اور افسران کی ناقص پالیسیوں کے باعث پنجاب بھر کے اساتذہ شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ سرپلس کے نام پر اساتذہ کو ذہنی اذیت میں مبتلا کیا جا رہا ہے جبکہ جبری تبادلوں نے انہیں ذہنی مریض بنانا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر ان غیر منصفانہ پالیسیوں کو ختم کر کے استاد دوست پالیسیاں متعارف کروائے، کیونکہ جب تک اساتذہ سکون اور اطمینان کے ساتھ تدریسی فرائض انجام نہیں دیں گے تب تک بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری ممکن نہیں۔ پنجاب ٹیچرز یونین صوبے بھر کے اساتذہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور کسی کو بھی ان کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات اپنے پہلے تنظیمی دورے کے بعد واپسی پر روزنامہ پنڈی ٹوڈے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ قاضی عمران کے مطابق انہوں نے لاہور، گوجرانوالہ، چنیوٹ، ساہیوال، اوکاڑہ، فیصل آباد اور جھنگ کے مختلف سکولوں کا دورہ کیا جہاں ان کی ملاقات مقامی اساتذہ رہنماؤں اور ایپکا کے قائدین سے ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں اساتذہ کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پنجاب ٹیچرز یونین شروع دن سے آج تک اساتذہ کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔ قاضی عمران نے کہا کہ کچھ مفاد پرست عناصر نے من پسند اور خود ساختہ قیادت کے ذریعے تنظیم کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، مگر آج بھی یہ تنظیم مضبوط اور متحد ہے آل

ایڈیشنل سیکرٹری سکول وزیر علی آغا صاحب سے مرکزی صدر قاضی محمد عمران و دیگر قائدین کی ملاقات، اساتذہ مسائل کے حوالے سے گفتگو

گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس (اگیگا) کے مشترکہ اور مضبوط پلیٹ فارم بھی دھڑا بندی کا شکار ہے جس کو متحد کرنے کیلئے کوشاں ہیں متفقہ لائحہ عمل کیلئے قیادت کے اختیار کور کمیٹی کے حوالے کرنے کی تجویز پر عمل کرنے کی ضرورت ہے اس کیلئے اگیگا پاکستان کے چیف کوآرڈینیٹر رجان علی باجوہ اور پنجاب کی قیادت کے درمیان غلط فہمیوں کے خاتمے کیلئے جدوجہد جاری ہے اور جلد ملازمین پھر ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوں گے صدر پی ٹی یو نے

ڈائریکٹر مانیٹرنگ رانا عبدالقیوم صاحب کے ساتھ صدر مرکزیہ قاضی محمد عمران و دیگر قائدین کی ریشنلائزیشن، پروموشن و دیگر مسائل پر تفصیلی گفتگو

پنجاب اسمبلی میں اساتذہ کی بھرپور نمائندگی پر ممبر صوبائی اسمبلی شوکت عزیز بھٹی کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے جبری تبادلوں اور انٹر ڈسٹرکٹ تبادلوں کے دوران ہونے والی امتیازی سلوک پر اساتذہ کا مقدمہ اسمبلی فورم پر پیش کیا۔

آج سنٹرل پولیس آفس پشاور میں منعقدہ ایک تقریب

سنٹرل پولیس آفس پشاور میں آئی ٹی کے شعبے سے وابستہ افسران واہلکاران کو بہترین کارکردگی پر انعامات سے نوازا گیا

پشاور (اشتیاق نور سے) انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے آج سنٹرل پولیس آفس پشاور میں منعقدہ ایک تقریب میں پشاور، بنوں، ڈی آئی خان اور لوئر دیر کے پولیس افسران و جوانان کو دہشت گردوں، ٹارگٹ کلرز، قتل واقدام قتل اور ہنر نی کے خلاف مختلف کارروائیوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے تفصیلات کے مطابق پشاور پولیس کی سپیشل انوسٹی گیشن ٹیم نے صفدر خان پی اے ایس آئی کے اندھے قتل کیس میں جدید سائنسی خطوط پر تفتیش کر کے ملوث ملزمان تک رسائی حاصل کر کے ان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی تھی اور وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کیا تھا۔ اسی طرح پشاور پولیس کے ابابیل سکواڈ نے مختلف تھانہ جات کو قتل، اقدام قتل اور سنیچنگ میں ملوث افغانستان سے تعلق رکھنے والے خطرناک ملزم کو نہایت حکمت عملی سے گرفتار کر کے اسلحہ اور وقوعہ میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل بھی برآمد کیا تھا۔ اسی طرح بنوں پولیس نے ایف سی لائنز بنوں پر دہشت گردوں کے حملے کے دوران غیر معمولی جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ پولیسنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کئی دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا تھا۔ اسی طرح ڈی آئی خان پولیس نے 10 اکتوبر 2025 کو پولیس ٹریننگ سکول ڈیرہ اسماعیل خان پر ہونے والے دہشت گردوں کے ہلکے و بھاری اور خودکش حملے کا دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کو جہنم واصل کیا تھا جبکہ ہلکے و بھاری ہتھیار، ہینڈ گرنیڈ اور وائرلیس سیٹ بھی قبضہ کئے تھے۔ اسی طرح لوئر دیر پولیس نے اندھے قتل کا مختصر مدت میں سائنسی خطوط پر تفتیش کر کے ملوث ملزمان تک رسائی حاصل کی تھی۔ جبکہ سنٹرل پولیس آفس پشاور میں آئی ٹی کے شعبے سے وابستہ افسران واہلکاران کو بہترین کارکردگی پر انعامات سے نوازا گیا

آر پی او ساہیوال کھلی کچھریاں

کھلی کچہری کا مقصد عوام کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

اوکاڑہ (داؤد راجپوت) آر پی او ساہیوال محبوب رشید کا ضلع اوکاڑہ میں کھلی کچہریوں کا انعقاد ڈی پی او راشد ہدایت سمیت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز شریک ایک ہی روز میں دو مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں لگائی گئیں اظہر ریزیڈنس (علاقہ تھانہ بی ڈویژن) عجوہ پیلس (علاقہ تھانہ طیب سعید شہید) میں کھلی کچہریاں منعقد کھلی کچہریوں میں خواتین و مردوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی شہریوں نے مسائل براہِ راست آر پی او کو پیش کیے، انکے قانونی حل کے لیے فوری احکامات جاری شہری بلا جھجک آر پی او آفس میں بھی مسائل پیش کر سکتے ہیں، روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوتا ہے کھلی کچہری کا مقصد عوام کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا

35 ویں نیشنل گیمز کراچی 2025 کیلئے اسلام آباد بیس بال ٹیم کے ٹرائلز مکمل ہو گئے

ٹرائلز دو روز جاری رہے جن میں پچاس سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) 35 ویں نیشنل گیمز کراچی 2025 کیلئے اسلام آباد بیس بال ٹیم کے ٹرائلز مکمل ہو گئے اور اب منتخب کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ اسلام آباد میں لگایا جائے گا۔ اسلام آباد بیس بال ایسوسی ایشن کے نائب صدر منظر شاہ نے بتایا کہ ٹرائلز دو روز جاری رہے جن میں پچاس سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ ایسوسی ایشن کے صدر عارف شہزاد اور کوچ طاہر محمود نے ٹریننگ کیمپ کے لئے 24 کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جن کا آئندہ ہفتے سے آئی ایٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں کیمپ لگایا جائے گا اور انہی میں سے بہترین کارکردگی کے حامل 14 کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم نیشنل گیمز کے لئے منتخب کیا جائے گی جو 6 تا 13 دسمبر 2025 کراچی میں منعقد ہونے والے قومی کھیلوں میں حصہ لے گی۔

گوجر خان کے علاقہ میں ایک شخص کی خودکشی کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی کا نوٹس

ایس پی صدر سے خودکشی کے محرکات پر رپورٹ طلب

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) گوجر خان کے علاقہ میں ایک شخص کی خودکشی کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی کا نوٹس، ایس پی صدر سے خودکشی کے محرکات پر رپورٹ طلب، ایس پی صدر انعم شیر موقع پر موجود ہیں، قتل/خودکشی کے محرکات کو سامنے لاتے ہوئے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان کے علاقہ میں ایک شخص کی خودکشی کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لے لیا، سی پی او نے ایس پی صدر سے خودکشی کے محرکات پر رپورٹ طلب کرلی، ایس پی صدر انعم شیر موقع پر موجود ہیں، چند روز قبل مذکورہ شخص کی اہلیہ کی وفات پر قتل و دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے تین افراد کو گرفتار کیا گیا تھا، تینوں گرفتار افراد 7 روزہ ریمانڈ پر پولیس حراست میں ہیں جن سے تفتیش کی جا رہی ہے، سی پی او کی ایس ایس پی انوسٹیگیشن کو مقدمہ کی میرٹ پر تفتیش اور خودکشی کے محرکات پر تحقیقات کا حکم، قتل/خودکشی کے محرکات کو سامنے لاتے ہوئے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں

3 منشیات سپلائر گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 3 منشیات سپلائر گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جائے رہے ہیں۔

راولپنڈی پولیس کی جواء کھیلنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں

تاش کے پتوں اور مرغوں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 18 افراد گرفتار

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی پولیس کی جواء کھیلنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں، تاش کے پتوں اور مرغوں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 18 افراد گرفتار، داؤ پر لگی رقم 51 ہزار 640 روپے، 17 موبائل فون، تاش کے پتے اور مرغے قبضہ پولیس میں لے لیے گئے، تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 11 افراد کو گرفتار کر لیا، داؤ پر لگی رقم 39 ہزار 200 روپے، 9 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد، رتہ امرال پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کی موجودگی کی اطلاع پر ریڈ کیا تھا، جواء کھیلنے والے افراد پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی اشتہاری کو فرار کروا دیا، دھمیال پولیس نے مرغوں کی لڑائی پر جواء کھیلنے والے 7 افراد کو گرفتار کر لیا، داؤ پر لگی رقم 12 ہزار 440 روپے، 8 موبائل فون اور مرغے قبضہ پولیس میں لے لیے گئے، قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے۔

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں

06 افراد کو حراست میں لے کر 27 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 06 افراد کو حراست میں لے کر 27 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 17 لیٹر شراب برآمد کی، چکلالہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 01 بوتل شراب برآمد کی، ریس کورس پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا پہلا ون ڈے میچ

سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی و ٹریفک انتظامات

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا پہلا ون ڈے میچ، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی و ٹریفک انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 5500 سے زائد افسران سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سی پی او، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 350 سے زائد ٹریفک افسران فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران فیلڈ میں سیکورٹی پر مامور فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، کرکٹ ٹرائی سیریز کے لئے فول پروف سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان بمقابلہ سری لنکا پہلا ون ڈے میچ، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس کے 5500 سے زائد افسران سیکورٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے 350 سے زائد ٹریفک افسران فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران فیلڈ میں سیکورٹی پر مامور فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں

فقیر آباد پولیس کی دلیرانہ اور کامیاب کارروائی

تاوان کیلئے اغواء کیا گیا تاجر بحفاظت بازیاب، اغواء کار گروہ گرفتار

پشاور (اشتیاق) فقیر آباد پولیس نے بروقت اور مؤثر کارروائی کے دوران تاوان کیلئے اغواء ہونے والے تاجر کو بحفاظت بازیاب کراتے ہوئے اغواء کار گروہ کے تین ملزمان کو پولیس مقابلہ کے بعد گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان پشاور کے نواحی علاقے سفید سنگ ریگی کے رہائشی ہیں تفصیلات کے مطابق مدینہ کالونی کے رہائشی تاجر بلال ولد نذیر خان کو گزشتہ ہفتے اُس وقت گاڑی میں ڈال کر اغواء کیا گیا جب وہ اپنی لیدر کی دکان بند کر کے گھر واپس جا رہا تھا۔ بعد ازاں اغواء کاروں نے غیر ملکی نمبر کے ذریعے مغوی کے اہلخانہ سے چار کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا۔ واقعہ کے حوالے سے مغوی کے بھائی مدعی اکرام خان ولد نذیر نے مورخہ 5 نومبر 2025 کو تھانہ فقیر آباد میں نامعلوم ملزمان کے خلاف رپورٹ درج کرائی افسرانِ بالا نے نوٹس لیتے ہوئے مغوی کی فوری بازیابی اور ملوث عناصر کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی۔ ایس پی فقیر آباد ڈویژن محمد ارشد خان کی نگرانی میں ڈی ایس پی فقیر آباد سرکل اعجاز نبی خان، ایس ایچ او تھانہ فقیر آباد بلال حسین اور تفتیشی افسر کامران مروت پر مشتمل خصوصی ٹیم نے جدید سائنسی خطوط پر تفتیش کرتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگایا اور مختلف علاقوں میں مؤثر کارروائی کے دوران نہایت حکمت و دلیری سے مغوی کو بحفاظت بازیاب کراتے ہوئے تین اغواء کاروں کو پولیس مقابلہ کے بعد گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت حماد، اسد پسران اشرف اور ذلفان ولد تاج محمد ساکنان سفید سنگ ریگی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم اسد مغوی تاجر کے کاروبار میں بطور منشی کام کرتا تھا اور تقریباً دس ماہ قبل ملازمت چھوڑ چکا تھا۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے غیر ملکی سم کارڈ اور موبائل فون بھی برآمد کر لیا گیا ہے جو تاوان طلبی میں استعمال کیا گیا تھا گرفتار ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی بارادہ قتل فائرنگ کی، اور فائرنگ کے دوران اپنے ہی ساتھیوں سے ملزم ذلفان لگ کر زخمی ہو گیا ملزمان نے دورانِ تفتیش اپنے دیگر ساتھیوں کے نام بھی اگل دیئے ہیں جن کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ مغوی تاجر کے اہلخانہ نے بحفاظت بازیابی اور ذمہ داروں کی گرفتاری پر فقیر آباد پولیس اور کیپٹل سٹی پولیس پشاور کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

جوڈیشل کمپلیکس کے باہر خود حملہ ہمارے دشمن کی بزدلانہ کارروائی ہے

دہشتگردوں کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو ڈھونڈ نکال کر قانون کی گرفت میں لایا جائے

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) جوڈیشل کمپلیکس کے باہر خود حملہ ہمارے دشمن کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ دہشتگردوں کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو ڈھونڈ نکال کر قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ خودکش دہشتگرد کے سر کی شناخت کر کے مجرمین ملک و ملت تک پہنچا جائے۔ سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین سید نیر حسین بخاری۔ انچارج سینٹرل سیکرٹریٹ سید سبط الحیدر بخاری، مرکزی اقلیتی رہنماء راشد چوہان، رکن پنجاب اسمبلی نرگس فیض ملک اور ضلعی صدر اسلام آباد راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ نے جوڈیشل کمپلیکس کے باہر ہونے والے خودکش حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی مغفرت اور درجات کی بلندی سمیت زخمیوں کے جلد صحتیاب ہونے کیلئے دعا گو ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہندوستانی سپانسرڈ دیشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ دھماکے کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل سیکرٹریٹ انچارج سید سبط الحیدر بخاری پمز ہسپتال پہنچ گئے جہاں زخمیوں کی عیادت کرتے ہوئے دہشت گرد واقعے کی مذمت کی انکا کہنا تھا کہ ہمارا بزدل دشمن نہتے اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنا کر دنیا میں اپنا مکروہ چہرہ نے نقاب کروا رہا ہے۔ راشد چوہان نے کہا کہ اقلیتی و مسیحی برادری دکھ کی اس گھڑی میں شہداء و زخمیوں کے لواحقین اور پوری قوم کیساتھ کھڑی ہے۔ راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم دشمن کی اس بزدلانہ کارروائیوں سے مرعوب ہونے والے نہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی رہنماؤں نے جوڈیشل کمپلیکس خودکش دھماکے پر اپنے رہنماؤں اور کارکنان کی جانب سے زخمیوں کو خون کے عطیات سمیت ہر قسم کی امداد اور تعاون کیلئے ہدایات جاری کرتے ہوئے اپنی مکمل استقامت اکے عزم کا اظہار کیا

سیرت النبی ﷺ کے عنوان پر سپر سٹار آف چکوال تحصیل لیول پر طلباء و طالبات میں انگلش و اردو تقاریر کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا

جس میں تحصیل بھر سے درجنوں پرائیوٹ سکول و کالجز و مدارس کے طلباء و طالبات نے شرکت کی

کلر کہار (اسرار چلہ) سیرت النبی ﷺ کے عنوان پر سپر سٹار آف چکوال تحصیل لیول پر طلباء و طالبات میں انگلش و اردو تقاریر کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا جس میں تحصیل بھر سے درجنوں پرائیوٹ سکول و کالجز و مدارس کے طلباء و طالبات نے شرکت کی، تقریب کلر کہار کے معروف تعلیمی ادارے یونیک سکول میں منعقد کی گئی، تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار محمد افضال تھے جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں چیف آفیسر کلر کہار محمد یاسر قیوم، ضلعی صدر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن چکوال صفدر ملک، کرنل عامر پرنسپل فوجی فاؤنڈیشن انٹر کالج کلر کہار، شیخ محمد سلمان ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر کلر کہار، ملک محمد اسحاق ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول بھٹی گجر، خاور عباس، ملک نور حسین، ملک عارف، ملک ساجد اقبال پرنسپل اپٹیکس کالج، ملک طارق پرنسپل صفہ کالج، ملک محمد لطیف پرنسپل شاہین اکیڈمی میانی اڈہ سمیت سکول مالکان، پرنسپلز، ٹیچرز، والدین اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب میں طلباء و طالبات نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے اردو اور انگلش میں تقاریر پیش کیں اور حاضرین کے دل موہ لیئے، جج صاحبان نے پوزیشن ہولڈر طلباء و طالبات کے ناموں کا اعلان بھی کیا، حاضرین نے مقررین کو خوب داد بھی دی۔

جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بچوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے تحصیل بھر کے پرائمری اور مڈل سکولوں میں ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن کلاسز کا آغاز کر دیا گیا

اس وقت تک تحصیل بھر کے 80 فیصد سکولوں میں چھوٹے بچوں کے لیے یہ سہولت مہیا کر دی گئی ہے

حسن ابدال (رفیق قادری سے) جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بچوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے تحصیل بھر کے پرائمری اور مڈل سکولوں میں ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن کلاسز کا اغاز کر دیا گیا ہے۔ اس وقت تک تحصیل بھر کے 80 فیصد سکولوں میں چھوٹے بچوں کے لیے یہ سہولت مہیا کر دی گئی ہے۔ بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے گئے ان خوبصورت کمروں میں ایل ای ڈی رنگین فرنیچر مختلف قسم کے ٹوائز رکھے گئے ہیں۔ جن کے ذریعے بچے دلچسپی کے ساتھ تعلیم کی طرف راغب ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی ڈی ای او ایجوکیشن تحصیل حسن ابدال راؤ غلام قادر نے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کا دورہ کرنے والی تحصیل پریس کلب حسن ابدال کی ٹیم کو ان خصوصی رومز کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے ای سی ای رومز کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہاں پر چھوٹی عمر کے بچوں کے لیے جدید فرنیچر رنگین کھلونے اور پلے ایریا بنایا گیا ہے۔ جہاں پر مختلف سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ ڈپٹی ڈی ای او کا کہنا تھا کہ کیڈٹ کالج۔ تاس ﷺ پوڑ میانہ ترکھان موہڑہ سمیت کثیر تعداد میں سکولوں میں چھوٹے بچوں کے لیے یہ سہولت مہیا کر دی گئی ہے۔ جبکہ حصار۔ کوہلیہ اور جہان آباد سمیت دیگر کئی سکولوں میں سولر سسٹم بھی نصب کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کام حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق اٹک CEO DEA ڈاکٹر محمد اظہر اور DEO اٹک سید تقی عباس کی نگرانی میں پایہ تکمیل تک پہنچ رہا ہے۔

پاکستان کی تاریخ کا قبائلی اضلاع کے لیے سب سے بڑا ترقیاتی پیکج!

ضم شدہ قبائلی اضلاع انشاء اللہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کا نیا محور بن کر ابھریں گے

استحکام کا نیا محور بن کر ابھریں گے

کرم) نمائندہ خصوصی) پاکستان کی تاریخ کا قبائلی اضلاع کے لیے سب سے بڑا ترقیاتی پیکج!۔ پارٹی چیئرمین عمران خان کے ویژن اور۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی عملی قیادت میں ضم قبائلی اضلاع کی تقدیر بدلنے والا ایک ہزار ارب روپے کا تاریخی منصوبہ اس انقلابی پراجیکٹ کے تحت: تعلیم: نئے اسکولز، کالجز اور ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس صحت: جدید اسپتال، کلینکس اور موبائل ہیلتھ یونٹس انفراسٹرکچر: سڑکیں، پل اور صاف پانی کے منصوبے روزگار: نوجوانوں کیلئے اسکل ڈیولپمنٹ اور ٹریننگ پروگرامز کھیل: اسپورٹس کمپلیکس اور گراؤنڈز کی تعمیر پولیس و امن و امان: پولیس ریفارمز، جدید تربیت اور سکیورٹی سسٹم معاشی استحکام: کاروباری مراکز اور ترقی کے نئے مواقع توانائی: ٹرانسمیشن لائن، فیڈرز، سولر سسٹم اور سولر گرڈز قبائلی عوام نے ہمیشہ پاکستان سے بے مثال وفاداری اور حب الوطنی کا ثبوت دیا۔ یہ تاریخی منصوبہ دہائیوں کی محرومیوں کے ازالے اور نوجوانوں کے لیے روشن مستقبل کی بنیاد رکھے گا۔ ضم شدہ قبائلی اضلاع انشاء اللہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور

نوجوان نسل کی کردار سازی کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے

نوجوان نسل کی کردار سازی کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ صحت مندانہ کھیلوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے

ہنگو) محمد خالق اور کزبی سے) نوجوان نسل کی کردار سازی کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند ڈی پی او ہنگو و چیئرمین بورڈ آف گورنرس ہنگو پبلک سکول اینڈ کالج، خان زیب مہمند نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کی کردار سازی کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ صحت مندانہ کھیلوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے، کیونکہ کھیل ایک صحت مند، متوازن اور توانا معاشرے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے مزید کہا کہ ہنگو پبلک سکول اینڈ کالج کی تاریخ نمایاں کامیابیوں سے عبارت ہے۔ یہاں کے طلباء و طالبات نے تعلیمی میدان کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، اور آج وہ مختلف شعبہ جات میں ملک و قوم کی خدمت کر رہے ہیں۔ انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ کامیابی کا واحد زریعہ مسلسل محنت، لگن اور نظم و ضبط ہے۔ تعلیم اور کھیل دونوں میدانوں میں وہی کامیاب ہوتا ہے جو ہار ماننے کے بجائے اپنی کوشش جاری رکھتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ادارے کی انتظامیہ کی جانب سے ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔ آخر میں ڈی پی او ہنگو نے ہنگو پبلک سکول اینڈ کالج کو ایک مثالی تعلیمی ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پولیس اور تعلیمی ادارے مل کر نوجوان نسل کی مثبت تربیت اور کردار سازی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

چکوال ہم بے آوازوں کی آواز کے محافظ ٹی میرج ہال کے قریب ایک معصوم لڑکے کے ساتھ ہونے والی ظلم اور درندگی کی خبر جب سامنے آئی تو مظلوم خوف اور دھمکیوں کے سائے میں تھا

ہم ایس ایچ او رافیع کی جرات، فرض شناسی اور انسانیت پر مبنی بروقت اقدام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

چکوال (فاسٹ میڈیا گروپ بیورو چیف ملک حسن فردوس) تفصیلات کے مطابق معاملہ سامنے آتے ہی ایس ایچ او رافیع نے بغیر کسی سفارش، دباؤ اور تاخیر کے فوری ایکشن لیا اور تینوں ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے سپرد کیا یہ صرف گرفتاری نہیں تھی یہ پیغام تھا مظلوم اکیلا نہیں جرم چھپایا نہیں جائے گا اور قانون سویا ہوا نہیں ہے ایس ایچ او رافیع جب سے چارج پر آئے ہیں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ان کی دبنگ اور شفاف کارروائیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر نیت صاف ہو تو پولیس ہی عوام کی ڈھال ہے ہم ایس ایچ او رافیع کی جرات، فرض شناسی اور انسانیت پر مبنی بروقت اقدام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

اساتذہ قوم کے معمار ہیں، وہی نئی نسل کو علم، شعور اور اخلاق کی روشنی دیتے ہیں

والدین گھر میں تربیت فراہم کرتے ہیں جبکہ استاد اداروں میں بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارتا ہے

ہنگو) محمد خالق اور کزبی سے) اساتذہ قوم کے معمار ہیں، وہی نئی نسل کو علم، شعور اور اخلاق کی روشنی دیتے ہیں اور ایک کامیاب و مہذب معاشرے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ والدین اور اساتذہ دونوں بچوں کی تعلیم و تربیت کے اہم ستون ہیں، ان خیالات کا اظہار پرنسپل سٹی پبلک ہنگو مڈل سکول پشاور (۔ بشارت حسین) نے صحافی سے بات کرتے ہوﷺ کہا کہ